★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | منگل 26 ربیع الاول 1446ھ یکم اکتوبر 2024ء 15 اسوج 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 350

**فرمان الٰہی**

**اللہ ایک ہے** تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

# کالے کوٹ یا کسی دھمکی میں نہیں آنا، آئینی عدالت بنانی ہے

**بلاول بھٹو**

## ججز کی تقرری کے طریقہ کار میں تبدیلی لانا ضروری ہے، ملک میں اس وقت بہت سے مسائل ہیں جن کا حل نہیں ہے

## دہشتگردی پھر سر اٹھا رہی ہے، معیشت کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ موجودہ عدالتی نظام جمہوری نہیں ہے، ہمیں نا صرف آئینی عدالت بنانی ہے بلکہ صوبائی سطح پر اصلاحات بھی کرنی ہیں، بلکہ ججز کی تقرری کے طریقہ کار میں تبدیلی لانا ضروری ہے اور اس دفعہ کالے کوٹ نہ کسی اور کی دھمکی میں آئیں گے۔ پیر کو پیپلز لائرز فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلاول نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

ملتان، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## پنجاب میں الیکشن ٹربیونلز سے متعلق الیکشن کمیشن کی اپیل منظور، لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم

### الیکشن ٹربیونلز کی تشکیل الیکشن کمیشن کا اختیار ہے، ہائی کورٹ الیکشن کمیشن کے اختیارات استعمال نہیں کر سکتی، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پنجاب میں الیکشن ٹربیونلز پر دائر اپیل پر فیصلہ سنا دیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ٹربیونلز کی تشکیل الیکشن کمیشن کا اختیار ہے، ہائی کورٹ الیکشن کمیشن کے اختیارات استعمال نہیں کر سکتی۔ سپریم کورٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

## تین ہفتوں میں میڈیکل ایمرجنسی کے کیسز کیلئے 1 ارب روپے کی منظوری دی گئی

### وزیراعظم جلد ایم ڈی تعینات کردیں گے، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت کو حکام نے بتایا ہے کہ وفاقی حکومت نے چیئرمین بورڈ بیت المال کو میڈیکل ایمرجنسی کے کیسز منظور کرنے کا اختیار دیا، گزشتہ تین ہفتوں میں میڈیکل ایمرجنسی کے 2400

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

## ملٹری آپریشنز کی ضرورت نہیں، پنجابیوں کو مار کر کیسے بلوچستان آزاد کیا جا سکتا ہے؟ وزیراعلیٰ بلوچستان

### ہماری بچیوں کو صرف ڈالر کی خاطر جنگ کے ایندھن میں دھکیلا جا رہا ہے، سرفراز بگٹی، پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ملٹری آپریشنز کی ضرورت نہیں، جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعے معصوم شہریوں کو ورغلایا جاتا ہے، ریاست بار بار ماں کا کردار ادا کر رہی ہے۔ کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم بلوچ بچیوں کی اعلیٰ تعلیم کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، ہماری بچیوں کو صرف ڈالر کی خاطر جنگ کے ایندھن میں دھکیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا پنجگور کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے اور اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، انہوں نے سوال کیا کہ پنجابیوں کو مار کر کیسے بلوچستان آزاد کیا جا سکتا ہے؟ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ معصوم لوگوں کے خون سے ہولی کھیلنا افسوسناک ہے، ریاست بار بار ماں کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

**آرٹیکل 63 اے نظرثانی کیس**

# جسٹس منیب کا لارجر بنچ میں شمولیت سے انکار

## قانون کا تقاضا ہے نظرثانی اپیل پر سماعت وہی بنچ کرے گا، سابق چیف جسٹس کی جگہ میں نے پوری کی، جسٹس اعجاز الاحسن کی جگہ جسٹس امین الدین کو شامل کیا گیا، ہم جسٹس منیب اختر سے درخواست کریں گے کہ بنچ میں بیٹھیں۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

## ہم جسٹس منیب کو راضی کرنے کی کوشش کریں گے ورنہ بنچ کی تشکیل نو ہوگی، امید ہے جسٹس منیب اختر دوبارہ بنچ میں شامل ہو جائیں گے، جسٹس منیب اختر بنچ میں شامل ہوتے ہیں یا نہیں، دونوں صورتوں میں کل کیس کی سماعت ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منیب اختر نے آرٹیکل 63 اے نظرثانی کیس میں تشکیل کردہ لارجر بنچ میں شمولیت سے انکار کر دیا، عدالت عظمیٰ نے جسٹس منیب اختر کے پیش نہ ہونے پر سماعت کل تک ملتوی کر دی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان میں آرٹیکل 63 اے کی تشریح کے فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست پر سماعت کیلئے 4 رکنی بنچ کمرہ عدالت پہنچا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے علاوہ جسٹس امین الدین، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس مظہر عالم کمرہ عدالت پہنچ گئے تاہم بنچ کے رکن جسٹس منیب اختر کمرہ عدالت میں نہیں آئے۔ چیف جسٹس نے اٹارنی جنرل کو روسٹرم پر بلایا اور کہا کہ کیس کے حوالے سے لارجر بنچ آج بنا تھا، کیس کا فیصلہ ماضی میں 5 رکنی بنچ نے سنایا تھا۔ جسٹس منیب اختر کی جانب سے رجسٹرار سپریم کورٹ کو خط تحریر کیا گیا، چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے جسٹس منیب اختر کا خط پڑھ کر سنایا۔ جسٹس منیب اختر نے اپنے خط میں لکھا کہ میں کیس سننے سے معذرت نہیں کر رہا، پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی نے بنچ تشکیل دیا ہے، کمیٹی کے تشکیل کردہ بنچ کا حصہ نہیں بن سکتا، بنچ میں بیٹھنے سے انکار نہیں کر رہا، بنچ میں شامل نہ ہونے کا غلط مطلب نہ لیا جائے، میرے خط کو نظرثانی کیس ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے۔ دوران سماعت پی ٹی آئی کے سینیئر بیرسٹر علی ظفر روسٹرم پر آگئے اور انہوں نے کمیٹی پر تحفظات کا اظہار کر دیا اور کہا کہ کمیٹی تب ہی بنچ بنا سکتی ہے جب تینوں ممبران موجود ہوں۔ چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیئے کہ ایسے خط کو عدالتی ریکارڈ کا حصہ بنانے کی روایت نہیں ہے، جسٹس منیب اختر کا خط عدالتی فائل کا حصہ نہیں بن سکتا، مناسب ہوتا جسٹس منیب اختر بنچ میں آکر اپنی رائے دیتے، میں نے اختلافی رائے کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کی ہے، نظرثانی کیس دو سال سے زائد عرصہ سے زیر التواء ہے۔ جسٹس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

## اقوام متحدہ کے آفیشل یوٹیوب چینل پر عالمی رہنماؤں کی تقاریر

### وزیراعظم شہباز شریف کی تقریر سب سے زیادہ دیکھی گئی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے آفیشل یوٹیوب چینل پر عالمی رہنماؤں کی تقاریر میں وزیراعظم شہباز شریف کی تقریر سب سے زیادہ دیکھی گئی۔ اقوام متحدہ کے ادارے سینٹر فار پبلک اوپینین ریسرچ نے اعدادوشمار جاری کر دیئے اقوام متحدہ کے آفیشل یوٹیوب چینل پر وزیراعظم شہباز شریف کا خطاب سب سے زیادہ بار دیکھا گیا، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب دنیا میں سب سے زیادہ دیکھے جانے والے عالمی راہنما بن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

## ہمیشہ پاکستان کی ترقی پر توجہ مرکوز کی ہے، احسن اقبال

### تعلیم کی طاقت آپ کو زمین کی پستیوں سے اٹھا کر آسمان کی بلندیوں تک لے جاتی ہے، وفاقی وزیر کی گفتگو

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ کسی پر الزام اور پگڑی اچھالنے کی بجائے پاکستان کی ترقی پر توجہ مرکوز کی ہے، مطالعہ تجربہ اور مشاہدہ ہی نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھار سکتا ہے، تعلیم کی طاقت آپ کو زمین کی پستیوں سے اٹھا کر آسمان کی بلندیوں تک لے جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز بدوملہی میں طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ احسن اقبال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

## بھارت مقبوضہ کشمیر کو قبرستان بنا کر آزاد کشمیر کی طرف دیکھ رہا ہے، مشعال ملک

### پوری دنیا میں کشمیریوں کی ٹارگٹ کلنگ کی جا رہی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو قبرستان بنا دیا اب آزاد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

## وزیراعلیٰ پنجاب نے ایک اور وعدہ پورا کر دیا، ہونہار سکالرشپ پروگرام کی رجسٹریشن شروع

### عالمی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ہونہار سکالرشپ پروگرام کے تحت 68 ڈسپلنز میں سالانہ 30 ہزار طلبہ کو سکالرشپ دیا جائیگا

### 8 سال میں 130 ارب روپے کے وظائف فراہم کئے جائیں گے، پروگرام سے آئندہ 4 سالوں میں ایک لاکھ 20 ہزار طلبہ مستفید ہوں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ہونہار سکالرشپ پروگرام کی رجسٹریشن شروع کر دی گئی۔ عالمی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ہونہار سکالرشپ پروگرام کے تحت 68 ڈسپلنز میں سالانہ 30 ہزار طلبہ کو سکالرشپ دیا جائے گا، 50 پبلک سیکٹر یونیورسٹیز، 16 میڈیکل کالجز اور 131

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیراعظم نیشنل ہیلتھ سروسز ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ سے برازیل کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

نارووال، وفاقی وزیر احسن اقبال بدوملہی کالج میں طلبہ سے خطاب کر رہے ہیں

## بیرسٹر گوہر کا مولانا فضل الرحمن کو فون، امیر منتخب ہونے پر مبارکباد

### چیئرمین پی ٹی آئی اور سربراہ جے یو آئی کا ملکی سیاسی صورتحال و پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے جمعیت علمائے پاکستان (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کو فون کیا اور ملکی صورتحال پر بات چیت کی۔ پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر اور مولانا فضل الرحمن نے ملک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

## پاکستان، برازیل کے درمیان گہرے مضبوط تعلقات

### دونوں ممالک میڈیکل ایجوکیشن فروغ کیلئے کام کر سکتے ہیں، ڈاکٹر مختار بھرتھ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان اور برازیل کے درمیان گہرے مضبوط تعلقات ہیں، دونوں ممالک میڈیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے کام کر سکتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

## بانی پی ٹی آئی کو عدالت کے ذریعے رہا کروائیں گے، علی محمد خان

### ہم بانی پی ٹی آئی کو اگر جیل سے نکالیں گے تو مزید مسائل پیدا ہوں گے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف علی محمد خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو عدالت کے ذریعے رہا کروائیں گے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے علی محمد خان کا کہنا تھا کہ سیاسی تحریک میں تیزی آ رہی ہے، ہم نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

## کارساز حادثہ کیس، منشیات کے مقدمے میں ملزمہ کی ضمانت منظور

### عدالت نے 10 لاکھ روپوں کے مچلکے جمع کروانے کے عوض ملزمہ کی درخواست منظور کر لی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے کراچی کے علاقے کارساز میں پیش آنے والے حادثے کی مرکزی ملزمہ کی انسداد منشیات کے مقدمے میں ضمانت منظور کر لی۔ سندھ ہائی کورٹ میں کارساز میں پیش آنے والے حادثے میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

# عمران خان کا ملٹری ٹرائل شروع بھی نہیں ہوا، عدالت نے امتناع دیدیا، عظمیٰ بخاری

## گورنر راج کی قائل نہیں، ایک صوبے کا وزیراعلیٰ دوسرے صوبے پر لشکر کشی کر رہا، خیبر پختونخواہ بمقابلہ پنجاب سے فیڈریشن کو نقصان ہوگا

### ریاست اور اس کے اداروں کو ان لوگوں کے حوالے سے اب کوئی فیصلہ لے لینا چاہیے، وزیر اطلاعات کی لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ عمران خان کا ملٹری ٹرائل شروع بھی نہیں ہوا عدالت نے امتناع دیدیا، گورنر راج کی قائل نہیں تاہم خیبرپختونخوا دہشت گردی کی آگ میں جل رہا ہے، ایک صوبے کا وزیراعلیٰ دوسرے صوبے پر لشکر کشی کر رہا ہے، آپ ایک

کوئٹہ سیلاب متاثرین بحالی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## ہم نے احتجاج بند کر دیا تو یہ لوگ عمران خان کو فوجی جیل میں ڈال دینگے، علیمہ خان

### پنڈی کے لوگ اپنی آزادی، عدلیہ کی آزادی کیلئے پُرامن احتجاج کیلئے نکلے تھے ہم بھی ساتھ شامل تھے

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ عمران خان کو اگر جیل سے نکالنا ہے تو پُرامن احتجاج جاری رکھنا ہوگا ورنہ یہ لوگ عمران خان کو فوجی جیل میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ پیر اڈیالہ جیل کے باہر صحافیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

## سپیکر قومی اسمبلی کی فلسطین، یمن اور لبنان پر اسرائیلی حملوں کی مذمت، اقوام متحدہ سے سخت نوٹس لینے کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسرائیل کے فلسطین، یمن لبنان پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے اس کا سخت نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ پیر کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

# وفاقی حکومت کا پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کرنے پر غور

## سنگجانی جلسے میں کی گئی تقاریر پر پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کرنے پر مشاورت شروع کر دی گئی

### ضابطہ فوجداری کی سیکشن 196 کے تحت حکومت درخواست جمع کروائے گی جہاں سیکشن 196 کے تحت درج مقدمات ناقابل ضمانت ہوتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 8 ستمبر کو سنگجانی جلسے میں ریاست مخالف تقاریر کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

اومان، وفاقی وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین اومان کے وزیر اوقاف سے ملاقات کر رہے ہیں

## علی امین گنڈا پور اس بات کو سمجھیں دھمکیوں سے حکومت نہیں چلتی، خرم دستگیر

### آئینی ترمیم کا سب جماعتوں کو حصہ بننا چاہیے، آٹھ رکنی بنچ کا فیصلہ الیکشن کمیشن سے متعلقہ ہے، لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) رہنما مسلم لیگ (ن) خرم دستگیر نے کہا ہے کہ علی امین گنڈا پور اس بات کو سمجھیں کہ دھمکیوں سے حکومت نہیں چلتی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خرم دستگیر نے کہا کہ علی امین گنڈا پور خیبر پختونخوا کے سرحدی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

## راولپنڈی میں فسطائی ہتھکنڈے استعمال کیے گئے، شیخ وقاص اکرم

### 9 مئی پر جوڈیشل کمیشن بنا کر کے اس معاملے کو جلد از جلد حل کیا جائے، ہم ملک دشمن نہیں ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ راولپنڈی میں فسطائی ہتھکنڈے استعمال کیے گئے، 80 سالہ بزرگ خاتون کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا، بزرگ عورت سے حکومت کو کیا خطرہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

## (ن) لیگ سیاسی وعدوں کی پاسداری نہیں کرتی، علی حیدر گیلانی

### پنجاب میں پاور شیئرنگ فارمولے پر تحریری معاہدے کے باوجود کوئی پیشرفت نہیں ہو سکی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر علی حیدر گیلانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی پاور شیئرنگ فارمولے پر قائم ہے، مسلم لیگ (ن) سیاسی وعدوں کی پاسداری نہیں کرتی۔ اپنے چیمبر میں ایم پی اے شازیہ عابد کیساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

## پاکستان بحران سے نکل کر خوشحالی کی طرف چل پڑا، رانا تنویر حسین

### عمران خان کا ٹولہ اب بھی ملک دشمن ایجنڈے پر چل رہا ہے

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومت کی اولین ترجیح معیشت کی بحالی اور عوام پاکستان کو خوشحالی ہے جس میں کامیابیاں ملنا شروع ہو چکی ہیں، حکومت اور اداروں کی مشترکہ حکمت عملی سے پاکستان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

## عمر ایوب خان کی شہید سید حسن نصراللہ کی شہادت پر دلی افسوس اور دکھ کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی عمر ایوب خان نے حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل شہید سید حسن نصراللہ کی شہادت پر دلی افسوس اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حسن نصراللہ دشمن کے سامنے غزہ کے معصوم عوام کی توانا آواز اور مضبوط ترین ڈھال تھے۔ اپنے بیان میں عمر ایوب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

## وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) طلب، وزیراعظم اپنے دورہ امریکا بارے بریفنگ دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) منگل کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اپنے دورہ امریکا کے حوالے سے بریفنگ دیں گے۔ اس موقع پر ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال بھی کیا جائے گا۔

## ڈاکٹر ذاکر نائیک پاکستان پہنچ گئے، رانا مشہود نے استقبال کیا

### اسلام آباد، کراچی اور لاہور میں عوامی اجتماعات سے خطاب، اعلیٰ حکومتی عہدے داروں سے ملاقاتیں کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) معروف اسلامی اسکالر مبلغ ڈاکٹر ذاکر نائیک اسلام آباد پہنچ گئے۔ وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود اور ایڈیشنل سیکرٹری وزارت مذہبی امور عطاء الرحمٰن نے ان کا استقبال کیا۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک اسلام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

اسلام آباد، ایئرپورٹ پر رانا مشہود معروف اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کا استقبال کر رہے ہیں

## محکمہ بہبود آبادی کا پنجاب پاپولیشن پالیسی کے مسودے پر مشاورتی اجلاس کا انعقاد

### شرکاء کو اہداف کے حصول کیلئے موجودہ کنٹراسیپٹیو ادویات کے استعمال کے رویے پر مطالعہ کرنے پر زور

لاہور (این این آئی) محکمہ بہبود آبادی کا یو این ایف پی اے کے تعاون سے پنجاب پاپولیشن پالیسی کے مسودے پر ایک اجلاس کا انعقاد ہوا۔ سیشن میں پاپولیشن ویلفیئر کے افسران، این جی او، آئی این جی او، فنانس، یو این ایف پی اے، آئی آر ایم این سی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

## شہید ملت لیاقت علی خان کا یوم پیدائش (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) شہید ملت لیاقت علی خان کا یوم پیدائش (آج) منگل کو منایا جائے گا۔ شہید ملت لیاقت علی خان یکم اکتوبر 1895 کو بھارتی پنجاب کے گاؤں کرنال میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم گھر سے حاصل کی، لیاقت علی خان نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے علاوہ آکسفورڈ یونیورسٹی سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ 1923 میں بھارت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

## اسلام آباد میں ماڈل جیل کے قیام سے متعلق کیس میں فریقین سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسلام آباد میں ماڈل جیل کے قیام سے متعلق کیس میں فریقین کو نوٹسز جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ پیر کو چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق نے اسلام آباد میں ماڈل جیل کے قیام سے متعلق درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کے وکیل اظہر صدیق عدالت میں پیش ہوئے۔

## سپریم کورٹ نے ججز روسٹر جاری کر دیا، معمول کے مقدمات کے لیے 7 بینچ تشکیل

### سپریم کورٹ کے تمام 19 ججز اس ہفتے پرنسپل سیٹ اسلام آباد میں موجود ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ججز روسٹر جاری کر دیا، معمول کے مقدمات کے لیے 7 بینچ تشکیل دیے گئے ہیں۔ پہلا بینچ چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں تشکیل دیا گیا ہے، بینچ میں جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس شاہد بلال حسن شامل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

## چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ، کرپشن پر سول جج برطرف، دو ججز کو سزائیں

### سول جج شازیہ پروین کو نوکری سے نکال دیا گیا، سول جج شہباز حسین کی چار گریڈ تنزلی، سیشن جج عبداللہ عثمان پر جرمانہ

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے کرپشن اور دیگر جرائم میں ملوث ہونے پر تین جوڈیشل افسران کو مختلف نوعیت کی سزائیں سنا دیں۔ چیف جسٹس کی منظوری کے بعد تین ججز کو سزائیں سنانے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

## پنجاب پبلک سروس کمیشن کی تاریخ کا سب سے بڑا امتحان

### 1537 آسامیوں کے لیے 45 ہزار سے زائد امیدواروں کے امتحانات کا کامیابی سے انعقاد

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن (پی پی ایس سی) نے صوبے کے 10 انتظامی محکموں میں 1537 آسامیوں کے لیے 45 ہزار سے زائد امیدواروں کے امتحانات کامیابی کے ساتھ منعقد کیے۔ ان میں ڈاکٹروں کے لیے 900

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

# سیاست میں کوئی کسی کو دفن نہیں کر سکتا

**خواجہ سلمان رفیق**

## اسٹیبلشمنٹ سیاسی جماعتوں کو بناتی ہے جس سے مشکلات پیدا ہوتی ہیں، غلطی چند لوگ کرتے ہیں، سزا ساری جماعت کو ملتی ہے

### اسوقت بلوچستان کا مسئلہ سب سے اہم ہے، اپنی پارٹی سمیت سب جماعتوں سے پوچھتا ہوں بلوچستان میں کام کیوں نہیں کرتے، خطاب

لاہور (خبر نگار) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیاست میں کوئی کسی کو دفن نہیں کر سکتا، کوئی ہمیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

## فرانس، پاکستان فیسٹیول کے چھٹے ایڈیشن کا شاندار انعقاد

### پاکستانی سفیر عاصم افتخار احمد نے پاکستانی کمیونٹی کی فرانسیسی معاشرے و دوستی کیلئے گراں قدر خدمات کو سراہا

پیرس (این این آئی) فرانس میں پاکستان فیسٹیول کے چھٹے ایڈیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس حوالے سے رنگارنگ تقریبات کا انعقاد فرانس کے نواحی علاقے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

# شہدائے پولیس کے خون کا حساب لیں گے، آئی جی پنجاب

## 18 شہروں میں 31 دسمبر، صوبہ بھر میں اگلے سال 30 جون تک سمارٹ سیف سٹیز آپریشنل ہو جائیں گے

### آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے مزید 55 افسران کو رینک لگا دیئے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس دہشت گردوں، خوارج اور آئین سے انحراف کرنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

nni
NGO HELP DESK
SOHAIL SHOUKAT BUTT
MINISTER

لاہور، وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ این جی اوز ہیلپ ڈیسک کا افتتاح کر رہے ہیں

## سعودیہ میں ہیروئن اسمگل کرنے کے الزام میں پاکستانی کو سزائے موت دیدی گئی

### ندیم شہزاد نامی پاکستانی شہری کو ہیروئن اسمگلنگ کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا، سعودی وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ہیروئن اسمگلنگ کے الزام میں پاکستانی شہری کو سزائے موت دے دی گئی۔ سعودی خبر ایجنسی کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

## پاکستان نے اہل غزہ کیلئے الخدمت کے تعاون سے امداد کی دسویں کھیپ روانہ کر دی

### امدادی سامان بذریعہ چارٹرڈ طیارہ A300 عمان، اردن کیلئے روانہ کیا گیا، غزہ بھیجا جائے گا

کراچی (این این آئی) اہل غزہ کے لیے الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے امداد کی دسویں کھیپ روانہ کر دی گئی۔ پاکستان کی جانب سے اسرائیلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض



# سٹی نیوز

# ڈاکوؤں اور چوروں کی یلغار، شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے

## چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 399 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی یلغار، شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 399 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 12 گھروں سے لاکھوں مالیت کی نقدی۔ طلائی زیورات، اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 18 افراد سے لاکھوں روپے کی نقدی، 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 21 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 50 موٹر سائیکلیں ،6 دیگر وہیکل ،3 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 287 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

# شہر میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر شہر کے 13 پوائنٹس پر کیمپس لگ گئے' کمشنر لاہور ڈویژن

## کیمپس قائم/ پائلٹ پراجیکٹ کے اعدادوشمار کی روشنی میں مستقل حکمت عملی بنے گی

لاہور (کرائم رپورٹر) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت ٹریفک رکاوٹ/تجاوزات وایئر کوالٹی ڈیٹا کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر لاہور کو آگاہ کیا گیا کہ شہر میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر شہر کے 13 پوائنٹس پر کیمپس لگ گئے ہیں۔ داتا دربار، اردو بازار، سبزی منڈی، رام گڑھ، عابد مارکیٹ، چوبرجی، ریلوے اسٹیشن، کوتوالی، نواں کوٹ، گرین ٹاؤن، کاہنہ بازار، بھٹہ چوک پر کیمپس لگائے گئے ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ کیمپس میں اہلکار اوقات کے مطابق ڈیوٹی کریں گے۔ پوائنٹ کیمطابق اوقات مقرر ہونگے۔ لیپارک کمپنی کیمپس ایریا کے قریب پارکنگ کیلئے سروے کرے۔ متبادل پارکنگ تجویز کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہر کیمپ میں ٹریفک پولیس کے دیے گئے شیڈول کے مطابق اہلکار موجود ہونگے اور کیمپس میں ایم سی ایل اور ٹریفک پولیس کے اہلکار اوقات کیمطابق ڈیوٹی کریں گے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ کیمپس میں موجود اہلکار ٹریفک رکاوٹ اور سڑک یا چوک پر تجاوزات کو ختم کریں گے۔ محکمہ ماحولیات کی ٹیم پوائنٹس ایریا میں مختلف اوقات میں ایئر کوالٹی کو نوٹ کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں یہ کیمپس پائلٹ پراجیکٹ کا حصہ ہیں، ایئر کوالٹی ڈیٹا تجزیہ کے بعد مستقل حکمت عملی وضع کی جائیگی۔ پائلٹ کیمپس میں ڈیوٹی ادا کرنے والے اہلکاروں کا ایک تربیتی سیشن ہو گیا تا کہ ان کو اپنے فرائض کا بخوبی پتا ہو۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ پائلٹ پراجیکٹ کے تحت کیمپس کو متعلقہ اے سیز اور افسران چیک کریں گے۔ کیمپس میں موجود اہلکاروں کی کارکردگی کو اچانک اور متفرق طریقے سے مانیٹر کیا جائیگا۔ کمشنر لاہور کی زیر صدارت اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر حامد ملہی، سی او ایم سی ایل شاہد کاٹھیا، سی ای او لیپارک نوید الاسلام ورک، ٹریفک پولیس، پنجاب سیف سٹی اتھارٹی اور سی ایم روڈ میپ ٹیم کے افسران نے شرکت کی۔

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام سیرت النبی کانفرنس کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز اور دیگر فیکلٹی پروفیسر ڈاکٹر معین، پروفیسر ڈاکٹر اسد اسلم خان، پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری ودیگر ممبران کا علامہ محمد رضا ثاقب مصطفائی کے ہمراہ گروپ فوٹو

# کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس کا انعقاد

## تقریب کا اہتمام کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی سے ملحقہ کالج آف آفتھلمالوجی اینڈ آلائیڈ ویژن سائنسز کی جانب سے کیا گیا

## میلاد میں علامہ محمد رضا ثاقب مصطفائی، وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز، پرنسپل کالج آف آفتھلمالوجی پروفیسر محمد معین، پروفیسر سید رضا علی شاہ، پروفیسر اسد اسلم خان، پروفیسر سردار علی ایاز صادق، پروفیسر ناصر چوہدری کی خصوصی شرکت

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا اہتمام کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی سے ملحقہ کالج آف آفتھلمالوجی اینڈ آلائیڈ ویژن سائنسز کی جانب سے کیا گیا جس میں علامہ محمد رضا ثاقب مصطفائی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے بطور مہمان خاص شرکت کی جبکہ پرنسپل کالج آف آفتھلمالوجی پروفیسر محمد معین، پروفیسر سید رضا علی شاہ، پروفیسر اسد اسلم خان، پروفیسر سردار علی ایاز صادق، پروفیسر ناصر چوہدری، ڈاکٹر فواد کریم اور دیگر فیکلٹی ممبران طلبا وطالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور پروفیسر محمد معین کو کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد دی۔ وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دن کی مناسبت سے ہم سب کے لئے پیغام ہے کہ حقوق العباد کا خیال رکھیں اور اپنی زندگیوں میں اسلامی اقدار کو اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے اس دنیا میں جتنا عشق اور محبت ہوگی اتنا ہی آخرت کی زندگی آسان ہوگی۔ ہمیں حضور پاک ﷺ کی سیرت کی روشنی میں خوف خدا، نیت کا اخلاص اور پاکیزہ دل جیسے اصولوں کو اپناتے ہوئے اپنی کردار سازی پر توجہ دینی چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نوجوان نسل کو مسلمانوں کی تاریخ اور اسلامی انقلاب کے پہلوؤں سے روشناس ہونا چاہیے۔ بطور ڈاکٹر ہم سب پر لازم ہے کہ ہم کسی مریض کے علاج کے ساتھ ضرورت مند کی مدد بھی کریں کیونکہ کسی سائل کا چل کر آپ کے پاس آنا یہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر کرم ہے کہ آپ اس قابل ہیں کہ کسی دکھی انسان کے کام آ سکیں، کسی دردمند کے زخموں پر مرہم رکھنا ہی اصل زندگی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کے انعقاد کا مقصد ہماری زندگیوں میں نبی پاک ﷺ کی محبت اور ان کی سنتوں پر عمل کرنا اور قرآن کی تعلیمات سے اپنی زندگی بسر کرنا ہے۔ علامہ ثاقب رضا مصطفائی نے اس موقع پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ کے متعلق شعور اجاگر کرنے پر گفتگو کی انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی دلیل امانت اور صداقت ہے مسلمانوں کو لوگوں سے معاملات میں اخلاقیات کے پہلوؤں پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پرنسپل کالج آف آفتھلمالوجی پروفیسر محمد معین نے معزز مہمانوں کا کانفرنس میں شرکت پر شکریہ ادا کیا اور مستقبل میں بھی ایسی محافل کے انعقاد کا ارادہ کیا۔ تقریب کے اختتام پر فلسطین اور کشمیری مسلمانوں، اداروں اور ملکی سلامتی کے لئے خصوصی دعا کروائی گئی۔

## نمازوں کے اوقات

| | |
|---|---|
| صبح صادق | 3:30 |
| فجر | 4:20 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 5:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 8:30 |

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ،ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر سینئر افسران انسپکٹر کے عہدے پر پروموٹ ہونے والے افسران کو رینک لگا رہے ہیں

# آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے مزید 55 افسران کو رینک لگا دیئے

## ملک وقوم کی خاطر جانیں قربان کرنے والے پولیس شہدا کے خون کا حساب لیں گے، آئی جی پنجاب

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس دہشت گردوں، خوارج اور آئین سے انحراف کرنے والوں کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی، ملک وقوم کی خاطر جانیں قربان کرنے والے پولیس شہدا کے خون کا حساب لیں گے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شہدا پولیس کے گھروں کی خریداری کیلئے 50 لاکھ روپے فی گھر کا اضافہ کر دیا ہے، کچے میں ڈیوٹی سر انجام دینے والے اہلکاروں کے لئے 25 ہزار روپے فی کس الاؤنس منظور کیا گیا ہے، ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ رواں مالی سال تمام نئے تھانے مکمل ہو جائیں گے، بارڈر چیک پوسٹوں کو جدید انفراسٹرکچر، لاجسٹکس سے مضبوط کیا ہے، پنجاب کے 18 شہروں میں 31 دسمبر جبکہ صوبہ بھر میں اگلے سال 30 جون تک سمارٹ سیف سٹیز آپریشنل ہو جائیں گے، آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ اگلے مرحلے پر سیف سٹیز کے دائرہ کار کو پنجاب کی 140 تحصیلوں تک توسیع دی جا رہی ہے، پنجاب پولیس موبائل ایپلی کیشنز، آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر مبنی جدید ٹیکنالوجی پر منتقل ہو چکی ہے، آرٹیفیشل انٹیلی جنس انسداد جرائم، ٹریفک مینجمنٹ سمیت تمام پولیسنگ امور میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ پولیس پر ہونے والی تنقید کا جواب شہریوں کی پہلے سے بہتر خدمت، تحفظ اور فرائض کی عمدہ ادائیگی سے دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سنٹرل پولیس آفس میں سب انسپکٹرز سے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے مزید 55 افسران کو رینک لگانے کی تقریب سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوئی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سینئر افسران کے ہمراہ افسران کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے، پروموٹ ہونے والے انسپکٹرز کے والدین، بچوں اور اہلخانہ نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، سینئر

# اے این ایف کی مختلف کارروائیوں میں 45 کلوگرام منشیات برآمد، 8 ملزمان گرفتار

## گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع

لاہور (کرائم رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے مختلف کارروائیوں میں 45 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق تعلیمی اداروں میں منشیات فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ کارروائیوں میں 42 لاکھ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر کے 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ رائیونڈ روڈ لاہور پر واقع یونیورسٹی کے قریب سے 450 گرام چرس اور 20 گرام ایکسٹیسی گولیاں برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ جوہر ٹاؤن لاہور پر واقع یونیورسٹی کے قریب ملزم سے 130 گرام آئس اور 40 گرام ایکسٹیسی گولیاں برآمد ہوئیں۔ کاک پل اسلام آباد کے قریب ملزم سے 120 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔ ملزم تعلیمی اداروں میں طلبہ کو منشیات فروخت کرنے میں ملوث ہے۔ ایم ون ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب گاڑی سے 8.4 کلوگرام چرس اور 2.1 کلوگرام افیون برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ حیدرآباد میں یونیورسٹی کے قریب ایک شخص سے 400 گرام چرس برآمد ہوئی جبکہ ایک اور کارروائی میں ہسپتال کے قریب سے 350 گرام چرس سمیت گرفتار ہونے والے ملزم نے تعلیمی اداروں میں منشیات فروخت کرنے کا انکشاف کیا۔

لیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت چیئرمین عامر ضیاء کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر چیئرمین لیسکو شاہد حیدر بھی موجود ہیں

# چیئرمین عامر ضیا کی زیر صدارت لیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

لاہور (خبر نگار) چیئرمین عامر ضیا کی زیر صدارت لیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس ہوا جس میں چیئرمین کے علاوہ طاہر بشارت چیمہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر شاہد حیدر کمپنی سیکرٹری گوہر ایوب، نے شرکت کی۔ لیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اجلاس میں لیسکو میں میٹیریل کی خریداری، اور کسٹمر سروسز کے متعلق مختلف امور پر بات کی گئی۔

# 2 ارب سے زائد مالیت کے 6100 نئے اے سی ہسپتالوں میں نہ لگ سکے

## سرکاری ہسپتالوں کیلئے گزشتہ مالی سال میں نئے اے سی خریدے گئے تھے

لاہور (کرائم رپورٹر) موسم گرما گزر گیا تاہم 2 ارب سے زائد مالیت کے 6100 نئے اے سی ہسپتالوں میں نہ لگ سکے۔ سرکاری ہسپتالوں کیلئے گزشتہ مالی سال میں نئے اے سی خریدے گئے تھے تاہم انہیں تنصیب کرانے کے لئے ہسپتالوں کو سپلائی کرنے کی بجائے سٹورز میں رکھ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق 2300 اے سی 2 ٹن کیبنٹ کی مالیت 68 کروڑ ہے، 1500 اے سی 4 ٹن کیبنٹ کی مالیت 90 کروڑ روپے جبکہ 2300 اے سی 2 ٹن سپلٹ کی خریداری پر 49 کروڑ خرچ ہوئے۔ ذرائع کے مطابق چھ ہزار سے زائد نئے اے سی موسم گرما میں ہسپتالوں میں فعال ہونے تھے۔ اے سی کی تنصیب کیلئے ابھی تک کوئی ڈسٹری بیوشن پلان نہیں بن سکا۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع کو ناجائز اسلحہ سے پاک کرنے کیلئے شب وروز مصروف عمل

# وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا محفوظ پنجاب ویژن: ناجائز اسلحہ کے خاتمے کیلئے سخت کریک ڈاؤن جاری

## خصوصی مہم کے دوران رواں برس ہزاروں کی تعداد میں خطرناک آتشی ہتھیار، گولیاں اور کارتوس برآمد، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے سلسلے میں ناجائز اسلحہ کے خاتمے کیلئے پنجاب پولیس کا سخت کریک ڈاؤن جاری ہے، پولیس ٹیمیں لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع کو ناجائز سلحہ سے پاک کرنے کیلئے شب وروز مصروف عمل ہیں، خصوصی مہم کے دوران رواں برس ہزاروں کی تعداد میں خطرناک آتشی ہتھیار، گولیاں اور کارتوس برآمد کر لئے گئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں برس کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں ملزمان کے قبضہ سے 1249 کلاشنکوف، 34647 پسٹل، 2705 بندوقیں، 2440 رائفلز، 596 ریوالور، 02 لاکھ 52 ہزار 135 گولیاں اور کارتوس برآمد کی گئی ہیں، صوبائی دارالحکومت میں ہونے والی کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضے سے 117 کلاشنکوف، 7148 پسٹل، لاہور میں 506 رائفلز، 276 بندوقیں اور 62 ریوالور اور 40 ہزار سے زائد گولیاں بھی ملزمان کے قبضے سے برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی تشہیر اور ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف بھی سخت قانونی کارروائی کی ہدایت دی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ اسلحہ کے کاروبار میں ملوث ڈیلرز کے لائسنس اور سٹاک انسپکشن کا عمل باقاعدگی سے سرانجام دیا جائے، آر پی اوز، ڈی پی اوز ناجائز اسلحہ کے کریک ڈاؤن کی ہفتہ وار رپورٹس سی پی او بھجوائیں، ایس او پیز کی خلاف ورزی پر بلا تاخیر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

# لاہور میں پولیس مقابلے میں ایک اور انتہائی خطرناک ڈاکو ہلاک

## ہلاک ملزم عمران صابر قتل، اقدام قتل، ڈکیتی جیسی متعدد وارداتوں میں مطلوب تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) آرگنائزڈ کرائم یونٹ سول لائن اور ڈاکوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں انتہائی خطرناک شوٹر و ڈاکو ملک عمران صابر اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ پولیس ٹیم ملزم کو ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے علاقہ تھانہ گجرپورہ لے جا رہی تھی کہ ملزمان نے اپنا ساتھی کو چھڑوانے کے لیے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ ملزم کے ساتھیوں کی فائرنگ سے شوٹر ملک عمران صابر شدید زخمی ہو گیا جس کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ وہ راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ ہلاک ہونے والے ملزم کے دیگر ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے علاقہ میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ ہلاک ملزم قتل، اقدام قتل، ڈکیتی جیسی متعدد وارداتوں میں مطلوب اور متعدد مقدمات میں اشتہاری تھا۔ ملزم نے ہربنس پورہ، مغل پورہ، غازی آباد اور کاہنہ کے علاقہ میں 4 شہریوں کو اندھا دھند فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ واضح رہے کہ اتوار کے روز بھی پولیس مقابلے میں انتہائی خطرناک شوٹر و ڈاکو اسد جمیل احمد عرف جیلا اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا تھا۔

# دینی قوتیں سماجی استحکام اور ویلفیئر اسٹیٹ کی تشکیل میں کردار ادا کریں، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

## عدم برداشت اور وائلنس کا خاتمہ اسوۂ رسول ﷺ کی پیروی ہی سے ممکن ہے، سیکرٹری اوقاف

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے کہا کہ انتہاپسندی کے تدارک کے لیے صوفیاء کی تعلیمات کی ترویج لازم۔ عدم برداشت اور وائلنس کا خاتمہ اسوۂ رسول ﷺ کی پیروی ہی سے ممکن ہے۔ دینی قوتیں سماجی استحکام اور ویلفیئر اسٹیٹ کی تشکیل میں کردار ادا کریں۔ وہ، خواجہ رکن الدین الوریؒ کے سالانہ عرس کی مرکزی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام اور ملی یکجہتی کی منزل صوفیاء کی تعلیمات پر عمل کرنے ہی سے ممکن ہے۔ صوفیاء کے اسلوب حیات کو اپنا کر ہی فلاحی معاشرے کی تشکیل ہو سکتی ہے۔ آج دنیا کو جس انتہا پسندی اور تشدد پرستی کا سامنا ہے، اس کا علاج صرف اور صرف صوفیاء کی تعلیمات میں مضمر ہے۔ صوفیائے کرام کی تعلیمات کے صحیح ابلاغ اور خانقاہوں کے علمی، دینی اور روحانی تشخص کو اُجاگر کرنے ہی سے معاشرے سے انتہاء پرستی اور تشدد پسندی کے رجحانات کی بیخ کنی ہو گی اور اسی سے علم پروری، رواداری، محبت اور انسان دوستی جیسے جذبوں کو آبیاری نصیب ہوگی۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ صوفیا نے تعمیر ملت کا فریضہ نہایت خلوص اور جانفشانی سے سرانجام دیا، ان کی خانقاہوں سے دین اسلام کی ترویج و ترقی کا کام احسن طریقے سے ادا کیا گیا۔ جس کے سبب آج خطے میں کروڑہا مسلمان اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، رسول اللہ ﷺ کی رسالت اور اسلام کی صداقت کا علم بلند کیے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ صوفیا نے سوسائٹی کو رواداری، انسان دوستی، اخوت، بھائی چارے اور برداشت جیسے جذبوں سے آراستہ کیا، جس کو مزید فروغ دینے کی آج اشد ضرورت ہے۔ اس موقع پر جید علما کرام، مشائخ عظام، سکالرز اور مذہبی شخصیات سمیت ہزاروں زائرین اور عقیدت مندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی سعادت حاصل کی۔

# موسم سرما، گھریلو، کمرشل صارفین پہلی، صنعتیں آخری ترجیح میں شامل

## گیس کی فراہمی کیلئے ترجیحی آرڈر لسٹ میں ترمیم کرتے ہوئے کیپٹیو پاور یونٹس کو گیس کی فراہمی آخری ترجیح میں شامل

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے سردیوں میں گیس فراہمی کیلئے منصوبہ بنایا گیا ہے جس کے لیے گھریلو اور کمرشل صارفین پہلی جبکہ صنعتیں آخری ترجیح میں شامل کی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ گیس کی فراہمی کے لیے ترجیحی آرڈر لسٹ میں ترمیم کرتے ہوئے کیپٹیو پاور یونٹس کو گیس کی فراہمی آخری ترجیح میں شامل کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ اس سلسلے میں جاری نوٹیفکیشن میں صنعتوں کو سی این جی اور سیمنٹ انڈسٹری کے ساتھ آخری ترجیح میں شامل کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ گھریلو اور کمرشل صارفین، اسپیشل کمرشل اور پراسیس انڈسٹری کو پہلی ترجیح میں شامل کیا گیا، کھاد فیکٹریوں اور پاور سیکٹر کو دوسری ترجیح میں رکھا گیا ہے۔

# ایل ڈی اے کا کمرشل فیس نادہندگان اور غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف آپریشن جاری

## گلبرگ، فیصل ٹاؤن، علامہ اقبال ٹاؤن، اور مصطفی ٹاؤن میں تین درجن املاک سربمہر کر دیں

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں کی غیر قانونی کمرشل عمارتوں اور کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز کمرشل فیس کی عدم ادائیگی اور غیر قانونی کمرشل استعمال پر تین درجن سربمہر کر دیں۔ ٹیموں نے گلبرگ، فیصل ٹاؤن، علامہ اقبال ٹاؤن، اور مصطفی ٹاؤن میں کارروائیاں کیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی بینک، سکول، یونیورسٹی، میڈیکل سینٹر، دفاتر، گودام، رینٹ اے کار، بیوٹی سیلون گراسری سٹور و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ ٹو اور ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ تھری نے کیا۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر شہر میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں / کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

# طالبات میں لیڈرشپ صلاحیتوں کی نشوونما کیلئے ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں پراجیکٹ کا افتتاح

## پنجاب حکومت 40 ہزار طلبا کو لیپ ٹاپ دے گی' وزیر ہائیر ایجوکیشن رانا سکندر حیات کا تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) سرکاری یونیورسٹیوں میں قائم ویمن ڈویلپمنٹ سنٹرز کے تحت طالبات میں لیڈرشپ صلاحیتوں کی نشوونما کیلئے آئیڈیا تھنک ٹینک کے اشتراک سے پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں منعقد کی گئی۔ ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں پراجیکٹ لانچنگ کی تقریب میں امریکی قونصل جنرل کرسٹین ہاکنز، وزیر ہائیر ایجوکیشن رانا سکندر حیات، وائس چانسلر ڈاکٹر فلیحہ کاظمی، سینئر صحافی سلمان غنی، ڈائریکٹر آئیڈیا تھنک ٹینک سلمان عابد، ڈاکٹر رعنا ملک، ڈاکٹر آصف منیر سمیت اساتذہ اور طالبات نے شرکت کی۔ پراجیکٹ کے تحت ہوم اکنامکس یونیورسٹی سمیت چار یونیورسٹیوں کی طالبات کو ٹریننگ مہیا کی جائے گی جس کا مقصد طالبات میں لیڈرشپ صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر ہائیر ایجوکیشن پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا کہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں لڑکیاں ٹاپ پوزیشن لے رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب حکومت 30 ہزار طلبا کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے سکالرشپ مہیا کر رہی ہے اور آئندہ مہینے حکومت 40 ہزار طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم کرے گی۔ وزیر ہائیر ایجوکیشن نے کہا کہ ویمن ڈویلپمنٹ سنٹرز یونیورسٹیوں میں طالبات کی صلاحیتوں کے نکھار میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر فلیحہ زہرا کاظمی نے کہا کہ ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں طالبات کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی نشوونما کی جاتی ہے اور ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کے تحت طالبات کو انٹرن شپ کرائی جاتی ہیں تا کہ ان میں عملی شعبوں کی مہارتیں پیدا کی جائیں۔ تقریب سے خطاب میں امریکی قونصل جنرل کرسٹین ہاکنز نے کہا کہ امریکہ پاکستانی طلبا کو ماسٹر اور پی ایچ ڈی سکالر شپ مہیا کر رہا ہے۔ امریکی قونصل جنرل کرسٹین ہاکنز کا کہنا تھا کہ خواتین سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں اور امریکا خواتین کی ترقی پر یقین رکھتا ہے۔ تقریب سے خطاب میں سلمان غنی نے کہا کہ خواتین پاکستان کے ہر شعبے میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ پاکستان نے ترقی کرنا ہے تو خواتین پر اعتماد کرنا ہوگا، مردوں کے ساتھ خواتین پر اعتماد کرنا ہوگا۔ آئیڈیا تھنک ٹینک کے ڈائریکٹر سلمان عابد کا کہنا تھا کہ پراجیکٹ کے پہلے فیز میں چار یونیورسٹیوں کو شامل کیا گیا ہے اور اس کے تحت ہر یونیورسٹی سے 25 طالبات کا انتخاب میرٹ پر کیا جائے گا اور انھیں چھ مہینے تک ٹریننگ دی جائے گی جس کا مقصد ان طالبات میں لیڈرشپ صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہوم اکنامکس یونیورسٹی کا ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر متحرک ہے اور طالبات کی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

سرگودھا: فنانس آفیسر ضلع کونسل مختار حسین ملک کی ریٹائرمنٹ پر افسران اور دیگر سٹاف کے ساتھ گروپ فوٹو

# ضلع کونسل سرگودھا کے فنانس آفیسر ملک مختار حسین اپنی مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے

سلانوالی (حافظ اصغر علی شاہد قوت سے) ضلع کونسل سرگودھا کے فنانس آفیسر ملک مختار حسین اپنی مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے۔ ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس لوکل گورنمنٹ وضلع کونسل کے ریٹائرڈ و حاضر افسران سی او اسد اللہ ہریا، مرزا خالد، ملک اعظم، وقاص گوندل، حامد نواز چھٹا ڈسٹرکٹ آفیسر آئی اینڈ ایس، رانا جمیل اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر آڈٹ غلام صفدر علی گوندل ڈپٹی ایڈیٹر محمد رضوان اور پروٹوکول آفیسر کمشنر آفس ملک محمد ارشد، فنانس آفیسر ملک کاشف اور نئے تعینات فنانس آفیسر ملک محمد کاشف عمران سمیت جملہ ملازمین محمد اکرم سکندر رانجھا محمد کامران محمد رشید غلام عباس، محمد ابوبکر نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ سرکاری ملازم کے لئے ملازمت سے باعزت سبکدوشی بہت بڑا اعزاز ہے۔ سرکاری ملازم کا دوران ملازمت اچھا کردار نہ صرف اس کے لیئے دنیا و آخرت میں کامیابی کا ضامن ہے بلکہ دوسرے ملازمین کے لیئے قابل تقلید مثال ہے۔ اس موقع پر چیف آفیسر اسد اللہ ہریا کا کہنا تھا ملک مختار حسین کے بطور فنانس آفیسر ہمارے ساتھ گزارے جانے والے وقت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کی محبت ہمارے دلوں میں ہمیشہ تازہ رہے گی تمام افسران نے اپنے خطاب میں خراج تحسین پیش کیا بعد ازاں ملک مختار حسین کو دفتر سے تحائف، تعریفی شیلڈ کے ساتھ ڈھیروں دعائیں دے کر دفتر سے رخصت کیا گیا۔

# وزیراعظم پاکستان انکم ٹیکس ریٹرن کی مدت میں دو ماہ کی توسیع کریں، محمد منشاء سکھیرا

## لیٹ فائلر، نان فائلر کی کیٹیگریز کی تقسیم سے FBR اتھارٹی غلط/نامکمل ٹیکس گوشواروں پر 10 لاکھ روپے کا جرمانہ کر سکتی ہے ایڈووکیٹ ملک علی اعوان

لاہور (خبر نگار) چیئرمین پاکستان ٹیکس کمیونٹی ایسوی ایشن محمد منشا سکھیرا نے وزیر اعظم پاکستان کے نام اپنے خط میں انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی مدت میں دو ماہ کی توسیع کی درخواست کی ہے۔ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ مالیاتی قوانین میں تیزی سے تبدیلیوں کے ساتھ انکم ٹیکس گوشوارے کی غلط فائلنگ پر جرمانے عائد کیے جاسکتے ہیں۔ مزید برآں فائلر، لیٹ فائلر اور نان فائلر کی کیٹیگریز کی تقسیم سے FBR اتھارٹی غلط/نامکمل ٹیکس گوشواروں پر 10 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کر سکتی ہے جس سے ٹیکس فائلرز اور کیوبیئرز کو بہت زیادہ پریشانیاں اور خدشات لاحق ہیں۔ ڈیڈ لائن میں توسیع نہ کرنے کی صورت میں ٹیکس دہندگان کی جانب سے "فائلرز" بننے کے لیے نل ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کا امکان ہے اور ایف بی آر نے یہ تجویز بھی دی ہے کہ "نل ریٹرن فائلرز" کو سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا جس میں ٹیکس فریز بھی شامل ہیں۔ ان کے بینک اکاؤنٹس اور جائیدادوں یا گاڑیوں کی خریداری پر فوری اثر سے پابندی۔ جبکہ 5.0 ملین سے 10 لاکھ روپے تک ٹیکس کی رقم کی ادائیگی سے بچنے والوں کو بجلی اور گیس کے کنکشن منقطع کرنے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پاکستان ٹیکس کمیونٹی ایسوی ایشن کے جنرل سیکرٹری ملک محمد علی اعوان نے وزیر اعظم سے اپیل کی ہے کہ حکومت کے آئینی سربراہ ہونے کے ناطے اور ایگزیکٹو اختیارات کے حامل ہونے کے ناطے یہ خط ٹیکس پریکٹیشنرز اور چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جانب سے آپ کے نام لکھا جا رہا ہے۔ PRAL میں کچھ خامیوں کی وجہ سے IRIS کا نظام سست اور ٹمٹانے میں ناکام ہو گیا ہے اس لیے ٹیکس دہندگان کے لیے وقت پر گوشوارے جمع کرنا مشکل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی مدت میں کئی سالوں میں بار بار توسیع کی ہے۔ پاکستان ٹیکس کمیونٹی ایسوی ایشن نے انکم ٹیکس ریٹرن میں توسیعی خط کی کاپی وزیر خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر کو بھی بھجوا دی ہے۔



مال روڈ پر احتجاج کرنے والے نابینا افراد موٹر سائیکل سوار شہریوں کو آگے جانے سے روک رہے ہیں

# اجلاس میں وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی

## صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ایس سی سی ایل او کا 14 واں اجلاس منعقد

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ایس سی سی ایل او کا 14 اجلاس اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ جلاس میں صوبہ بھر کے امن وامان کی صورتحال، پاکستان انگلینڈ کرکٹ سیریز و دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ داخلہ کے متعلقہ افسران نے امن وامان بارے بریفنگ دی۔ ڈی جی خان اور اٹک میں کومبنگ آپریشنز کیلئے پاکستان رینجرز کے 2 ونگز کی تعیناتی میں 6 ماہ کی توسیع کر دی گئی ہے۔ میانوالی میں بارڈر چیک پوسٹس کیلئے رینجرز کی 1 کمپنی کی تعیناتی میں 3 ماہ کی توسیع کر دی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران لاہور، فیصل آباد، اوکاڑہ، ڈی جی خان، رحیم یار خان اور راجن پور میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی تعیناتی کی منظوری دے دی گئی ہے۔ چیرمین کابینہ کمیٹی و وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ ملتان اور راولپنڈی میں پاکستان انگلینڈ کرکٹ سیریز کیلئے فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ صوبہ بھر میں امن کی فضاء کو قائم رکھنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ امن کے دشمنوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے۔ سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان، ایڈیشنل آئی جی چوہدری سلطان، ڈی آئی جی سپیشل برانچ سید خرم علی شاہ، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی عثمان گوندل اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب محمد کامران خان، کمشنرز، آر پی اوز ڈپٹی کمشنرز نے وڈیو نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

HOME DEPARTMENT

صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق سول سیکرٹریٹ میں ایس سی سی ایل او کے 14 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
”روزنامہ قوت لاہور“ (3) یکم اکتوبر 2024ء

# ٹیکس گزاروں کی تعداد دوگنی ہو چکی جو کچھ آئیگا عوام پر ہی لگائیں گے رانا تنویر حسین

## مسلم لیگ ن نے سخت حالات میں حکومت بنائی اور دن رات محنت کر کے حالات بہتر کیے ہیں معاشی اشاریے بھی مثبت کی طرف جا رہے ہیں بہت جلد کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر لیں گے، وفاقی وزیر صنعت و پیداوار

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نظام کی بہتری کیلئے کوششیں جاری ہیں آج ٹیکس دینے والوں کی تعداد دوگنا ہو چکی ہے جو کچھ آئے گا وہ عوام پر ہی لگائیں گے مسلم لیگ ن نے سخت حالات میں حکومت بنائی اور دن رات محنت کر کے حالات بہتر کیے ہیں معاشی اشاریے بھی مثبت کی طرف جا رہے ہیں بہت جلد کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر لیں گے دھرنے کی پیداوار دوبارہ احتجاج اور جلسے کر کے قوم کا وقت برباد کر رہے ہیں ان کے ہاتھ اب کچھ نہیں آنے والا ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض سابق کونسلر بختیار احمد بٹر افتخار عرف کھاری بٹر اعظم علی باجوہ اور مسلم لیگ ن کے درجنوں کارکنوں کے ہمراہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اعجاز احمد بٹر کے والد ڈائریکٹر نیوز ویڈیوز اے پی پی رب نواز باجوہ کے سسر محمد نواز بٹر اور مقامی صحافی میاں عبدالمنان کے والد کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ پر اظہار تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک اب بہتری راہ پر ہے اچھا وقت شروع ہو چکا ملک و قوم کی بہتری کے لئے مشکل فیصلے کرنا پڑے عوام کی توقعات پر پورا اتریں گے نیازی ٹولہ نہیں چاہتا ملک میں معاشی حالات بہتر ہوں ان کا وطیرہ انتشار ہے جس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے نواز بٹر اچھے انسان تھے دکھ کی اس گھڑی میں اہلخانہ کے غم میں شریک ہیں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ان کی یادیں اور نیک نامی لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی۔

ڈپٹی کمشنر صائمہ علی وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن عوام کی با آسانی رسائی، مسائل کم کے مطابق اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سن کر موقع پہ احکامات صادر کر رہی ہیں

## دکھی انسانیت کی خدمت میرا شعار ہے۔ ڈی۔ جی لائن کلب انٹرنیشنل طاہر مجید کپور

### ہمارے نبی کریم رحمت العالمین فخر موجودات ہیں، سابق صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا شعار اور پیارے نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے رحمت العالمین بنا کر مبعوث فرمایا۔ بلاشبہ ہمارے پیارے نبی وجہ کون ومکاں و فخر موجودات ہیں ربیع الاول ہمارے پیارے نبی کریم کی ولادت باسعادت کا مبارک مہینہ ہے پیارے آقا سے محبت ہمارے دین کی شرط اول ہے۔ ان باتوں کا اظہار مایہ ناز ڈائیریکٹر لائنز کلب انٹرنیشنل لائن طاہر مجید کپور سابق صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کپور انٹرنیشنل میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پیارے نبی نے انسانیت کیساتھ بھلائی، لاچاروں کی چارہ گری اور دکھی مخلوق کیساتھ صلح رحمی عملاً کر کے امت کو تعلیمات دیں۔ پیارے نبی کی حیات طیبہ ہمارے لئے مکمل نمونہ ہے۔ نماز کی پابندی کرتے ہوئے دکھی انسانیت کیساتھ بھلائی وصلح رحمی کرنے والا اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ کا مقرب ہوتا ہے۔

## سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی زیر نگرانی بزرگ افراد کیلئے اولڈ ہوم کا جلد آغاز کیا جائیگا، چوہدری ارشد وڑائچ

### سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی سماجی خدمات کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا اور خدمت خلق کرنے والی این جی اوز کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی

### رہائش، کھانے پینے اور علاج معالجے کی فری سہولیات فراہم کی جائیں گی، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر و بیت المال کی گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب/ رکن صوبائی اسمبلی چوہدری ارشد وڑائچ نے کہا ہے کہ ضلع سیالکوٹ میں بزرگ افراد کیلئے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیر نگرانی اولڈ ہوم کا جلد آغاز کیا جائے گا جہاں پر بے سہارا بزرگ مرد وخواتین جن کیلئے رہنے کیلئے سائبان نہیں ان کو رکھا جائے گا وہاں پر ان کو رہائش، کھانے پینے اور علاج معالجے کی فری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ یہ بات انہوں نے آج سوشل ویلفیئر کمپلیکس میں واقع دارالامان، چائلڈ پروٹیکشن بیورو، صنعت زار اور وومن کرائسز سنٹر کا دورہ کے بعد سوشل ویلفیئر و بیت المال کے افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن، مینیجر صنعت زار شمائلہ افتخار، اے ڈی کمیونٹی ڈویلپمنٹ آبدار عبداللہ ساہی، اے ڈی میڈیکل سوشل ویلفیئر پسرور عمر خیام ٹھاکر، ڈسٹرکٹ وومن پروٹیکشن آفیسر عمران کسانہ، اے ڈی پسرور کمیونٹی ڈویلپمنٹ سدرہ سلطانہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماڈرن چلڈرن ہوم اسماء احمد، انچارج دارالامان تبسم شبیر اور اے ڈی قصر بہبود مس زرقا بھی موجود تھی۔ پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر چوھدری ارشد وڑائچ نے کہا کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی سماجی خدمات کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا اور خدمت خلق کرنے والی این جی اوز کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

## بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، ملک احسان الٰہی

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے ڈائریکٹر پیمیئر کالج لالیاں سربراہ ادارہ ہذا ملک احسان الٰہی گورنمنٹ پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلائے جانے والا گورنمنٹ پرائمری سکول کالونی نمبر 1 کانویں میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں خصوصی طور پر حافظ کفایت اللہ صاحب پرنسپل پیمیئر کالج لالیاں عدنان محبوب صاحب نے شرکت کی اس موقع پر ڈائریکٹر پیمیئر کالج لالیاں سربراہ ادارہ ہذا نے کہا کہ بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے ٹرانسفر ہونے والے سابقہ سکول ٹیچر شیر محمد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ادارے اور اساتذہ کی طرف سے گفٹ بھی دیے گئے اور مہمانوں نے تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا ادارہ ہذا کی طرف سے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا گیا

## اسرائیلی حکومت کا فلسطین پر ناجائز تسلط قابل مذمت ہے، چوہدری مستقیم مہار

### حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کی شہادت کے بعد حالات مزید خطرناک ہو چکے ہیں

سمندری (تحصیل رپورٹر) اسرائیلی حکومت کا فلسطین پر ناجائز تسلط قابل مذمت ہے۔ اسرائیلی حکومت کا وجود پوری دنیا کیلئے سیکورٹی رسک بنتا جا رہا ہے۔ اسرائیلی حکومت کو فلسطینیوں پر بمباری فوری طور پر بند کرنی چاہیے اور مذکرات کے ذریعے مسئلے کو حل کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کی شہادت کے بعد حالات مزید خطرناک ہو چکے ہیں۔ مزید کہا کہ اسرائیلی حکومت اور حماس کی جنگ تیسری عالمی جنگ کی طرف بڑھ رہی ہے جس نے اب لبنان کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، اقوام متحدہ سنجیدہ کوششوں کے ذریعے سے لبنان، غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کو فوری طور پر بند کروائے۔

## ضلع ننکانہ صاحب میں ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے، ثناء شرافت

### میونسپل کمیٹیز، پولیس، ریونیو سمیت تمام ادارے تجاوزات کیخلاف آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثناء شرافت کی سربراہی میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب مہم کے سلسلہ میں تحصیل شاہکوٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات ہٹانے کا عمل جاری ہے کیا۔ لوکل گورنمنٹ، میونسپل کمیٹیز، پولیس، ریونیو سمیت دیگر ادارے تحصیل شاہکوٹ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ دوران آپریشن اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثناء شرافت نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب میں شفاف ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے جس کے لیے تجاوزات کو ختم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر تمام دوکاندار ستھرا پنجاب مہم میں ساتھ دیں اور حکومتی احکامات پر عمل کریں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ تجاوزات سے ٹریفک جام، حادثات کے مسائل جنم لے رہے ہیں اور آنے جانے والے شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ شہر کی خوبصورتی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوکاندار و دیگر ریڑھی لگانے والے تجاوزات خود ختم کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ کل سے آپریشن کا دائرہ کار تحصیل شاہکوٹ کے دیگر علاقوں تک بڑھایا جائے گا تاکہ ستھرا پنجاب مہم کے اہداف کو حاصل کیا جا سکے۔ علاوہ ازیں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن میں خلل ڈالنے والوں کی متعدد دوکانوں کو سیل جبکہ دیگر کو بھاری جرمانے بھی کیے گئے ہیں۔

## ایم ڈی کیٹ امتحان: شکرگڑھ کی ہونہار طالبہ اقراء اعظم کی شاندار کامیابی

### ایم ڈی کیٹ امتحان میں 200 میں سے 199 نمبر لیکر ملکی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کر لی

MDCAT Result 2024
1st
پوزیشن
پنجاب
199
اقرا اعظم

شکرگڑھ (نامہ نگار) شکرگڑھ کی ہونہار طالبہ اقراء اعظم نے ایک بار پھر اپنی تحصیل کا نام ملک بھر میں روشن کر دیا۔ میٹرک اور ایف ایس سی میں شاندار نتائج کے بعد، اقراء نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PMDC) کے زیر اہتمام منعقدہ ایم ڈی کیٹ (MDCAT) کے امتحان میں 200 میں سے 199 نمبر حاصل کر کے ملک بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ اقراء نے اپنی شاندار کامیابی کے ذریعے پاکستان کے ایک لاکھ اڑسٹھ ہزار طلباء وطالبات کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اقراء اعظم، جو کہ ایک پولیس ملازم کی بیٹی ہیں، نے نہ صرف اپنے والدین اور اساتذہ کا سر فخر سے بلند کیا ادارے کے سربراہ اور اساتذہ اقراء کی اس تاریخی کامیابی پر انتہائی مسرور ہیں اور اسے شکرگڑھ کے لیے باعث فخر قرار دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اقراء نے ایم ڈی کیٹ میں غیر معمولی کارکردگی دکھا کر ایک مثال قائم کر دی ہے جو آنے والے طلباء کے لیے مشعل راہ ہو گی۔ اقراء اعظم نے اپنی کامیابی کو اللہ تعالیٰ کا خاص فضل، اساتذہ کی محنت اور والدین کی دعاؤں کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ اقراء نے کہا کہ وہ ڈاکٹر بن کر ملک و قوم کی خدمت کرنے کا عزم رکھتی ہیں۔

## شکرگڑھ: علی اکبر رفیق رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

### تمام مہمانوں کی تواضع طرح طرح کے پکوانوں سے کی گئی

شکرگڑھ (نامہ نگار) علی اکبر رفیق رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ دعوت ولیمہ میں پیر بروال شریف، جناب سید نجم الحسن نقوی بخاری، سخی سردار علی عباس نقوی بخاری، سخی سردار اکمل حسین نقوی بخاری، سید اکمل حسین نقوی ظفروال، سید نسیم عباس نقوی بخاری ظفروال، سید کلیم عباس نقوی بخاری ظفروال، چوہدری ضیغم حسن ڈینپور، سفیر امن جناب مولانا نسیم عباس علوی میلسیلو، سرپرست اعلیٰ سٹی پریس کلب شکرگڑھ ملک کاشف جاوید، شیخ زوہیب ایکسپریس نیوز، رانا مہران الٰہی جنرل سیکرٹری سٹی پریس کلب شکرگڑھ، عمران عارف میڈیا کوآرڈینیٹر سٹی پریس کلب شکرگڑھ، مشہور کاروباری شخصیت ملک خلیل حسین، اے ایس آئی سٹی شکرگڑھ سید شمیم حیدر کاظمی نے خصوصی شرکت کی۔ دعوت ولیمہ میں شرکت کے لیے آئے تمام مہمانوں کی تواضع طرح طرح کے پکوانوں سے کی گئی۔ مہمانوں کی طرف سے نئے جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے عملہ کی غفلت: لائبریری پارک کھنڈرات میں تبدیل

### صفائی کی ناقص صورت حال جھولے ٹوٹ پھوٹ کا شکار، نوٹس لیا جائے، شہری



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے عملہ کی غفلت کے باعث لائبریری پارک کھنڈرات میں تبدیل صفائی کی ناقص صورت حال جھولے ٹوٹ پھوٹ کا کار۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے گنجان آباد علاقہ محلہ گڑھا میں واقعہ لائبریری پارک میونسپل کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث خستہ حالی کا شکار پارک کی دیواریں جھولے اور جنگلے ٹوٹ پھوٹ کا شکار جگہ جگہ پر گندگی کے ڈھیر لائبریری پارک میں عملے کی کمی کے باعث پارک میں لگی ہوئی قیمتی گھاس خراب ہونے لگی لائبریری پارک میں نصب لائٹس مکمل طور پر بند ہوئی پڑی ہے جبکہ بجلی کے پول بھی گرے پڑے ہیں بچوں کے لئے بنائے گئے جھولے مکمل طور پر ناکارہ ہوئے پڑے ہیں پارک کے اندر گندہ پانی کھڑا ہے گھاس کی کٹائی نہ ہونے کے باعث شہریوں نے لائبریری پارک کا رخ کرنا چھوڑ دیا جبکہ خواتین اور بچوں کے بیٹھنے کیلئے بنائے گئے بینچ بھی ٹوٹے پڑے ہیں شہریوں نے متعدد مرتبہ میونسپل کمیٹی کو لائبریری پارک کی حالت زار کے بارے میں آگاہ کیا مگر کوئی شنوائی نہ ہو سکی شہری وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ رانا محمد عمر سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

## حسن نصر اللہ کی پوری زندگی اسرائیل کیخلاف بھرپور جدوجہد سے عبارت ہے، محمد افضل منشاء

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/ نمائندہ خصوصی) چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء نے کہا کہ حزب اللہ رہنما کی شہادت اسرائیل کی بزدلانہ دہشت گردی ہے، حسن نصر اللہ کی پوری زندگی اسرائیل کیخلاف بھرپور جدوجہد سے عبارت ہے انہوں نے کہا کہ حسن نصر اللہ کی شہادت سے اسرائیل کے خلاف جدوجہد کو مزید تقویت ملے گی حسن نصر اللہ کی شہادت سے صیہونیت کے بدنما چہرے میں اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ حسن نصر اللہ کی شہادت سے صیہونیت کے بدنما چہرے میں اضافہ ہوا ہے حسن نصر اللہ کی شہادت کی پرزور مذمت کرتے ہوئے حسن نصر اللہ کی قربانیوں اور جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ جنت میں ان کے درجات بلند کرے حسن نصر اللہ نے ساری زندگی ناجائز اسرائیلی ریاست کے خلاف مزاحمت کی اور عظیم مقصد کی خاطر اپنی جان قربان کر دی

## نرگس عارف گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 میں ہیڈ مسٹریس تعینات عہدے کا چارج سنبھال لیا

حافظ آباد گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 میں تعینات ہونے والی ہیڈ مسٹریس نرگس عارف کو طالبات گلدستہ پیش کر رہی ہیں۔

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) محکمہ تعلیم حکومت پنجاب نے سابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نرگس عارف کو طالبات کی قدیم تعلیمی درسگاہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 میں ہیڈ مسٹریس تعینات کر دیا ہے۔ جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ میڈیم نرگس عارف کا شمار محکمہ تعلیم حافظ آباد کے تجربہ کار، محنتی اور فرض شناس افسران میں ہوتا ہے۔ اس سے قبل وہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور مختلف ہائی سکولز میں بطور ہیڈ مسٹریس فرائض سرانجام دے چکی ہیں۔

## انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ ورکرز کی میٹنگ کا انعقاد

عارف والا (رانا ذیشان اسلم نمائندہ خصوصی) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ ورکرز کی میٹنگ کا انعقاد جس کا ایجنڈا تمام ونگز کی باڈیز کو حتمی شکل دینا تھا۔ موومنٹ کا فعال کر کے ہیومن رائٹ پر کام کرنے کا اعادہ کیا گیا۔ جس میں ڈسٹرکٹ چیئرمین مظہر حسین صاحب، صدر جناب گلزار رتھ صاحب، جنرل سیکرٹری میڈم تصور چودھری صاحبہ ایڈیشنل سیکرٹری جوائنٹ سیکرٹری محمد حسن وقار اور میڈیا کوآرڈینیٹر جناب رانا ذیشان اسلم نے ورکنگ کا لائحہ عمل پیش کیا

## اوکاڑہ اور گردونواح میں سبزیوں کی قیمتیں اسمان کو چھونے لگیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ اور گردونواح میں سبزیوں کی قیمتیں اسمان کو چھونے لگیں غریب بے حال کیا کھائے کیا پیئے کوئی مافیاز کو پوچھنے والا نہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ، پیاز اور ٹماٹر کے نرخوں میں مزید اضافہ ہو گیا۔ سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کی قیمت میں پانچ روپے کا اضافہ ہو گیا جس کے بعد پیاز کے سرکاری نرخ 145 روپے کلو ہو گئے جبکہ مارکیٹ میں پیاز 170 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے۔

# گوجرانوالہ 100 روپے کی خاطر 4 قتل ملزمان گرفتار

## ملزمان آپس میں رشتہ دار ہیں جن کو لاہور سے گرفتار کیا ملزمان قیصر وغیرہ نے اپنے بھائی کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے دو بھائیوں اور بہنوئی کو قتل کیا، پولیس

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) میں دن دیہاڑے گوندانوالہ اڈہ پر دو بھائیوں سمیت 3 افراد کے قتل کا واقعہ 100 روپے کی خاطر چار قتل ہو چکے پولیس نے ملزمان گرفتار کر لیے۔ واقعہ تھانہ کوتوالی کے علاقہ میں پیش آیا تھا جہاں بھائی کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے سرراہ 3 افراد کو قتل کرنے والے ملزمان دھر لیے گئے ہیں کوتوالی پولیس نے قتل میں ملوث 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، پولیس کے مطابق ملزمان آپس میں رشتہ دار ہیں جن کو لاہور سے گرفتار کیا ملزمان قیصر وغیرہ نے اپنے بھائی کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے دو بھائیوں اور بہنوئی کو قتل کیا تھا۔ کار سوار ملزمان نے عدالت سے پیشی پر واپس گھر جاتے ہوئے تین افراد کو قتل کیا تھا۔ انکشاف ہوا ہے کہ مقتولین اور ملزمان کے درمیان گلی سے کوڑا اٹھانے کے 100 روپے دینے پر جھگڑا شروع ہوا، ایک گھر نے پیسے نہ دیے جبکہ باقی ادائیگی کرتے تھے 100 روپے کی خاطر ہونے والا جھگڑا اب تک 4 قیمتی جانیں نگل چکا ہے، پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ دوسری جانب سماجی حلقوں نے مذکورہ کیس میں ملزمان کی جلد گرفتاری کو سراہا اور پولیس کی تفتیشی ٹیم اور آپریشنل ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔

## ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال رینالہ خورد کا دورہ

### ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے مفت ادویات کی فراہمی سمیت دیگر سہولیات سے متعلق دریافت کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر ہدایت چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال رینالہ خورد کا دورہ۔ انہوں نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے مفت ادویات کی فراہمی سمیت دیگر سہولیات سے متعلق دریافت کیا۔ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ نے ہسپتالوں کی ایمرجنسی، میڈیسن سٹورز، چلڈرن وارڈز، سرجیکل وارڈز، لیبارٹریز، ایکسرے رومز سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ نے کہا کہ پنجاب حکومت لوگوں کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین سے خوش اسلوبی سے پیش آئیں اور اپنی فرائض کو عبادت سمجھ کر ادا کریں۔

## DPO آفس: ترقی پانیوالے افسران کے اعزاز میں تقریب

### رانا عمر فاروق نے ترقیاب ہونیوالے افسران کو نئے عہدوں کے رینک لگائے

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) ڈسٹرکٹ پولیس آفس سیالکوٹ میں نئے ترقی یاب ہونے والے پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب 21 افسران کو رینک لگائے گئے۔ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی ہدایت پر ڈی پی او آفس سیالکوٹ میں اے ایس آئی اور سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والے 21 افسران کے اعزاز میں ایک پروقار، سادہ تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ڈی پی او رانا عمر فاروق نے ترقی یاب ہونے والے افسران کے فیملی ممبران کے ہمراہ انہیں نئے عہدے کے رینک لگائے۔ ڈی پی او نے افسران کو مبارکباد دی ان کے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کا کہنا تھا کہ پولیس سروس میں محکمانہ پروموشن درحقیقت ذمہ داریوں میں اضافے کی عکاسی کرتا ہے لہٰذا پروموٹ ہونے والے افسران قانون کے یکساں نفاذ، میرٹ کی پاسداری اور بہترین سروس ڈیلیوری سے شہریوں کی خدمت اور تحفظ کو شعار بنائیں۔

## الحرمین ڈینٹل کیئر واقع خالد روڈ میں 6 اکتوبر بروز اتوار فری ڈینٹل کیمپ لگایا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر واقع خالد روڈ میں 6 اکتوبر بروز اتوار فری ڈینٹل کیمپ لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم، ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم، ڈاکٹر عبیرہ سعد اور ڈاکٹر فراز احمد ڈوگر مریضوں کے مفت چیک اپ کرنے سمیت فری ادویات فراہم کریں گے کیمپ صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک جاری رہے گا جس کا اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھلکی کے عہدیداروں کی طرف سے کیا جائے گا۔

## ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کو مزید آسان بنا یا دیا گیا

### ڈی ایس پی ٹریفک بابر نواز کی زیر نگرانی سپیشل مہم کے تحت رکشہ ڈرائیونگ لائسنس تیار کیے جارہے ہیں

کاؤنٹر برائے لائسنس رکشہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر رکشہ ڈرائیوروں کیلئے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کو مزید آسان بنا دیا گیا ہے۔ سپیشل مہم کے تحت رکشہ ڈرائیوروں کیلئے الگ کاؤنٹر بنا دیا گیا ہے۔ شہری لرنر پرمٹ بنوا کر رکشہ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈی ایس پی ٹریفک بابر نواز کی زیر نگرانی سپیشل مہم کے تحت رکشہ ڈرائیونگ لائسنس تیار کیے جارہے ہیں۔ سابقہ لرنرز کو رینیو کروا کر بھی شہریوں کے لائسنس تیار کیے جا رہے ہیں۔ سپیشل مہم کے دوران مستفید ہونے والے شہریوں نے ٹریفک پولیس کے اس اقدام کو خوب سراہا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا شہریوں کے سفر کو محفوظ بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کی سہولت کے لیے سپیشل مہم کے دوران آسان طریقے سے رکشہ ڈرائیوروں کے ڈرائیونگ لائسنس تیار کیے جا رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے۔ قانون پسند شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے آج ہی اپنا ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں

## چونیاں سبزی منڈی: ہم خیال گروپ نے میدان مار لیا

### جیت پر ہم خیال گروپ کے علاوہ انصاف گروپ اور آڑھتیاں نے بھرپور جشن منایا

چونیاں: (تحصیل رپورٹر) چونیاں سبزی منڈی کے 20 سال بعد پہلا جمہوری طریقہ سے کا صدارتی انتخابات میں ہم خیال گروپ نے میدان مار لیا۔ تفصیلات کے مطابق کے چونیاں سبزی منڈی 20 سال بعد سبزی منڈی کے الیکشن 2024۔ ہم خیال گروپ کے صدر کے امیدوار شاہد بلوسر کار اور چوہدری ارشد آرائیں کے درمیان مقابلہ ہوا جس میں چونیاں سبزی منڈی اور فروٹ مرچنٹ کے 39 ورکنگ آڑھتیوں نے اپنے ووٹ حق رائے دہی کا استعمال کیا جس میں بلوسر کار ہم خیال گروپ نے 25 ووٹ حاصل کر کے واضح برتری سے کامیابی حاصل کی جبکہ مدمقابل گروپ کے چوہدری ارشد آرائیں 14 ووٹ حاصل کر کے شکست سے دو چار ہوا نو منتخب صدر شاہد بلو کی فتح پر سبزی منڈی ہم خیال گروپ کے علاوہ انصاف گروپ اور آڑھتیاں نے بھرپور جشن منایا گیا، ہم خیال گروپ کی جیت پر ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے نوٹوں کی بارش اور مٹھائیاں تقسیم کی گئی۔ نو منتخب صدر شاہد بلو کے حق میں نعرے بازی گروپ لیڈر شیخ ابوبکر کی آڑھت پر مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ چنیوٹ کا اجلاس

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ چنیوٹ کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں سیکرٹری کنٹرول بورڈ شہزاد سلیم، سی او ہیلتھ ڈاکٹر سہیل طارق، تینوں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز اور ممبران ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے 15 کیسز پر بحث کی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید نے 5 کیس کو ڈرگ کورٹ بھجوانے، 5 کو وارننگ جبکہ 3 کیس کی دوبارہ رپورٹ منگوانے اور 2 کو ملتوی حکم دیا گیا، اجلاس میں میڈیکل سٹور مالکان کو سختی کیساتھ ہدایت کی گئی کہ وہ لائسنس کی شرائط کے مطابق کام کریں ورنہ انکے لائسنس منسوخ کر دیے جائیں گے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید کا کہنا تھا کہ صحت کے معاملہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، غیر معیاری، جعلی ادویات بیچنے اور انسانی جانوں سے کھیلنے والے اتائی کسی رعایت کے مستحق نہیں انکے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کریں اور سخت کارروائی عمل میں لائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر طلحہ سعید نے ڈرگ انسپکٹرز کو مزید محنت کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں جعلی اور غیر معیاری ادویات بیچنے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور انکے خلاف سخت سے سخت کاروائی کریں۔

## جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، تنویر خان بلوچ

### پولیس اور صحافت کا چولی دامن کا ساتھ ہے، احسن کلیم چنڑ کی گفتگو

احسن کلیم خان چنڑ

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ قوت) دیپال پور تھانہ صدر کی ذیلی چوکی پیلی پہاڑ کے انچارج اے ایس آئی خان تنویر خاں جتوئی بلوچ اور احسن کلیم خاں چنڑ کی پریس کلب سکندر چوک کے صحافیوں سے خصوصی ملاقات جرائم کے خاتمے کے لیے مل جل کر ساتھ چلنے کا عہد۔ اس موقع پر اے ایس آئی تنویر خاں بلوچ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ڈی پی او اوکاڑہ کی ہدایت کے مطابق جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں انھوں نے صحافیوں سے اپیل کی کہ وہ علاقہ سے جرائم کے خاتمہ کیلئے پولیس سے تعاون کریں پولیس اور صحافت کا چولی دامن کا ساتھ ہے احسن کلیم چنڑ نے کہا جرائم پیشہ افراد کے لیے آخری حد تک جاؤں گا کوئی قانون سے بالاتر نہیں علاقے سے جرائم کے خاتمے کیلئے دن رات اپنی کوششیں جاری رکھوں گا صحافی اور کاروباری حضرات جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کا ساتھ دیں تاجر حضرات اپنی دکانوں اور پٹرول پمپوں پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کریں تاکہ چوروں اور ڈکیتوں کو بروقت پکڑا جا سکے۔

## حلقہ کے عوام سے کئے وعدے وفا کر رہے ہیں۔ چوہدری خرم خان ورک

### عوامی مسائل سن کر موقع پر احکامات جاری کرتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری بلدیات

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) الیکشن کے دوران اپنے انتخابی حلقہ کے معزز عوام سے کئے گئے وعدے وفا کرنے کیلئے پرعظم ہوں۔ میرے حلقہ کے عوام کے ووٹ کی طاقت سے اسمبلی میں پہنچا اور آپکی دعاؤں سے انشاءاللہ آج پارلیمانی سیکرٹری بلدیات بن چکا۔ ان باتوں کا اظہار ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب چوہدری خرم خان ورک پارلیمانی سیکریٹری بلدیات نے ڈیرہ ذیلدار ہاؤس ورک پر حلقہ سے آئے ساتھیوں کے مسائل سنتے اور عمائدین حلقہ سے ملاقات کے موقع پر موجود سینئر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر عوامی مسائل کے فوری حل طلب معاملات بارے احکامات جاری کئے اور دیگر بارے متعلقہ فورم کے آفیسرز کو ھدایات جاری کیں۔ ڈیرہ پر چوہدری محسن اشرف بریار سابق MPA ڈیرہ ذیلدار ہاؤس پر تشریف لائے اور پارلیمانی سیکریٹری بلدیات منتخب ہونے پر چوہدری خرم خان ورک کو مبارکباد دی۔

## عطائی ڈاکٹر نے غلط انجکشن لگا کر تین بچوں کے باپ کو مار ڈالا

### لواحقین نے عطائی ڈاکٹر کیخلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست دیدی

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) تھانہ کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ کے نواحی شیر پور میں جعلی عطائی ڈاکٹر نے غلط انجکشن لگا کر تین بچوں کے باپ کو مار ڈالا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کوٹلی لوہاراں کے نواحی شیر پور میں نام نہاد جعلی عطائی ڈاکٹر اکرام نے عرصہ دراز سے کلینک بنا رکھا ہے۔ 25 سالہ صغیر جو کہ بخار میں مبتلا تھا بخار کی میڈیسن لینے کیلئے جعلی عطائی ڈاکٹر اکرام کے پاس بخار کی دوائی لینے گیا جس پر جعلی عطائی نے صغیر کو فوری طور غلط انجکشن لگا دیا جس کی وجہ سے غلط انجکشن لگنے سے بازو میں زہر پھیلنے سے تین بچوں کا باپ صغیر جاں بحق ہو گیا۔ لواحقین نے جعلی عطائی ڈاکٹر کیخلاف محکمانہ کاروائی مقدمہ درج کرنے کیلئے درخواست کاروائی شروع کر دی۔

## میاں صابر کی رہائشگاہ پر پیر سید جج شاہ اور پیر سید علی مردان شاہ کی زیر صدارت محفل میلاد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نواحی گاؤں ڈیرہ اشرف میں میاں صابر کی رہائشگاہ پر پیر سید جج شاہ اور پیر سید علی مردان شاہ کی زیر صدارت محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد کیا گیا جس میں مذہبی و سکالر مفتی شہباز رسول سعیدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر کرنا اللہ کی خوشنودی کا باعث ہے اسی لیے درود وسلام اور نعت کی محافل سجاتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جو کائنات کی تمام مخلوقات کیلئے رحمت بن کر آئے ہیں ان کا ذکر قیامت تک جاری رہے گا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اتنی شان اور مقام عطا کیا ہے کہ کوئی جتنی مرضی کوشش کر لے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف کو بیان نہیں کر سکتا آپ کا ذکر قیامت تک مسلسل بھی کیا جائے تو وقت ختم ہو جائے گا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر بلند رہے گا علامہ طاہر محمود چشتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ختم نبوت کا تاج سجا کر آئے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کے تمام انبیاء اور رسولوں سے فضیلت دے کر بھیجا ہے قیامت تک کیلئے نبوت کا سلسلہ مکمل ہو چکا ہے میاں محمد نواز نے نقابت قاری ندیم فریدی نے تلاوت صداقت علی سیالوی اکرم علی قادری اور سیٹھ رمضان نے نعت پیش کی۔

## جماعت اسلامی کا بیروزگاری، مہنگائی، بجلی بلوں کیخلاف احتجاج


حافظ نعیم کا ساتھ دو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کی جانب سے مہنگائی بیروزگاری بجلی کے بلوں میں اضافی ٹیکسز اور آئی پی پیز کے آڈٹ سمیت دیگر حکومتی معاہدہ کی 45 دن کی مدت پر عملدرآمد نہ ہونے پر جناح پارک چوک میں احتجاجی دھرنا دیا گیا جس میں جماعت اسلامی کے نائب امیر سینٹرل پنجاب وقاص بٹ، ضلعی امیر رانا تحفہ دستگیر احمد خاں، سٹی امیر جاوید اقبال سندھو جنرل سیکرٹری عبدالرحمن گجر، پی پی 143 کے امیر میاں عدنان، صدر جے آئی یوتھ ڈاکٹر الطاف حسین، نائب قیم قیصر مختار ہاشمی، الخدمت فاؤنڈیشن پی پی 143 کے صدر رانا عمران اسلم، سابق ٹکٹ ہولڈر پی پی 143 محمد ارشد کمبوہ، صدر کسان اتحاد صفدر آباد چوہدری محمد ارشد گجر، رانا لیاقت علی، رانا اویس، چوہدری محمد افضل گجر، میاں نصیر احمد، محمد نواز تارڑ، ڈاکٹر میاں رمضان سمیت جماعت اسلامی کے مردوں وخواتین نے بھرپور شرکت کی دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر سینٹرل پنجاب وقاص بٹ، ضلعی امیر رانا تحفہ دستگیر احمد خاں میاں عدنان، قیصر مختار ہاشمی و دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ حافظ نعیم الرحمن کی کال پر حکومت کی جانب سے مہنگائی بجلی کے بلوں اضافی ٹیکسز اور آئی پی پیز کے آڈٹ سمیت مختلف معاہدوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر پورے پاکستان میں پرامن احتجاجی دھرنا دیا جا رہا ہے تاکہ حکومت وقت اپنے کئے گئے معاہدوں پر عملدرآمد 100 فیصد یقینی بنائیں جماعت اسلامی کی حق دو عوامی تحریک پاکستان کی عوام کے لیے ہے اس پر حکومت کو ہر صورت عملدرآمد کرنا ہو گا دھرنا ختم ہونے کے بعد حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کے غائبانہ نماز جنازہ اور عالم اسلام کی ترقی وخوشحالی کے لیے دعا کی گئی

## الرحمہ انسٹی ٹیوٹ واربرٹن میں اے ڈی پی (بی اے ٹو) 2024 کے امتحانی نتائج کا اعلان کر دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم کے زیر اہتمام الرحمہ انسٹی ٹیوٹ واربرٹن میں اے ڈی پی (بی اے ٹو) 2024 کے امتحانی نتائج کا اعلان کر دیا گیا، چیئرمین دارالاسلام قرآن انسٹی ٹیوٹ عبدالمالک مجاہد اور ڈائریکٹر حافظ عبدالعظیم کے مطابق سالانہ امتحانات میں حافظ عبداللہ نصیر، حافظ ابوطلحہ، حافظ نعمان رشید، حافظ احمد سبحان، حافظ محمد یاسر، گوہر ایوب، محمد عبداللہ، محمد کامران، حافظ محمد احمد، عبدالمنان و دیگر طلبہ نے نمایاں نمبروں سے کامیابی حاصل کی جو ادارہ کے اساتذہ کی پیشہ وارانہ خدمات اور انتھک محنت کا ثبوت ہے ہم فروغ تعلیم کیلئے کوشاں ہیں اور عصری علوم کے ساتھ ساتھ دینی وسلفی علوم کی ترویج کیلئے بھی بھرپور کردار ادا کیا جا رہا ہے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

# اسرائیلی دہشت گردی جاری، خطے میں جنگ پھیلنے کا خدشہ

ناجائز ریاست اسرائیل کی دہشت گردی کا سلسلہ جاری ہے اور اس کی بڑھتی ہوئی کارروائیاں غزہ سے آگے بڑھ کر پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہیں۔ لبنان پر غاصب اسرائیلی فوج کے دہشت گرد حملے کے بعد حزب اللہ نے سربراہ حسن نصر اللہ کو شہید کرنے کی تصدیق کر دی ہے۔ غاصب اسرائیلی فوج نے بیروت میں حزب اللہ کے مرکزی ہیڈکوارٹر پر دہشت گرد حملہ کیا جس کا بنیادی مقصد سید حسن نصر اللہ کو نشانہ بنانا تھا۔ غاصب اسرائیلی فوج کی جانب سے دعویٰ کیا گیا تھا کہ حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ اور ان کی بیٹی زینب نصر اللہ حملے میں شہید ہو گئے ہیں۔ اب حزب اللہ نے اس دعوے کی باقاعدہ تصدیق کر دی ہے۔ غاصب اسرائیلی فوج نے حزب اللہ کے میزائل یونٹ کے سربراہ محمد علی اسماعیل اور نائب حسین احمد اسماعیل کو بھی شہید کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ حملے میں ایرانی پاسداران انقلاب گارڈز کے ڈپٹی کمانڈر عباس نلفروشن بھی شہید ہو گئے۔

ادھر، نعیم قاسم نئے سربراہ کے انتخاب تک حزب اللہ کے معاملات سنبھال لیں گے۔ نعیم قاسم حزب اللہ شوریٰ کمیٹی کے مسلسل 3 مرتبہ رکن رہ چکے ہیں۔ امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ حسن نصر اللہ کے خالہ زاد بھائی اور داماد ہاشم صفی الدین کو حزب اللہ کا نیا سربراہ بنایا جائے گا۔ ہاشم صفی الدین ایگزیکٹو کونسل کے سربراہ کے طور پر حزب اللہ کے سیاسی امور کی نگرانی کرتے ہیں اور وہ حزب اللہ کی جہاد کونسل کا بھی حصہ ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے ہاشم صفی الدین کو 2017ء میں دہشت گرد قرار دیا تھا۔

حسن نصر اللہ کی شہادت کے بعد ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کو بھی محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا، سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے جبکہ اپنے بیان میں انھوں نے تمام مسلمانوں کو حزب اللہ اور لبنان کے عوام کے ساتھ کھڑے ہونے کی اپیل کر دی۔ آیت اللہ خامنہ ای نے بیان میں کہا کہ لبنان میں غیر مسلح شہریوں کی شہادت سے صیہونی حکومت کی وحشیانہ فطرت آشکار ہو گئی ہے۔ دہشت گرد گینگ حکمران صیہونی رہنماؤں نے غزہ میں ایک سال کی جنگ سے سبق نہیں سیکھا اور ان کو سمجھ نہیں آتی کہ خواتین، بچوں اور شہریوں کے قتل عام سے ان کی مزاحمتی طاقت کم نہیں ہو سکتی یا انھیں گھٹنے ٹیکنے پر مجبور نہیں کر سکے۔ اب وہ لبنان میں وہی پالیسی آزما رہے ہیں۔ خطے میں تمام مزاحمتی طاقتیں حزب اللہ کے ساتھ کھڑی ہیں اور مکمل تعاون کر رہی ہیں۔ خامنہ ای نے مزید کہا کہ لبنانی یہ بات بھی نہیں بھولے کہ ایک وقت تھا جب قابض حکومت کے فوجی بیروت کی طرف پیش قدمی کر رہے تھے اور حزب اللہ ان کو روکتی تھی۔ آج اللہ کے فضل سے لبنان پھر دشمنوں کو ان کی جارحیت اور کھوکھلے پن کے اقدامات پر شرمسار کر دے گا۔

دوسری طرف، امریکا نے ناجائز ریاست اسرائیل کے دفاع کا اعلان کرتے ہوئے ایک بار پھر واضح کر دیا ہے کہ اسرائیل کی دہشت گردی کو امریکا کی مکمل تائید و حمایت حاصل ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے مشرقِ وسطیٰ میں فورسز کو الرٹ کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ پینٹاگون اسرائیلی حمایت کے لیے موجود افواج کی جنگی تیاریوں کو یقینی بنائے۔ پینٹاگون کو 40 ہزار سے زائد امریکی فوجیوں کو الرٹ رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن اور پینٹاگون نے بھی مشرق وسطیٰ میں اسرائیل اور امریکی فورسز کا دفاع یقینی بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور یمنی حوثیوں کے لیے یہ واضح پیغام ہے کہ امریکی عسکری اثاثوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو نتائج سنگین ہوں گے۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ حسن نصر اللہ کی کا اختتام منصفانہ اقدام ہے۔

امریکی صدر کے بیان سے یہ بات پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ امریکا ایک بار مشرق وسطیٰ میں جنگ کے شعلے بھڑکا رہا ہے۔ اسرائیل کو غزہ، لبنان اور مشرق وسطیٰ کے دیگر علاقوں میں دہشت گردی کے اسلحہ اور گولا بارود مہیا کر کے امریکا، برطانیہ اور دیگر مغربی ممالک صاف طور پر یہ اعلان کر رہے ہیں کہ وہ کسی قاعدے ضابطے کو نہیں مانتے اور وہ دنیا میں امن کے قیام کے بھی خلاف ہیں۔ عالمی عدالتِ انصاف میں جہاں اسرائیل کے خلاف کارروائی کے لیے کوششیں کی جا رہی ہیں وہیں امریکا اور اس کے ان حواریوں کے خلاف بھی کارروائی کی بات ہونی چاہیے جو اسرائیل کو دہشت گردی کے ساز و سامان فراہم کر رہے ہیں۔

اس پوری صورتحال میں سب سے افسوس ناک اور قابلِ مذمت کردار مسلم ممالک کے ان رہنماؤں کا ہے جو مذمتی بیانات سے آگے بڑھ کر کوئی ٹھوس اور عملی اقدامات نہیں کر رہے ہیں۔ حالات و واقعات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جب تک مسلم ممالک اسرائیل اور اس کی پشت پناہی کرنے والے ممالک کے خلاف ٹھوس کارروائی نہیں کریں گے تب تک اسرائیلی دہشت گردی کا راستہ نہیں روکا جا سکتا۔ امریکا اور اس کے حواری چاہتے ہیں کہ دہشت گرد اسرائیل کے ذریعے پورے مشرقِ وسطیٰ میں جنگ کا دائرہ پھیلایا جائے۔ اسماعیل ہنیہ اور حسن نصر اللہ کو شہید کر کے یہ عندیہ دیا گیا ہے کہ امریکا اور اس کے حواری خطے کو پر امن اور مستحکم نہیں ہونے دینا چاہتے۔ اب بھی اگر مسلم ممالک کے حکمران محض بیانات ہی جاری کرتے رہے تو پھر وہ وقت دور نہیں جب ایک ایک کر کے یہ سب امریکا کی پھیلائی ہوئی دہشت گردی کا نشانہ بنیں گے۔

# حزب اللہ کے قائد حسن نصر اللہ کی حیران کن شہادت



nusrat.javeed@gmail.com

دو دن گزر جانے کے باوجود میرا ذہن ابھی تک یہ تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہو رہا کہ حزب اللہ کے قائد حسن نصر اللہ اسرائیلی حملے کی وجہ سے اس دنیا میں نہیں رہے۔ اسرائیل کی خفیہ ایجنسی اور وحشیانہ قوت کی رسائی مسلمہ ہے۔ چند ہی ہفتے قبل اس کا اظہار حماس کے رہنما ہنیہ کی شہادت سے ہوا تھا جو ایران کے صدر کے جنازے میں شرکت کے لیے تہران گئے تھے۔ حماس کے رہنما ایران کے محفوظ ترین تصور ہوتے علاقے میں واقعہ ایک گھر میں شب بسری کے لیے ٹھہرے۔ ابھی تک یہ طے نہیں ہو پایا کہ ان کی شہادت ان کے کمرے میں پہلے سے موجود دھماکہ خیز مواد کی وجہ سے ہوئی یا ریموٹ کلنگ کا نشانہ بنے۔ خفیہ اور دفاعی امور کے ماہرین کی اکثریت مگر یہ مانتی ہے کہ وہ مستقل اسرائیلی خفیہ ایجنسیوں کی نگاہ میں تھے۔ انھیں تہران کے محفوظ ترین تصور ہوتے مکان میں نشانہ بنانے کا اصل مقصد درحقیقت ایران کو یہ باور کروانا تھا کہ اسرائیل جب چاہے اس کے کسی بھی علاقے یا اہم شخصیت کو اپنے ہتھیاروں کی زد میں لے سکتا ہے۔ ہنیہ کی ایران میں شہادت کے باوجود میں اس گمان میں مبتلا رہا کہ اسرائیل کے لیے حسن نصر اللہ کو نشانہ بنانا ناممکن ہے۔

میرے اعتماد کی وجہ لبنان میں گزرے سات ہفتے تھے جن کے دوران میں نے 2006ء میں لبنان کے جنوب میں واقعہ حزب اللہ کے حلقہ اثر والے علاقوں پر اسرائیل کی مسلط کردہ جنگ کا مشاہدہ کیا تھا۔ بیروت کے جس ہوٹل میں قیام پذیر تھا اس کے عین سامنے واقعہ ایک عمارت میں پاکستان کا سفارت خانہ تھا۔ میرا خیال تھا کہ خدانخواستہ اگر اسرائیل کی فوج بیروت میں داخل ہو گئی تو اس کی آمد سے چند ہی لمحات قبل اپنا سامان سمیٹ کر پاکستانی سفارت خانے میں پناہ گزین ہو سکتا ہوں۔ اسی باعث ہمہ وقت اپنا سوٹ کیس تیار رکھتا۔ اسرائیل نے مگر زمینی حملے سے گریز کیا۔ نہایت وحشت سے کئی دنوں تک بیروت کے جنوبی محلوں اور وہاں سے اسرائیل کی سرحد تک پھیلے تقریباً ہر شہر اور گاؤں کو مستقل فضائی بمباری کی زد میں رکھا۔ فضائی حملوں کی دہشت سے جنوبی بیروت میں زندگی مفلوج ہو گئی۔ جس پانچ منزلہ ہوٹل میں مقیم تھا وہاں میرے سوا دو دنوں تک کوئی اور شخص قیام پذیر نہ تھا۔ بعدازاں جنوبی لبنان سے نقل مکانی کرتے ہوئے دو سے تین خاندان ایک دو روز وہاں قیام کے بعد کہیں اور منتقل ہو جاتے۔

اپنے قیام کے دوران میں ناشتہ کے بعد پیدل چلتے ہوئے لبنان کے جنوبی علاقوں میں پہنچ جاتا۔ وہاں گھنٹوں گھومتے ہوئے کسی انسان کی صورت نظر نہ آتی۔ دکانوں اور گھروں کے دروازے اور کھڑکیاں بند ملتے۔ وہاں گھومتے ہوئے اکثر بچپن میں سنی وہ کہانیاں یاد آ جاتیں جو کسی شہر کو ظلم کی وجہ سے ساکت ہوا بتاتی ہیں۔ ہو کے ایسے عالم میں فضاؤں میں اڑتے ڈرون کی آوازیں دل میں خوف کو مزید بڑھا دیتیں۔ فضائی مشاہدے سے کچھ وقت کو نجات ملتی تو اچانک کسی گلی سے تین یا چار موٹر سائیکل نمودار ہو جاتے۔ ان کے سوار نوجوانوں نے ٹی شرٹس اور جینز پہنی ہوتیں۔ وہ نہایت مہذب انداز میں ایک گھر کا دروازہ کھول کر مجھے اس کے اندر لے جاتے اور امریکی لہجے میں بولی انگریزی میں یہ جاننے کی کوشش کرتے کہ میں کون ہوں اور ان علاقوں میں کیا ڈھونڈ رہا ہوں۔ ان کے رویے سے تاثر یہ ملتا کہ وہ مجھے اسرائیل کا جاسوس تصور کر رہے ہیں۔ بدتمیزی کیے بغیر مگر وہ نہایت پیشہ وارانہ انداز میں پوچھے سوالوں سے بالآخر اس نتیجے پر پہنچ جاتے کہ میں پاکستان سے آیا ایک صحافی ہوں جس کی دلی ہمدردی بھی ان کے ساتھ ہے۔ یہ جاننے کے باوجود وہ مجھے اپنے علاقے میں مزید گھومنے کی اجازت نہ دیتے۔ نہ ہی ان کی جانب سے اسرائیل کے ڈھائے مظالم کے خلاف تقریر سننے کو ملتی۔ حزب اللہ کے بارے میں کوئی سوال پوچھنے کی ہمت ہی ان کا رویہ چھین لیتا۔

مذکورہ جنگ کا آغاز ہوتے ہی مجھے شبہ تھا کہ اسرائیل اپنے وسائل کی بدولت زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے میں حزب اللہ کو سرنگوں ہونے کو مجبور کر دے گا۔ یہ جماعت اور اس کے حامی مگر مزاحمت کو ڈٹے رہے۔ سب سے زیادہ حیران کن بات یہ بھی رہی کہ جنگ کے دوران ہر شام حسن نصر اللہ حزب اللہ کے چلائے المینار ٹی وی پر اپنے حامیوں سے پرجوش خطاب کرتے۔ اس کی وجہ حزب اللہ سے وابستہ نوجوانوں کی ابلاغ کے جدید ترین ذرائع پر گرفت تھی۔ بعدازاں دریافت یہ ہوا کہ ان میں سے چند نوجوانوں کو حزب اللہ نے بچپن ہی میں اپنے خرچے پر امریکا بھجوا دیا تھا۔ وہاں کی عالمی سطح پر مشہور ہوئی یونیورسٹیوں سے ان نوجوانوں نے کمپیوٹر کے استعمال کی تربیت حاصل کی اور ہنر ابلاغ کے جدید ترین تقاضوں سے آگاہ ہوئے۔

بالآخر جنگ ختم ہو گئی تو ایک سیلاب کی صورت جنوبی لبنان سے نکلے حزب اللہ کے حامی اپنے قصبوں اور گھروں کو لوٹنا شروع ہو گئے۔ بیروت کے جنوب میں واقع جو علاقے مجھے طلسم زدہ ہوئے نظر آئے تھے اچانک پرہجوم نظر آنے لگے۔ بے تحاشا مکانات کے باہر دیوہیکل مشینیں نصب تھیں۔ ان دنوں لبنان میں حزب اللہ کے ناقدین نے اخباروں میں 'سیلاب سبز' کی اصطلاح استعمال کی۔ دعویٰ ہوا کہ جو بھی مکان اسرائیل کی فضائی بمباری کا نشانہ بنا تھا اس کے مکینوں کو 12 ہزار ڈالر دیے گئے ہیں۔ یہ ڈالر مکانات کی بحالی کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔

رازداری پر کامل ایمان کے ساتھ منظم ہوئی حزب اللہ کے قائد تک رسائی مذکورہ بالا مشاہدات کی وجہ سے مجھے ہمیشہ ناممکن محسوس ہوتی رہی۔ اسرائیل مگر ان تک پہنچ گیا اور حزب اللہ نے بھی سرکاری طور پر ان کی شہادت کی تصدیق کر دی ہے۔ مسلم امہ کی جانب سے ان کی شہادت کے بعد مذمتی بیانات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسرائیل کا صیہونی تعصب کی بنیاد پر قیام میرے دل نے آج تک قبول نہیں کیا۔ ایک دہشت گرد ریاست ہی تصور کرتا ہوں۔

اپنے دل میں موجود تعصبات کے باوجود اس امر پر اصرار کرنے کو مجبور ہوں کہ اسرائیل وحشیانہ ڈھٹائی سے اپنے جارحانہ رویے پر قائم و دائم ہے تو اس کی بنیادی وجہ وہ حیران کن لگن بھی ہے جس کی بدولت وہ اپنی بقاء کو یقینی بنانے کے لیے محض جذبات پر تکیہ نہیں کرتا۔ اس کی خفیہ ایجنسی جدید بنیادوں پر تربیت یافتہ ہے اور اپنے اہداف کے حصول کے لیے ہر حربہ اختیار کرنے کی صلاحیت سے مالا مال بھی۔ مسلم امہ نے مگر معاملات کو فقط جذباتی انداز میں دیکھنے کی روش اختیار کر رکھی ہے۔ علم کا حصول جو مومن کی میراث تصور ہوتا تھا ہمارا حقیقی ہدف نہیں رہا۔ فرسودہ رویے ترک کرنے سے ہمیں خوف آتا ہے اور نت نئی ایجادات کے لیے ہمارے دل و دماغ مچل کر ہی نہیں دیتے۔ ایسے عالم میں سوائے مذمتی بیانات کے ہم اور کر بھی کیا سکتے ہیں۔ یہ بات تسلیم کرنے کے بعد بھی مصر رہوں گا کہ حسن نصر اللہ کی شہادت حزب اللہ کو ختم نہیں کر پائے گی۔ اس تنظیم کا قیام ان 18 برسوں کے دوران عمل میں آیا تھا جب اسرائیل 1982ء سے 2000ء تک اپنی افواج سمیت جنوبی لبنان کے بے تحاشا علاقوں پر قابض تھا۔ اسرائیل کے براہ راست قبضے میں جوان ہوئی اس تنظیم کو ختم کرنا میری دانست میں ممکن ہی نہیں۔ اسرائیل کو بالآخر اس کے ساتھ کوئی سمجھوتہ ہی کرنا پڑے گا۔

# ”کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں“

احوال......ٹیکسلا
قاری ولی الرحمٰن
نمائندہ خصوصی

سات ستمبر 1974......اس روز سعید کو قومی اسمبلی نے ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں فتنہ مرزائیت کا سر کچلنے کیلئے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کی متفقہ قرارداد منظور کر لی تھی، تحفظ ختم نبوت کیلئے قومی اسمبلی میں بنائے گئے قانون کی گولڈن جوبلی 2024ء میں بڑے جوش وخروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ 6 ستمبر بروز جمعرات بعد نماز مغرب بانی دارالعلوم تعلیم القرآن راولپنڈی، شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ کے مرکز میں ختم نبوتؐ و شہداء اسلام کانفرنس کا انعقاد عمل میں لایا گیا، جس میں ملک کی قومی، اور مذہبی شخصیات سمیت تاجر تنظیموں کے عہدیداران نے بھی مذہبی و ملی جوش و جذبہ کے ساتھ شرکت کی۔ صدارت جانشین شیخ القرآن مولانا اشرف علی نے کی، اور مذکرہ کانفرنس جو رات گئے تک جاری رہی، سے قومی رہنماؤں نے تقاریر نے شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان کی زندگی میں ہونے والے مذہبی جلسوں اور قومی تحریکوں کے دنوں کی یاد تازہ کر دی، کانفرنس میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی، دارالعلوم کی مسجد کے اندرونی حصے، مرکزی حال، برآمدے اور صحن کے علاوہ مسجد کے بیرونی گیٹ کے باہر راجہ بازار میں بھی عوام نے جمع ہو کر کانفرنس کی کاروائی کو دیکھا اور سنا، راجہ بازار میں عوام کیلئے کانفرنس کی کاروائی کی سہولت بڑی سکرینیں لگا کر فراہم کی گئی، راولپنڈی کی انتظامیہ اور پولیس نفری بھی حفاظتی اور احتیاطی طور پر شہر کو جانے والے راستوں پر تعینات رہی، کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، بعدازاں معروف نعت خواں قاری صفی اللہ بٹ اور پشتو نعت خواں احسان اللہ فاروقی نے اپنے مخصوص انداز میں حمد و نعت اور ختم نبوتؐ کے عنوان سے نظمیں پیش کیں، قائدین کی آمد، بالخصوص مولانا فضل الرحمن، پروفیسر محمد طلحہ سعید، لیاقت بلوچ، علامہ محمد احمد لدھیانوی، اور پیر سید ضیاء اللہ شاہ بخاری کی آمد پر شرکاء کانفرنس نے پرجوش نعرے لگا کر اور کھڑے ہو کر استقبال کیا، مولانا فضل الرحمن کی آمد کے موقع پر علامہ محمد احمد لدھیانوی نے ان کا سٹیج پر استقبال کیا، اور پھر دونوں رہنماؤں نے سٹیج پر ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر اظہار یکجہتی کیا، کانفرنس کے عظیم الشان اجتماع سے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بانی پاکستان نے قیام پاکستان کے ایک سال بعد معرض وجود میں آنے والے اسرائیل کے بارے میں کہا تھا کہ ”اسرائیل ناجائز بچہ ہے“ انہوں نے کہا کہ شام، کویت، لیبیا، کے بعد فلسطینیوں پر آگ اور خون کی جو مصیبتیں ڈھائی گئی ہیں، اس میں تمام اسلام دشمن قوتیں پوری طرح شامل ہیں، انسانی حقوق کے علمبردار ممالک بھی خاموش ہیں، اور بے گناہ مسلمانوں کا بے دریغ قتل عام کیا جا رہا ہے، عالمی قوانین کے نفاذ کی بات کرنے والے مغربی حکمرانوں کو اسرائیلی حملوں سے ہلاک ہونے والی خواتین بچے اور معصوم بچیاں ظلم کا نشانہ بنتے ہوئے دکھائی نہیں دے رہے، انہوں نے کہا کہ قائداعظم کی ہر بات کا حوالہ دیا جاتا ہے، مگر آج اسرائیل کو جو اسلحہ اور دولت کی سپورٹ کی جا رہی ہے، اس حوالے سے بانی پاکستان کا قول کسی کو یاد نہیں آ رہا۔ ہم نے ختم نبوتؐ کے تحفظ کیلئے اپنے اسلاف اور اکابرین کی قربانیوں کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ کے فضل سے بھرپور کردار ادا کیا، اور آئندہ بھی اسلام، پاکستان اور ختم نبوتؐ کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، انہوں نے کہا کہ مینار پاکستان لاہور میں تحفظ ختم نبوتؐ کے قوانین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر جو عظیم الشان اجتماع منعقد کیا گیا، اس سے نئی نوجوان نسل تک ختم نبوتؐ کی اہمیت وفضیلت کو اجاگر کرنے میں بڑی مدد ملی ہے، اور انٹرنیشنل سطح پر ختم نبوتؐ کے دشمنوں کو بھی ایک موثر پیغام دے دیا گیا ہے، کہ پاکستان کا مسلمان ختم نبوتؐ کے تحفظ کیلئے اپنی جان مال عزت آبرو، سب کچھ قربان کرنے کیلئے تیار ہے، انہوں نے کہا کہ اسلام دشمن طاقتوں کا مقابلہ کرنے کیلئے ہم تمام مسلمانوں کو اپنی عملی زندگیوں میں ”مومن“ والی صفات پیدا کرنا ہونگی، کانفرنس سے جماعت اسلامی کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ، جماعت الدعوۃ کے مرکزی نائب امیر حافظ طلحہ سعید، جمعیت اشاعت التوحید والسنہ پاکستان کے مرکزی امیر پیر سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، قائد اہلسنت علامہ محمد احمد لدھیانوی، جے یو آئی پنجاب کے امیر ڈاکٹر قاری عتیق الرحمن، مولانا مفتی عبدالسلام، مولانا نذیر احمد فاروقی، شیخ الحدیث مولانا ظہور احمد علوی، اور تحریک استحاد امت کے مرکزی چیئرمین پیر سید چراغ الدین شاہ، قاضی مشتاق احمد، مرکزی انجمن تاجران پنجاب کے صدر شاہد غفور پراچہ، تاجر تنظیم راولپنڈی کے عہدیدار شرجیل میر، نے بھی خطاب کیا، شرکاء میں قاری محمد انس، مولانا مفتی عبدالرحمن توکلی، مولانا مفتی تاج الدین اور مولانا حفیظ الرحمن آف حضرو بھی شامل تھے، سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا مفتی جمیل احمد سکھروی نے انجام دیئے، دیگر انتظامی امور میں مولانا ولی اللہ خان، مولانا گوہر رحمن، مولانا مفتی انعام اللہ خان، مولانا اکرام اللہ، قاضی عطاء الحق، اور آغاز ارشد محمود بھرپور سرگرم عمل رہے، جماعت اسلامی کے لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ ہم اسلام اور پاکستان کیلئے پہلے بھی قربانیاں دیتے آئے ہیں، اور آئندہ بھی ہم کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، پیر سید ضیاء اللہ شاہ بخاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ برصغیر میں انگریزوں کو نکالنے کیلئے علماء دیوبند نے جو تاریخی اور جراتمندانہ کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں انگریز کو ہندوستان سے نکلنا پڑا، تو انہوں نے مسلمانوں کے اندر فتنہ کھڑا کرنے کی خاطر غلام احمد قادیانی لعنتی کو نبوت کے دعوے سمیت لانچ کر دیا، لیکن اس دور کے عظیم رہنماء علامہ سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کے ساتھ مل کر مرزاء قادیانی کو اس کے جھوٹے دعوے سمیت بے نقاب کر دکھایا، انہوں نے کہا کہ توحید و ختم نبوتؐ ساتھ ساتھ ہیں، جس طرح اللہ کی وحدانیت کے ساتھ کسی کو شامل نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح ختم نبوتؐ کے ساتھ کسی اور کو جوڑا نہیں جا سکتا۔ جماعت الدعوۃ کے مرکزی رہنماء حافظ پروفیسر طلحہ سعید نے کہا کہ تحفظ ختم نبوت عظمت ناموس صحابہؓ و دیگر شعائر اسلام کے تقدس کے تحفظ کیلئے تمام دینی جماعتیں متحد ہو کر مشترکہ کردار ادا کرنے کی ٹھان لیں، تو پھر کسی ملعون اور منکر ختم نبوتؐ کو شعائر اسلام کے خلاف بات کرنے کی جرات نہیں ہو سکے گی، قائد اہلسنت علامہ محمد احمد لدھیانوی نے پرجوش انداز میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری جدوجہد دین اسلام کے بنیادی ستونوں یعنی صحابہ کرامؓ کے مقام و مرتبہ اور عظمت تحفظ کیلئے اس لیئے ہے کہ جناب سیدنا صدیق اکبرؓ نے اس دور کے مسلمہ کذاب لعنتی کے پیدا کردہ فتنہ اور نبوت کے جھوٹے دعوے کا قلع قمع کرنے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اپنا کردار ادا کیا تھا، ہم اہلسنت والے صحابہ کرامؓ کے مشن کے وارث ہیں، اور مولانا حق نواز جھنگوی شہید نے اس ملک میں صحابہؓ کے دشمنوں کو بے نقاب کرنے کیلئے جو تحریک شروع کی تھی، ہم آج بھی اس تحریک کے ساتھ کھڑے ہیں، انہوں نے کہا کہ فتنہ قادیانیت کا سر کچلنے کیلئے ہماری جماعت اہلسنت کے اکابرین پہلے بھی ہراول دستہ تھے، ہم آئندہ بھی مرزائیت کا مکمل دلائل اور حقائق کے ساتھ تعاقب جاری رکھیں گے۔

# سیاسی قیادت کی کوشش، آرمی چیف کا عزم اور متعصب نریندرا مودی کے ملک میں بے روزگاری!!!



lahore1947@gmail.com

سیاسی قیادت ملک میں معاشی استحکام کے لیے کوششیں کر رہی ہے۔ معاشی استحکام میں وقت تو لگے گا، بالخصوص معاشی اصلاحات کے بغیر یہ ممکن نہیں۔ اس مقصد کو پورا کرنے اور ہدف کو حاصل کرنے کے لیے دلیرانہ، بے رحمانہ اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے بہتر فیصلے کرنا ہوں گے۔ بالخصوص اس طبقے کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہے جو آج تک مختلف طریقوں سے بچا رہتا ہے۔ آج ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنا کر ہم اس منزل کی طرف بڑھ سکتے ہیں جس کا خواب دیکھا گیا تھا یا ہم اس خواب کی تعبیر پا سکتے ہیں جو ہمارے بزرگوں نے اس ملک کے حوالے سے دیکھا تھا۔ ہم ایٹمی طاقت بنے، دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا پھر ہم کیوں معاشی طاقت نہیں بن سکتے، باوجود اس کے کہ ہمارے پاس وہ تمام وسائل موجود ہیں کہ ہم معاشی اعتبار سے بھی ترقی کریں لیکن اس کے باوجود ہماری معاشی کشتی ہچکولے کھاتی رہتی ہے۔ آج ڈالر کی قیمت میں ٹھہراؤ ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی واقع ہو رہی ہے، یہ چیزیں بہرحال مثالی تو نہیں اس میں مزید کمی اور استحکام سے عام آدمی کے مسائل بھی حل ہو سکتے ہیں اور معاشی ترقی کا سفر بھی تیز ہو سکتا ہے لیکن پھر بھی اس راستے پر ضرور ہیں کہ اگر ایسے ہی فیصلے ہوتے رہے اور بڑے لوگوں کے حوالے سے ملک کے بہتر مستقبل کی خاطر سختی کی گئی تو یقیناً بہتری آئے گی۔ آئی ٹی کی بڑھتی ہوئی برآمدات، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے موصول ہونے والی ترسیلات زر پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس میں خطیر اضافے کا باعث بنیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اگست 2024 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس تین ماہ تک منفی رہنے کے بعد 75 ملین ڈالر اضافے کے ساتھ مثبت ہو گیا ہے۔ آئی ٹی کی برآمدات 27 فیصد اضافے کے ساتھ 298 ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں جس کے باعث اب آئی ٹی سیکٹر کا حصہ کل برآمدات میں 48 فیصد تک بڑھ گیا ہے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کی مد میں رواں مالی سال کے آغاز میں ہی چونسٹھ فیصد اضافے کے ساتھ 350 ملین ڈالر موصول ہونا معیشت کے لیے خوش آئند ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر اگست 2023ء کے مقابلے میں 09.2 بلین ڈالر سے بڑھ کر اگست 2024ء میں 94.2 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ یہ اعداد و شمار اچھے ہیں لیکن اصلاحات کا مطلب مسائل کا پائیدار حل ہے۔ ہر وقت قرضوں پر انحصار وقتی فائدہ ہو سکتا ہے لیکن اب ہمیں اس وقتی فائدے سے نکل کر نسلوں کی بہتری کی ذمہ داری نبھانی ہے۔ کاش کہ سیاسی قیادت واضح سوچ اور الفاظ کے ساتھ پیغام قوم کے سامنے رکھے، کاش سیاسی قیادت حقائق قوم کے سامنے رکھے اور نوجوانوں کی درست سمت میں رہنمائی کرے، ہمیں دنیا میں اپنا مقام پیدا کرنے کے لیے صاف گوئی کے کلچر کو فروغ دینا ہے۔ نوجوانوں کو اعتماد دینا ہے۔ تمام صوبائی حکومتوں کی بھی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ ہنگامے، توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ اور غیر ضروری احتجاج کے بجائے امن و سکون کے ماحول کو فروغ دیں۔ قوم خود جائزہ لے کہ احتجاج سے کیا حاصل ہوا ہے اور مناسب استحکام سے کیا ملا ہے۔ اسی تناظر میں افواج پاکستان کے سربراہ کا بیان حوصلہ افزا ہے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کہتے ہیں کہ پاک فوج غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائیوں کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان کے روشن مستقبل پر سب کو غیر متزلزل اعتماد ہونا چاہیے۔

ایک سال پہلے آپ لوگوں کو کہا تھا مایوس مت ہوں، مایوسی گناہ ہے، معاشرے میں مایوسی پیدا کرنے کی کوششوں کو اجتماعی کاوشوں سے شکست دی۔ پاکستان کی خوشحالی کے لیے کبھی امید نہیں چھوڑنا۔ پاکستان مختلف شعبوں میں غیر معمولی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان اپنے وسائل اور صلاحیت پر اقوام عالم میں جائز مقام لینا چاہتا ہے، دوست ممالک بالخصوص چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کا معاشی بحالی میں کردار قابل ستائش ہے۔ کاروباری برادری کے تعاون کے بغیر یہ کامیابیاں ممکن نہ تھیں۔ مغربی سرحد پر سمگلنگ کنٹرول کرنے کے معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوئے، گوگل، اسٹارلنک اور دیگر بین الاقوامی کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں، کراچی کی کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے۔

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے ساتھ ملاقات میں شریک تاجروں نے بتایا کہ آرمی چیف نے کہا کہ تاجر بیرون ملک میں رکھا پیسہ واپس لیکر آئیں، آئندہ سال شرح سود ”سنگل ڈیجٹ“ میں لانے اور بجلی کی قیمتوں میں کمی کی خوشخبری دیدی ہے۔ تاجروں نے آرمی چیف کو مشورہ دیا کہ ہمیں باہر رکھا پیسہ واپس لانے کیلئے ”ایمنسٹی سکیم دی جائے، آرمی چیف نے کہا تاجر اور صنعتکار ملک میں نئی انڈسٹری لگانے کیلئے تیار ہو جائیں۔

آرمی چیف کی تاجروں سے ملاقات بارے مختلف حلقے مختلف رائے رکھتے ہوں گے لیکن میں نے ہمیشہ یہ کہا ہے کہ ملکی بہتری کے لیے، ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کے لیے وزیراعظم ہوں، چیف جسٹس آف پاکستان ہوں، افواج پاکستان کے سربراہ ہوں یا مذہبی قیادت، یا نظریں سیاسی قیادت کی طرف ہوں سب کو اپنے اپنے ذاتی خیالات و مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ سب کی کوششوں کا مقصد ملک کی بہتری ہے تو سب الگ الگ کیوں کام کریں، مشترکہ لائحہ عمل بناتے ہوئے ایک ہی سمت میں وقت، توانائی اور سرمایہ لگایا جائے تو نتائج زیادہ بہتر ہو سکتے ہیں۔

دوسری طرف مودی سرکار جو کہ پاکستان میں امن و امان کو خراب کرنے کے لیے مختلف راستے اختیار کرتی ہے، کشمیریوں کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھنے کے لیے طاقت کا استعمال کی جاتی ہے۔ دنیا کو بھارت کا وہ چہرہ دکھانے کی کوششیں ہوتی ہیں جو زمینی حقائق سے متصادم ہیں۔ بھارت انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کا مرتکب ہوتا ہے۔

# ذکر پھر ”گنڈا“ وش کا



atsohail@gmail.com

پہلی جنگ عظیم کے بعد سے اب تک کی تاریخ میں یہ پہلا جلسہ ہے جو اس وجہ سے منسوخ کیا گیا کہ ”ہمیں پتہ ہے، ہمیں جلسے کی اجازت نہیں ملے گی۔ جی۔ ذکر پی ٹی آئی کے اس جلسے کا ہو رہا ہے جو آج ہونا تھا اور چار روز تک مسلسل یہ اعلان بھی کیا جاتا رہا کہ حکومت یا عدالت اجازت دے یا نہ دے، جلسہ تو ہوگا۔ آئندہ سے ہم بلا اجازت جلسے کیا کریں گے۔ بھلا یہ بھی کوئی بات ہوئی کہ پہلے اجازت لو، پھر جلسہ کرو، پھر اچانک، رات گئے اعلان کیا گیا کہ ہم جلسہ نہیں کریں گے۔ ہمیں پتہ ہے اجازت نہیں ملے گی اس لئے نہیں کریں گے۔

یہ پہلا جلسہ نہیں ہے جو ملتوی کیا گیا۔ حالیہ تین چار مہینوں میں پی ٹی آئی نے چھ سات جلسے اجازت ملنے کے باوجود منسوخ کیے۔ دو جلسے کیے بھی۔ ایک گزشتہ سے پیوستہ ہفتے میں اسلام آباد کا جلسہ جو ناکام رہا۔ اس کی کل حاضری میں سے افغان مہاجرین کو نکال دیا جائے تو باقی اڑھائی تین سو افراد ہی بچتے تھے، دوسرا لاہور کا جلسہ جو ناکام نہیں ہوا، ناکام ترین ہوا۔ اسی لئے پی ٹی آئی نے لاہور (کاہنہ) کے اس جلسے کی تصویریں اپ لوڈ نہیں کیں، اس کے بجائے مارگلہ پہاڑیوں کے علاقے میں ہونے والے کسی ماضی بعید کے جلسے کی تصویریں کاہنہ کی تصویریں بنا کر اپ لوڈ کر دیں۔ کاہنہ والے اگلے روز جوق در جوق ان پہاڑیوں کی تلاش میں گھروں سے نکل آئے کہ سائنس کی ترقی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا دور ہے، کیا پتہ، راتوں رات پہاڑی سلسلہ ویسے ہی اگ آیا ہو جیسے بعض علاقوں میں رات کی بارش کے بعد علی الصبح کھمبیاں اگ آیا کرتی ہیں لیکن ”رڑا“ میدان دیکھ کر انہیں مایوسی ہوئی اور ان کے جذبات مجروح ہوئے۔ سنا ہے انجمن شہریان کاہنہ پی ٹی آئی والوں کیخلاف جذبات مجروح کرنے کا کیس کرنے جا رہی ہے۔

غیر معتبر اور نچلی سطح ذرائع کے مطابق جلسے کے التوا کے پیچھے علی امین گنڈاپور کا ہاتھ ہے۔ کاہنہ کے پہاڑوں پر ہونے والے جلسے کیلئے خان صاحب نے ان سے فرمائش کی تھی (یا حکم دیا تھا) کہ ایک لاکھ افراد کا جلوس کے پی سے لانا ہے۔ یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ پنجاب میں جلسہ کسی جگہ بھی ہو، حاضرین کے پی سے آتے ہیں یا لائے جاتے ہیں اور اب پی ٹی آئی کی ”عوامی مقبولیت“ کی واحد وجہ یا وجہ تسمیہ کے پی کا صوبہ ہو گیا ہے، ایک لاکھ افراد لانے کی ہدایت میڈیا پر آ گئی تھی۔ بعد میں گنڈاپور کا بیان آیا کہ وہ 30 ہزار افراد کا جلوس لے کر کوہستان کے حصہ میں نزول فرمائیں گے لیکن جب ان کا فقید المثال جلوس لاہور رنگ روڈ پر پہنچا تو پتہ چلا کہ پولیس کی پچاس پروٹوکول گاڑیوں کے علاوہ کل دو سو کاریں ان کے جلوس میں تھیں۔ 30 ہزار افراد کو دو سو کاروں میں کس طرح سمویا ہوگا، یہ گنڈاپوری جادو کا راز ہے اور طلسمی راز افشا نہیں کئے جاتے۔

بہرحال دو سو کاروں میں ٹھنسے 30 ہزار افراد گاڑیوں سے باہر نہیں آئے اور گنڈاپور صاحب یہ معلوم ہونے پر کہ جلسہ تو کب کا ختم ہو چکا، رنگ روڈ سے ہی واپس پشاور روانہ ہو گئے اور دو سو کاروں میں ٹھسے ٹھسائے 30 ہزار افراد بھی، بنا باہر آئے، ان کے ساتھ چلے گئے۔

ایک طلسمی راز یہ بھی ہے کہ گنڈاپور صاحب کو ایک دن پہلے ہی پتہ تھا کہ میں تب لاہور پہنچوں گا جب جلسہ ختم ہو چکا ہوگا۔ سنا ہے کہ گنڈاپور کو یہ اطلاع آب پارے کے چائے خانے سے دی گئی تھی اور یہ اطلاع سچ ثابت ہوئی۔

بہرحال اطلاع مزید یہ ہے کہ آبپارے میں واقع شہرہ آفاق چائے خانے والوں نے دو ہفتے پہلے گنڈاپور کو ”لانگ ٹی“ پلائی تھی اور اس میں کچھ قول و قرار بھی ہوئے تھے۔ گنڈاپور نے کچھ کی پاسداری کی، کچھ کی کرنا بھول گئے تو اس بار چائے خانے والوں نے زیادہ ”دلکش“ انداز میں یاد دہانی کرائی اور گنڈاپور نے براہ راست خان صاحب کو تو کوئی اطلاع نہیں دی البتہ پی ٹی آئی کی باہر موجود قیادت کو یہ اطلاع دے دی کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ کل کے جلسے کے روز میری طبیعت اچانک خراب ہو جائے گی اور میں دو سو کاروں میں 30 ہزار افراد لانے سے قاصر رہوں گا۔

اطلاع نامے کے آخر میں انہوں نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ”چنانچہ فدوی درخواست گزار ہے کم از کم جلسے کی حد تک چھٹی عنایت فرمائی جائے، فدوی شکر گزار رہے گا۔ البتہ ہنگامے کی صورت فدوی کی یہ درخواست وصول فرمانے کے بعد پی ٹی آئی کے ایک اجتماع ہنگامی میں حسب توفیق حصہ لوں گا۔

بسلسلہ غور و خوض طلب کیا اور طے پایا کہ چونکہ ہمیں پتہ ہے کہ جلسے کی اجازت نہیں ملے گی اس لئے ہم جلسہ نہیں کریں گے بلکہ موقع پر فی البدیہہ احتجاج کریں گے۔ چنانچہ آج عوام الناس، آبپارہ کا چائے خانہ، میڈیا اور دیگر متعلقہ حضرات ”فی البدیہہ“ احتجاج کا انتظار کریں گے۔ مطلب پولیس ناحق راستہ دیکھنے پر مجبور ہو گی، راستے ویران ہوں گے، اکا دکا پر گزارا کرنا پڑے گا۔ ایک اور طلسمی نکتہ ہے کہ فی البدیہہ احتجاج کیلئے بھی بندے کے پی ہی سے لانے ہوں گے لیکن یہ راستہ بھی دن بدن مسدود ہوتا جا رہا ہے۔

ذکر اس گنڈاوش کا اور پھر بیاں اپنا نہیں، خیر یہاں اپنے بیان کی ضرورت ہی کیا ہے، اخبار میں ایک سے بڑھ کر اور ایک کے بعد ایک خبر آتی ہے تو تازہ خبر ہے کہ گنڈاوش، مطلب گنڈاپور پر ایک مقدمہ دہشت گردی اور سرکاری املاک کی توڑ پھوڑ کا درج کیا گیا ہے۔

کوہستان کاہنہ کے جلسے کے موقع پر ایک وڈیو از حد وائرل ہوئی تھی جس میں گنڈاپور فیروز والا کے قریب گاڑی سے اتر کر ایک سرکاری گاڑی پر حملہ آور ہوتے ہوئے دکھائے گئے تھے۔ سرکاری گاڑی اپنے کسی اور کام سے آ رہی تھی، گنڈاپور کو دیکھتے ہی غریب ڈرائیور کی سٹی گم ہو گئی۔ گنڈاپور نے اترتے ہی نئی نکور کلاشنکوف نکالی اور بدست خود اس کے بٹ مار مار کر اس سرکاری گاڑی کے شیشے، مرر اور لائٹس وغیرہ توڑ دیں۔ اس موقع پر حقیقی آزادی کے پرجوش نعرے لگائے گئے تو مقدمہ اسی ماجرے پر بنا۔

پتہ چلا ہے کہ گنڈاپور کا ارادہ برا نہیں تھا، وہ محض اپنی نئی نکور کلاشنکوف کا بٹ چیک کرنا چاہتے تھے۔

# بھارت عرب دنیا کا ناقابلِ اعتماد اتحادی

تحریر
جاوید اقبال

مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے لوگ کئی عرصے سے جارحیت پسندانہ ذہنیت اور سازشوں کا شکار ہیں۔ مسلمانوں کی نسل کشی اور ان پر تسلط بھارتی وزیر اعظم مودی اور ان کے اسرائیلی ہم منصب نیتن یاہو دونوں کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ اپنے شیطانی مقاصد کے حصول کے لیے دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک اتحاد قائم کیا ہے۔ دنیا نے اس کی عملی مثال اس وقت دیکھی جب بھارت نے فلسطینی قرارداد پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ اگرچہ مودی حکومت عرب دنیا کے ساتھ اسٹریٹجک تعلقات کا دعویٰ کرتی ہے لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اسرائیل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر میں اسرائیلی ماڈل نافذ کیا ہے تاکہ بہادر کشمیریوں کی مزاحمت کو شکست دی جا سکے جو اپنے قانونی حق کے حصول کے لیے ہر طرح سے قربانی دے رہے ہیں جبکہ بھارت اور اسرائیل انسانی حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کی مکمل حمایت اور منظوری حاصل ہے۔ بے گناہ کشمیری اور فلسطینی مسلمان بدترین ظلم و ستم کا شکار ہیں۔ بہادر کشمیریوں اور فلسطینیوں کا صرف ایک ہی گناہ ہے کہ وہ بھارت اور اسرائیل کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ مودی کے اثر و رسوخ میں بھارتی میڈیا نے یہ تاثر قائم کیا کہ عرب ممالک نے طویل عرصے سے بھارت کو اپنا ابھرتا ہوا اسٹریٹجک ساتھی سمجھا ہے لیکن اقوام متحدہ میں ووٹنگ سے گریز کرنے سے عرب رہنماؤں کو شدید دھچکا لگا اور انہیں بھارت کی دھوکہ دہی کا احساس ہوا اور بھارت کی طرف سے اس طرح کی اسرائیل نواز پالیسی عرب رہنماؤں کے لیے یقیناً مایوسی کا باعث بنے گی اور اس کے ساتھ ساتھ قیام امن کے لیے بین الاقوامی برادری کی کوششوں کو شدید دھچکا لگے گا۔ بھارت کا ہمیشہ یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ اپنی مکارانہ پالیسی کو چھپانے کیلئے ہمیشہ خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کے بہانے کا سہارا لیتا ہے۔ بین الاقوامی طور پر بدلتی ہوئی صورتحال میں بھارت کے اس طرح کے اقدامات سے خانہ جنگی اور تصادم کے خطرات مزید پھیلنے کا خدشہ ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب بھارت نے اپنے کسی اتحادی ملک کی پیٹھ میں چھرا نہ گھونپا ہو۔ اس کی ایک اور مثال حال ہی میں یوکرینی حکومت کو خفیہ طور پر ہتھیاروں کی فروخت شامل ہے۔ بھارت کی اس حرکت نے روسی حکومت کے سامنے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب کیا ہے۔ بھارت اسرائیل اور عرب دونوں ممالک کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے، جس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا بھارت ایک قابل بھروسہ حلیف ہے؟ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطینیوں کے حق میں ووٹنگ سے گریز نہ صرف بھارت کی سفارتی حیثیت کو مشکوک بناتا ہے بلکہ کشمیر کے معاملے میں بھارت اور فلسطین کے معاملے میں اسرائیل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہ کر کے بین الاقوامی طور پر دونوں ممالک جنگی جرائم کے مرتکب ہیں اور عالمی برادری کو ان کے احتساب کا مطالبہ جلد یا بدیر کرنا ہی پڑے گا۔

# بلتستان کے مسائل

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن (ایم سی ایف) کی جانب سے سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ انتظامیہ نے Time management and stress کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا اہتمام کیا۔ سپیکر پروفیسر ڈاکٹر تنزیلہ خالد نے سکردو ایئرپورٹ سٹاف اور افسران کو ایک تفصیلی ٹاک دی۔ چیف آپریٹنگ افسر میاں شاہد عمران اور ایئرپورٹ کے اعلیٰ عہدیداران کی خصوصی کاوش سے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر تنزیلہ خالد کی گفتگو کو نہ صرف بے حد سراہا گیا بلکہ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کی بلتستان میں رفاعی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ واضح رہے کہ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کی ملک بھر میں تعلیمی خدمات کے علاوہ گلگت بلتستان کے ضلع شگر میں واٹر اور صحت پراجیکٹس بھی اپنا ایک مقام بنا چکی ہے۔ ضلع شگر میں ہیڈ آفس کا قیام بھی ہو گیا ہے اور ضلع شگر کے علاوہ ضلع گانچھے اور سکردو میں بھی رفاعی خدمات کی شروعات ہو چکی ہے۔ گو کہ تمام بلتستان ہی انتہائی پسماندہ علاقہ ہے لیکن گانچھے کا دیہات کورو آبادی کے اعتبار سے بہت بڑا ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن ٹیم نے گاؤں کے اسلامیہ مڈل سکول اور سرکاری مڈل سکول کا نہ صرف وزٹ کیا بلکہ مڈل سکول کو ہائی سکول تک لے جانے کی تجاویز بھی پیش کیں۔ اسلامیہ مڈل سکول میں مومنہ چیمہ لائبریری قائم کرنے کا عزم کا بھی ظاہر کیا۔ اسلامیہ مڈل سکول کورو ضلع گانچھے اپنی مدد آپ کے تحت ایک قابل تحسین کاوش ہے۔

گلگت بلتستان ایک صوبے کا نام ہے مگر گلگت اور بلتستان زبان اور علاقائی ماحول کے اعتبار سے مختلف ہیں۔ گلگت اور وادی ہنزہ میں آغا خان فاؤنڈیشن جیسی بڑی این جی اوز نے تعلیم اور تہذیب کو ترقی دے رکھی ہے جبکہ بلتستان کا مضافات بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہے۔ سکردو بظاہر انٹرنیشنل شہر کہلاتا ہے مگر پسماندہ اور جدید سہولیات سے محروم ہے۔ ویسے تو پورے بلتستان کا حال ہی نہ گفتہ بہ ہے البتہ سکردو ایئرپورٹ ہارڈ ایریا اور تمام تر مشکلات کے باوجود مسافروں کے لیے ہر ممکن سہولیات مہیا کر رہا ہے۔ گرمیوں میں سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ریکارڈ مسافروں کی آمد ہوتی ہے جو کہ گلگت ایئرپورٹ سے 30 گنا زیادہ ہے۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی ذرائع کے مطابق رواں سال صرف ماہ جون میں سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 94 فلائٹ کے ذریعے 16920 مسافر اور اسی ماہ گلگت ایئرپورٹ پر 16 فلائٹ پر 720 مسافروں کی گلگت آمد ہوئی۔ ماہرین کے مطابق سیاحت میں اضافہ سے فلائٹس کی تعداد بڑھ چکی ہے جبکہ گلگت ایئرپورٹ پر بڑے جہازوں کی آمد نہ ہونے کی وجہ سے مسافروں کی تعداد سکردو ایئرپورٹ کی نسبت کئی گنا کم ہے جبکہ موسم خرابی کی وجہ سے فلائٹ کے نہ ہونے سے بھی کئی مسافر گلگت سے بائی روڈ سکردو ایئرپورٹ کے ذریعے ملک کے دیگر علاقوں کو جاتے ہیں۔ سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے بہتر انتظامات کے پیچھے انتظامیہ کی محنت کارفرما ہے۔

جہاں تک سرکاری درسگاہوں کی حالت کا تعلق ہے پورے پاکستان میں صورتحال تشویشناک ہے۔ گلگت بلتستان میں تو افسوسناک حالات ہیں۔ عمارتیں ہیں مگر اساتذہ نہیں ہیں اور جو سرکاری تنخواہ دار اساتذہ دیہاتوں میں تعینات کیے ہیں ان میں بھی اثر و رسوخ استعمال کر کے سکردو اور گلگت شہروں میں اپنے گھروں میں بیٹھے مفت کی تنخواہ کھا رہے ہیں اور سرکاری سکول اساتذہ کے لیے این جی اوز سے بھیک مانگنے پر مجبور ہیں۔ بلتی لوگ مہمان نواز مہربان اور خوش مزاج ہیں۔ بلتی نوجوان نسل ابھی بہت سی برائیوں سے محفوظ ہے۔ البتہ جس تیزی سے سیاحوں کی آمد کا سلسلہ بڑھ رہا ہے اور بڑے بڑے ہوٹل تعمیر ہو رہے ہیں، اس خطہ کا مستقبل بھی کوہ مری اور پنجاب جیسا ہونے کا اندیشہ ہے۔ مخلوط تعلیمی ادارے بھی ہیں اور نوجوان نسل میں اعتماد اور مذہبی لحاظ برقرار ہے۔ اہل تشیع کی اکثریت آباد ہے اور ان کے علما اور بزرگ اپنے علاقوں میں باہر سے فحاشی اور گمراہی کی آمد کسی صورت برداشت نہیں کریں گے۔

یہاں خواتین بہت محنتی ہیں۔ لڑکیاں تعلیم کے ساتھ اپنی ماؤں کے ساتھ کھیتی باڑی میں بھی ہاتھ بٹاتی ہیں۔ جن دیہات میں مڈل تک سکول ہیں اکثر لڑکیوں کی مڈل کے بعد شادی کر دی جاتی ہے جبکہ لڑکیاں آگے پڑھنا اور بڑھنا چاہتی ہیں۔ بلتستان کا سب سے بڑا ضلع شگر ہے۔ یہاں بھی ایف اے تک تعلیم ہے۔ لڑکے مزید تعلیم کے لیے گلگت سکردو یا پنجاب اور کراچی کا رخ کرتے ہیں اور ان کے آبائی علاقوں میں روزگار نہ ہونے کے سبب انہی شہروں کے ہو کر رہ جاتے ہیں۔ جبکہ بہت کم خوش نصیب لڑکیاں یونیورسٹی تعلیم کے لیے گلگت سکردو یا پاکستان کے دیگر صوبوں میں جا سکتی ہیں، سبب مالی خوشحالی اور والدین کی اجازت ہے۔

گلگت بلتستان ایک ایسا علاقہ ہے جس کا 1948ء میں پاکستان سے الحاق کیا گیا تھا۔ اس وقت اس خطے میں کوئی تعلیمی نظام نہیں تھا۔ آہستہ آہستہ گلگت بلتستان کے کچھ مزید عزائم کے طالب علم بہتر تعلیم کی تلاش میں مختلف شہروں (جیسے کراچی اور لاہور) کی طرف چلے گئے۔ ان میں سے کچھ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اپنے گھر واپس آ گئے اور اپنے بچوں کو پڑھانا شروع کر دیا، اس طرح لوگوں کو یہ معلوم ہوا کہ خواندہ ہونا کیا ہے۔ انھوں نے حکومت سے علاقے میں اسکولوں کی تعمیر کا مطالبہ کیا، کئی سالوں کے بعد گلگت بلتستان میں اسکول کھلے اور یوں اس کا تعلیمی نظام وجود میں آیا۔ ابتدا میں صرف پرائمری اور مڈل اسکول دستیاب تھے۔ آہستہ آہستہ ان مڈل اسکولوں کو ہائی اسکولوں میں ترقی دے دی گئی۔ 1970ء کی دہائی میں طلبہ کو یونیورسٹی جانے کے لیے دیگر شہروں کی طرف جانا پڑتا تھا۔ آغا خان فاؤنڈیشن گلگت میں تعلیم کے پھیلاؤ میں اہم کردار ادا کیا جبکہ بلتستان میں صاف پانی اور تعلیم کے میدان میں مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

# پاک انگلینڈ ٹیسٹ میچز، ٹکٹ آج شام سے آن لائن فروخت ہوں گے

## جنرل انکلوژر میں پہلے دن داخلہ مفت ہوگا۔ شائقین کی سہولت کے لیے فزیکل ٹکٹ 4 اکتوبر سے صبح 9 بجے کے بعد مختلف آؤٹ لیٹس سے خریدنے کے لیے دستیاب ہوں گے

لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے ٹکٹ آج شام پانچ بجے سے آن لائن فروخت ہوں گے، جنرل انکلوژر میں پہلے دن داخلہ مفت ہوگا۔ شائقین کی سہولت کے لیے فزیکل ٹکٹ 4 اکتوبر سے صبح 9 بجے کے بعد مختلف آؤٹ لیٹس سے خریدنے کے لیے دستیاب ہوں گے۔ یہ سیریز آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہے جس کا پہلا اور دوسرا ٹیسٹ میچ 7 سے 19 اکتوبر تک ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ تیسرا ٹیسٹ میچ 24 سے 28 اکتوبر تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ شائقین کی بڑی تعداد میں آنے کی ترغیب دینے کے لیے ملتان میں دونوں ٹیسٹ میچوں کے پہلے دن جنرل انکلوژرز (حنیف محمد اور مشتاق احمد) کا داخلہ مفت ہوگا جبکہ راولپنڈی ٹیسٹ کے پہلے دن کے لیے پریمیم انکلوژرز (میراں بخش، شعیب اختر، سہیل تنویر اور یاسر عرفات) میں داخلہ بھی مفت ہوگا۔ پہلے ٹیسٹ کے لیے منگل سے جمعرات یعنی دوسرے سے چوتھے روز تک جنرل انکلوژر کے ٹکٹوں کی قیمت 50 روپے ہوگی جبکہ شائقین حنیف محمد اور مشتاق احمد انکلوژرز کے ٹکٹ پانچویں اور آخری روز 100 روپے میں خرید سکتے ہیں۔ فرسٹ کلاس انکلوژرز (وسیم اکرم اور الٰہی برادرز) کے لیے ٹکٹ پہلے ٹیسٹ کے چار دنوں کے لیے 100 روپے میں دستیاب ہوں گے جبکہ پانچویں دن شائقین کے لیے ٹکٹ کی قیمت 200 روپے ہوگی۔ پریمیئم انکلوژرز (جاوید میانداد اور ظہیر عباس) کے لیے ٹکٹ پیر سے جمعرات یعنی پہلے سے چوتھے روز تک 200 روپے میں ٹکٹ دستیاب ہوں گے۔ شائقین اسی انکلوژرز سے پانچویں دن کا کھیل 300 روپے میں دیکھ سکتے ہیں۔ وی آئی پی انکلوژرز (فضل محمود اور عمران خان) اور پی سی بی گیلری (انضمام الحق) کے ٹکٹ شائقین کے لیے بالترتیب 300 اور 2 ہزار میں پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے چار دنوں کے لیے دستیاب ہوں گے۔

## بطور کپتان یقین رکھتا ہوں ٹیم پوری طرح متحد ہے، شان مسعود

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود کا کہنا ہے کہ بطور کپتان یقین رکھتا ہوں ٹیم پوری طرح متحد ہے، کھلاڑیوں کو بنگلا دیش کے خلاف شکست کا افسوس ہے لیکن کھلاڑی اچھے نتائج دینے کے خواں ہیں۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف سیریز کا وقت پاکستان ٹیم کے لیے بہت اہم ہے، شکست کے بعد تبدیلیاں کرنا آسان ہے لیکن آگے جانا ہے تو کھلاڑیوں کو بیک کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بنگلا دیش کے خلاف شکست کا ہمیں بھی بہت دکھ ہے اس لیے انگلینڈ کے خلاف سیریز میں میچ ٹو میچ کمبی نیشن بنائیں گے۔ پہلے ٹیسٹ کے لیے ٹیم کا اعلان ہوا، کھلاڑیوں کی فٹنس اور پرفارمنس دیکھ کر اگلے میچز کے لیے پلاننگ کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں کپتان شان مسعود نے کہا کہ ملتان کی کنڈیشنز دیکھ کر زاہد محمود کی شمولیت کا فیصلہ کریں گے۔ شان مسعود نے کہا کہ چیمپئنز کپ میں اچھی کرکٹ دیکھنے کو ملی، اچھی کرکٹ ہوتی ہے تو تیاری اچھی ہوتی ہے۔

## سری لنکا نے ٹیسٹ سیریز میں نیوزی لینڈ کو وائٹ واش کردیا

گال (سپورٹس ڈیسک) سری لنکا نے نیوزی لینڈ کو دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز میں وائٹ واش کر دیا۔ گال میں کھیلے گئے دوسرے اور آخری ٹیسٹ میچ میں میزبان سری لنکا نے اننگ اور 154 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دیکر نیوزی لینڈ کو سیریز میں 0-2 سے وائٹ واش کر دیا۔ واضح رہے کہ سری لنکا نے پہلا ٹیسٹ میچ 63 رنز سے جیتا تھا جبکہ گزشتہ سال کیویز نے اپنی سرزمین پر سری لنکا کو دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں وائٹ واش کیا تھا جس کا سری لنکا نے حساب برابر کر دیا۔ اس سے قبل سری لنکا نے اپنی پہلی اننگ 602 رنز 5 وکٹوں کے نقصان پر ڈکلیئر کر دی تھی۔ سری لنکا کے تین بلے بازوں نے سنچریاں اسکور کیں۔

## نامناسب اشارے پر ارجنٹائن کے گول کیپر پر فیفا نے پابندی لگا دی

لزبن (این این آئی) ارجنٹائن فٹ بال ٹیم کے گول کیپر ایمیلیانو ڈیبو مارٹینیز غیر اخلاق اشاروں کے باعث فیفا قوانین کی خلاف ورزی پر مشکل میں پھنس گئے۔ گول کیپر ایمیلیانو مارٹینیز پر فیفا کی جانب سے نامناسب رویے کے باعث دو میچوں کی پابندی لگا دی گئی۔

## شاداب خان کی ٹیم پینتھرز نے چیمپئنز کپ جیت لیا

### مارخورز کی طرف سے عاکف جاوید اور محمد عمران نے 2،2 جبکہ شاہنواز دہانی نے ایک وکٹ حاصل کی

فیصل آباد (سپورٹس ڈیسک) شاداب خان کی ٹیم پینتھرز نے فائنل میں مارخورز کو 5 وکٹوں سے شکست دیکر چیمپئنز ون ڈے کپ جیت لیا۔ فیصل آباد میں کھیلے گئے فائنل میں مارخورز کی بیٹنگ ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور پوری ٹیم صرف 122 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ پینتھرز نے 123 رنز کا ہدف 5 وکٹوں کے نقصان پر 18 اوورز میں حاصل کرلیا، ہدف کے تعاقب میں پینتھرز کے عبدالبنگلزئی 41 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ عمر صدیق نے 19، ساجد خان 15، عثمان خان نے 13 رنز بنائے جبکہ حیدر علی صفر پر آؤٹ ہوگئے، رضوان محمود 16 اور کپتان شاداب خان 14 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔ مارخورز کی طرف سے عاکف جاوید اور محمد عمران نے 2، 2 جبکہ شاہنواز دہانی نے ایک وکٹ حاصل کی۔ قبل ازیں مارخورز کی پوری ٹیم ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 33.4 اوورز میں 122 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔

## عاصم خان امریکا میں شارلٹس ول اوپن اسکواش ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) پاکستانی اسکواش کھلاڑی عاصم خان نے امریکا میں جاری شارلٹس ول اوپن اسکواش ٹورنامنٹ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ سیمی فائنل میں عاصم نے میکسیکو کے سیزار سیلازار کو اسٹریٹ گیمز میں شکست دے کر فیصلہ کن معرکے میں جگہ بنائی۔ میکسیکن کھلاڑی کے خلاف عاصم کی جیت کا اسکور 11-5، 11-5، اور 11-4 رہا۔ عاصم خان کی اس شاندار کارکردگی نے انہیں 750،28 ڈالرز کی انعامی رقم والے اس ایونٹ کے فائنل تک پہنچایا ہے۔ اب عاصم خان کا مقابلہ انگلینڈ کے نک وال سے ہوگا۔ پاکستانی اسکواش کھلاڑی عاصم خان نے امریکا میں جاری شارلٹس ول اوپن اسکواش ٹورنامنٹ کے فائنل میں جگہ بنالی۔

## بھارت نے ٹیسٹ میں تاریخی ریکارڈ اپنے نام کرلیا

### بھارتی اوپنرز نے چوکوں اور چھکوں کی برسات کرتے ہوئے محض 3 اوورز میں 50 رنز بنا ڈالے

کانپور (سپورٹس ڈیسک) بھارت نے ٹیسٹ فارمیٹ کی تاریخ میں تیز ترین 50 اور 100 رنز بنانے کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ کانپور میں بنگلا دیش کے خلاف جاری ٹیسٹ میں بھارتی اوپنرز روہت شرما اور یشسوی جیسوال نے چوکوں اور چھکوں کی برسات کرتے ہوئے محض 3 اوورز میں 50 رنز بنا ڈالے۔ ٹیسٹ کے چوتھے روز بنگلا دیشی ٹیم پہلی اننگز میں 233 رنز پر پویلین لوٹ گئی تھی جس کے جواب میں بھارتی بلے بازوں کی جانب سے جارحانہ انداز اپنایا گیا۔ ٹیسٹ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی ٹیم کی جانب سے 18 گیندوں پر 50 رنز بنائے گئے ہیں۔ اس سے قبل تیز ترین 50 رنز بنانے کا ریکارڈ انگلینڈ کے پاس تھا، انگلش ٹیم نے رواں سال کے آغاز میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 26 گیندوں پر تیز ترین 50 رنز بنائے تھے۔ اس کے ساتھ، بھارت نے کانپور ٹیسٹ میں ہی 61 گیندوں پر تیز ترین 100 رنز بنانے کا ریکارڈ بھی بنایا ہے۔

## ایک اور موقع، لائن لگاؤ، پاکستانی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ آج ہوں گے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ 30 ستمبر کو ہوں گے، 2 کلو میٹر کی دوڑ میں قومی کرکٹرز کو بہتری لانے کا ٹاسک ملا ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس مرحلے میں 8 سے 10 قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ ہوں گے، ان کرکٹرز میں سے کچھ کے فٹنس ٹیسٹ نہیں ہو سکے تھے۔ زیادہ تر کرکٹرز وہ ہیں جو فٹنس ٹیسٹ کلیئر نہیں کر سکے تھے اور کچھ بارڈر لائن پر تھے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کسی کرکٹر کے ساتھ فٹنس ٹیسٹ کی بنیاد پر زیادتی ہونے کے حق میں نہیں ہے۔ ذرائع کے مطابق اسی لیے کرکٹرز کو دوبارہ موقع دیا جارہا ہے۔

## جے سوریا کو سری لنکا کی ٹیم کا فل ٹائم ہیڈ کوچ تعینات کرنے کا فیصلہ

### سنتھ جے سوریا کی کوچنگ میں سری لنکن ٹیم بھارت کو ون ڈے سیریز میں شکست دے چکی ہے

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کرکٹ نے سنتھ جے سوریا کو ایک سال کے لیے فل ٹائم ہیڈ کوچ تعینات کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ سری لنکن میڈیا کے مطابق سنتھ جے سوریا سری لنکا کرکٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ کی ذمے داریاں نبھا رہے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سنتھ جے سوریا کی نئی مدت نیوزی لینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے بعد شروع ہو گی۔ سنتھ جے سوریا کی کوچنگ میں سری لنکن ٹیم بھارت کو ون ڈے سیریز میں شکست دے چکی ہے اور انگلینڈ کو انکے ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ میچ میں شکست سے دوچار کر چکی ہے۔ سری لنکا کرکٹ ٹیم نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز بھی جیتنے کے قریب ہے۔

## میں ہوش میں نہیں تھا کہ ارشد ندیم نے بہت اچھی تھرو کر دی، نیرج چوپڑا

### نئے ٹریک پر فاؤل سے بچنے کے لیے ایڈجسٹ ہونے کی کوشش کی لیکن میں ناکام رہا، انٹرویو

نئی دہلی (این این آئی) پیرس اولمپکس میں ارشد ندیم کی تھرو نے بھارت کے نیرج چوپڑا کے ہوش اڑا دیے تھے۔ یاد رہے کہ ارشد ندیم نے اولمپکس کے ریکارڈ کے ساتھ گولڈ میڈل جبکہ نیرج نے سلور میڈل جیتا تھا، پیرس اولمپکس میں نیرج چوپڑا اپنے گولڈ میڈل کا دفاع نہیں کر سکے تھے۔ ارشد ندیم نے اپنی دوسری تھرو 92.97 میٹر کی، کی تھی جبکہ نیرج کی صرف ایک تھرو قانونی رہی تھی جو دوسرے راؤنڈ میں 89.45 میٹر کی تھی۔ اپنے حالیہ انٹرویو میں سلور میڈلسٹ نیرج چوپڑا نے کہا کہ میں ہوش میں نہیں تھا کہ ارشد ندیم نے بہت اچھی تھرو کردی تھی، پہلی تھرو ایتھلیٹ کے مائنڈ سیٹ کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری پہلی تھرو اچھی تھی لیکن میرا فاؤل ہوگیا تھا، میں نے نئے ٹریک پر فاؤل سے بچنے کے لیے ایڈجسٹ ہونے کی کوشش کی لیکن میں ناکام رہا۔

## ارشد ندیم کراچی میراتھن کے برانڈ ایمبیسڈر مقرر



کراچی (سپورٹس ڈیسک) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے پیرس اولمپکس 2024 کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو کراچی میراتھن کا برانڈ ایمبیسڈر مقرر کر دیا۔ انہوں نے یہ اعلان پنجاب میں میاں چنوں کے علاقے میں اولمپین ارشد ندیم کی رہائش گاہ آمد کے موقعہ پر کیا، ارشد ندیم کو کراچی میراتھن کا برانڈ ایمبیسڈر مقرر کرنے کے ایم او یو پر بھی دستخط کیے گئے۔ گورنر سندھ نے والہانہ استقبال پر میاں چنوں کے عوام کا شکریہ ادا کیا، اولمپین ارشد ندیم نے کہا کہ گورنر سندھ کی میری رہائش گاہ پر آمد کی خوشی مجھے زندگی بھر یاد رہے گی۔

## ٹیم کے اکثر کھلاڑی مشکل مالی حالات سے دوچار ہیں، قومی ہاکی کپتان کا شکوہ

### کئی کھلاڑیوں کے گھر نہ خرچہ ہے نہ ہی گھر کا کرایہ اور نہ بجلی کا بل دینے کے پیسے ہیں، عماد شکیل

لاہور (این این آئی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں کانسی کا میڈل جیتنے والی قومی ہاکی ٹیم تاحال ڈیلی الاؤنس ادا نہیں کیے گئے، پاکستان ہاکی ٹیم کے کپتان عماد شکیل نے شکوہ کیا ہے کہ برسوں کی خراب پرفارمنس کے بعد حالیہ مہینوں میں ٹیم کی کارکردگی میں قدرے بہتری آئی ہے۔ عماد شکیل نے خبر رساں ادارے کو بتایا کہ محکمے میں نوکریاں ختم ہونے پر مالی حالات پہلے ہی خراب ہیں۔ ٹیم کے کئی کھلاڑی ایسے ہیں جو غریب گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور بعض گھر کا کرایہ ادا کرنے کے قابل بھی نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ٹیم میں کل 22 کھلاڑی شامل ہیں۔ جن میں بیشتر مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ کئی کھلاڑیوں کے گھر نہ خرچہ ہے نہ ہی گھر کا کرایہ اور نہ بجلی کا بل دینے کے پیسے ہیں۔ عماد نے کہا کہ ہاکی فیڈریشن نے ہمیں آگاہ کیا ہے کہ پاکستان سپورٹس بورڈ نے جو گرانٹ دی تھی وہ ہم نے ٹیم کو بیرون ملک لے جانے کے اخراجات میں خرچ کر دی۔ حکومت فنڈز دے گی تو ہم کھلاڑیوں کو الاؤنسز دے سکیں گے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے کھلاڑیوں کو تربیتی کیمپ اور پھر کھیل کے الاؤنسز ادا کرتے ہیں، کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک ڈیلی الاؤنس 3 ہزار جبکہ انٹرنیشنل ڈیلی الاؤنس 35 ہزار روپے ملتا ہے۔ قومی ٹیم کے تمام کھلاڑی 25 روز کے الاؤنسز سے محروم ہیں۔ عماد شکیل نے شکوہ ظاہر کرتے ہوئے مزید کہا کہ ہاکی ٹیم کو چین سے واپس آئے بھی دس دن گزر چکے اس سے قبل اسلام آباد کے 25 روزہ کیمپ کے دوران بھی ٹیم کو الاؤنس نہیں دیے گئے۔

SHOWBIZ
قوت

## اداکارہ لائبہ خان نے شوبز چھوڑنے کا عندیہ دیدیا

### لائبہ خان نے کچھ سال قبل ہی اداکاری کی دنیا میں قدم رکھا تھا

کراچی (این این آئی) اپنی اداکاری سے سب کے دلوں کو جیتنے والی اداکارہ لائبہ خان نے شوبز کو چھوڑنے کا ارادہ کرلیا۔ لائبہ خان نے کچھ سال قبل ہی اداکاری کی دنیا میں قدم رکھا تھا اور انہوں نے بہت جلد بہترین اداکاراؤں کی فہرست میں شامل ہوگئیں۔ حال ہی میں اداکارہ نے ایک نجی ٹی وی کے مزاحیہ پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی سمیت کیریئر کے حوالے سے گفتگو کی۔ اداکارہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے خاندان والوں نے مجھے کہا کہ جب تم انڈسٹری میں جا رہی ہو تو اس انڈسٹری کا نام، شہرت اور پیسے کی جب عادت لگ گئی تو چھوڑ نہیں سکو گی۔ اداکارہ نے کہا کہ جب میں نے انڈسٹری میں قدم رکھا تھا تو سوچ لیا تھا کہ انڈسٹری میں 5 سال دینے ہیں اور یہ میرا 5 واں سال ہے، اب مجھے نہیں پتا آگے کیا ہوگا، میں اپنی زندگی میں جلد سیٹل ہونا چاہتی ہوں۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوتے لائبہ خان نے کہا کہ میں ایک ایسے انسان سے شادی کرنا چاہتی ہوں جو میری عزت کرے اور اپنے گھر میں میری عزت کروائے، مجھے سپورٹ کرے اور جذباتی طور پر مجھے سمجھے۔ انہوں نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ظاہری خوبصورتی مجھے متاثر نہیں کرتی، جب میں چھوٹی تھی تو مجھے خوبصورتی سے محبت تھی لیکن اب مجھے اصل محبت کا مطلب پتا چلا ہے کہ محبت میں خوبصورتی نہیں ہوتی۔

## فلم ''دھوم 4'' میں اداکار رنبیر کپور اہم کردار ادا کریں گے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مشہور دھوم سیریز کی نئی فلم 'دھوم 4؟ میں اداکار رنبیر کپور اہم کردار ادا کریں گے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یش راج فلمز کی نئی فلم 'دھوم 4؟ میں رنبیر کپور منفی کردار میں نظر آئیں گے۔ رنبیر کپور دھوم 4 کی شوٹنگ اپنی سالگرہ کے روز سے شروع کر دی ہے۔ دھوم سیریز کے مداحوں کے لیے بری خبر یہ ہے کہ دھوم سیریز کی پچھلی تینوں فلموں کے دو مقبول کردار ابھیشیک بچن اور ادے چوپڑہ اس مرتبہ 'دھوم 4؟ کی کاسٹ کا حصہ نہیں ہیں۔ اس سے قبل ابھیشیک بچن فلم میں انسپکٹر جے اور ادے چوپڑہ علی کا کردار نبھاتے آئے ہیں۔ دھوم 4 کا اسکرپٹ اس بار بھی آدیتیہ چوپڑہ اور وجے کرشنا اچاریہ نے مشترکہ طور پر لکھا ہے۔ رپورٹس کے مطابق رنبیر کپور نے متعدد مواقعوں پر دھوم سیریز کی کاسٹ میں شامل ہونے کی خواہش ظاہر کی تھی اور اس سلسلے میں ان کی فلم میکرز سے طویل عرصے سے بات چیت چل رہی تھی۔ دھوم 4 کی ہیروئن اور دیگر تفصیل ابھی جاری نہیں کی گئی۔

## ورلڈ کلچر فیسٹیول کے تیسرے روز میگا میوزیکل کنسرٹ

کراچی (این این آئی) آرٹس کونسل کراچی، جیو اور جنگ کے اشتراک سے ورلڈ کلچر فیسٹیول جاری ہے جس میں دنیا بھر کی ثقافتیں ایک چھت تلے نظر آرہی ہیں، جہاں موسیقی، رقص اور فنون لطیفہ کا حسین امتزاج ہے۔ آرٹس کونسل میں جاری 35 روزہ ورلڈ کلچر فیسٹیول کا تیسرا روز مسحور کن دھنوں اور سروں کے نام رہا، میگا میوزیکل کنسرٹ میں ملکی اور غیر ملکی فنکاروں نے میلے کا مزہ دوبالا کیا۔ نیپال، آذربائیجان اور روانڈا کے میوزیکل بینڈ نے روایتی اور جدید موسیقی سے مداحوں کا دل لبھایا۔ پاکستانی بینڈ خماریاں، گلوکار عمران مومنا، اختر چنال زہری اور دیگر مقامی گلوکاروں نے اپنے مدھر گیتوں سے ماحول میں ثقافت کے رنگ بھرے۔

## ''لاپتہ لیڈیز'' میں کردار کو حقیقی رنگ دینے کیلئے 160 پان کھائے، روی کشن

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی مشہور فلم 'لاپتہ لیڈیز' میں اپنے کردار میں حقیقت کا رنگ بھرنے کے لیے ورسٹائل اداکار روی کشن کو 160 پان چبانے پڑے تھے۔ کرن راؤ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم 'لاپتہ لیڈیز' کو آسکر 2025 کے لیے منتخب کرلیا گیا ہے، فلم کا ہر کردار، گانا اور ہر اداکار کی اداکاری قابل تعریف ہے، تاہم روی کشن اس فلم میں ایک پولیس اہلکار کا کردار ادا کر رہے ہیں اور وہ 'لاپتہ لیڈیز' کو ڈھونڈنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کے کردار کو بہت دلچسپ دکھایا گیا ہے جو سارا دن تھانے میں بیٹھ کر پان چباتا ہے، فلم کو آسکر کے لیے بھیجے جانے کے بعد روی کشن نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اپنے کردار سے متعلق مضحکہ خیز واقعہ سنایا۔

## جاوید اختر نے شاہ رخ خان کو بوڑھا قرار دیدیا

ابوظہبی (این این آئی) بھارتی فلموں کے معرف رائٹر اور نغمہ نگار جاوید اختر نے بالی ووڈ کے کنگ اور ہردلعزیز شاہ رخ خان کو بوڑھا قرار دیا ہے۔ ابوظہبی میں ہونے والے انٹرنیشنل انڈین فلم اکیڈمی ایوارڈز (آئیفا) 2024 میں جاوید اختر، شبانہ اعظمی، کریتی سینون، شاہد کپور، مرنال ٹھاکر، اننیا پانڈے، اور ایشوریا رائے سمیت کئی مشہور شخصیات نے شرکت کی۔ اس دوران جاوید اختر سے سوال پوچھا گیا کہ کون سا اداکار فلم انڈسٹری میں 'آج کا اینگری ینگ مین' ہے؟ اس سوال کا بھارتی نغمہ نگار نے دلچسپ جواب دیا۔ جاوید اختر نے کہا کہ اس وقت بہت سے بہترین اداکار ہیں، ان میں ریتک روشن، فرحان اختر اور وکی کوشل شامل ہیں۔

## عالیہ نے رنبیر کی سالگرہ پر راہا کیساتھ اب تک کی بہترین تصویر شیئر کردی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی سپراسٹار اداکارہ عالیہ بھٹ نے اپنے شوہر رنبیر کی سالگرہ پر ان کی اور بیٹی راہا کپور کی اب تک کی سب سے بہترین تصویر شیئر کر دی۔ رنبیر کپور نے 28 ستمبر کو اپنی 42 ویں سالگرہ منائی، ان کے مداح اور ساتھ فنکار اس موقع پر ان کے لیے پیار کا اظہار کر رہے ہیں، ایسے میں عالیہ بھٹ نے ان سے اپنی محبت کا اظہار کرنے کیلیے انسٹاگرام پر ایک دلکش فیملی پوسٹ شیئر کی جس نے سب کی توجہ حاصل کر لی۔ سالگرہ پر رنبیر کے پرستاروں کو بھی بہترین تحفہ ملا ہے، ہفتے کے روز ان کی اہلیہ عالیہ بھٹ نے 42 ویں سالگرہ کے موقع پر سب سے پیاری خاندانی تصویروں کا ایک سیٹ شیئر کیا۔ ان تصاویر میں رنبیر کی بہترین فیملی لائف کی جھلکیاں دکھائی دیتی ہیں، پہلی تصویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ وہ تینوں ایک درخت کو گلے لگا رہے ہیں اور صرف راہا کیمرے کے لیے پوزنگ پر فوکس کر رہی ہیں۔ دوسری تصویر میں رنبیر کے بازوؤں میں راہا نظر آرہی ہیں جبکہ وہ کسی غیر ملکی سیاحتی مقام پر نظر آرہے ہیں، تیسری تصویر میں عالیہ رنبیر کی گود میں بیٹھی ہیں مسکرا رہی ہیں۔

## مہیش بھٹ نے مجھ سے معافی مانگی تھی، گلوکار وارث بیگ

### ''چندا چمکے چم چم'' بھی میرا گانا تھا جو کاپی ہوا لیکن عامر خان کو شاید اس بات کا علم نہیں ہے



کراچی (این این آئی) پاکستانی گلوکار وارث بیگ نے انکشاف کیا ہے کہ بالی ووڈ کے مشہور فلم ڈائریکٹر مہیش بھٹ نے ان سے معافی مانگی تھی۔ گلوکار وارث بیگ نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے میوزک اور گانوں کے حوالے سے گفتگو کی۔ وارث بیگ نے بالی ووڈ میں پاکستانی گانوں کو کاپی کرنے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ بالی ووڈ کی مشہور فلم 'مرڈر ※' میں میرے گانے کی نقل کی گئی لیکن بعد میں گانا نقل کرنے پر فلم ڈائریکٹر مہیش بھٹ نے پاکستان کے ایک بڑے چینل کے مارننگ شو میں مجھ سے معافی مانگی اور کہا کہ انہیں نہیں معلوم یہ وارث بیگ کا گانا ہے، انہیں کسی پاکستانی آرٹسٹ نے یہ گانا دیا تھا۔ گلوکار نے کہا کہ 'یوٹیوب اب ایسا کرتا ہے کہ اگر آپ نے کسی کی چیز کی نقل کی ہے تو وہ فوری اسٹرائیک بھیج دیتا ہے لیکن پہلے ایسا نہیں ہوتا تھا، مہیش بھٹ نے معافی مانگ لی اور میرا دل بڑا ہوگیا۔ وارث بیگ کا کہنا تھا کہ عامر خان کی فلم 'فنا'' میں ہٹ ہونے والا گانا ''چندا چمکے چم چم'' بھی میرا گانا تھا جو کاپی ہوا لیکن عامر خان کو شاید اس بات کا علم نہیں ہے۔

## ثنا خان نے ماضی میں نیم عریاں ہونے کا سبب شیطان کو قرار دے دیا

لاہور (ویب ڈیسک) مذہب اسلام کی خاطر شوبز سے کنارہ کشی اختیار کرنے والی بھارتی اداکارہ ثنا خان نے ماضی میں اپنے نیم عریاں ہونے اور بولڈ لباس پہننے کا سبب شیطان کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں پتا ہی نہیں چلا کہ شیطان نے انہیں کب اور کیسے برہنہ کیا۔ ثنا خان نے حال ہی میں اداکارہ روبینہ دلیک کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ ثنا خان نے بتایا کہ جب وہ پہلی بار کالج گئیں تو وہ وہاں لڑکوں اور لڑکیوں کو آپس میں گلے ملتے دیکھ کر حیران رہ گئی تھیں۔ ان کے مطابق فرسٹ ایئر میں انہیں لڑکوں اور لڑکیوں کے گلے ملنے، بوسہ دینے، سرعام ایک دوسرے سے محبت کرنے پر انہیں حیرانگی ہوتی تھی لیکن پھر آہستہ آہستہ وہ بھی ان چیزوں کی عادی ہوگئی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب وہ شوبز میں کام کرتی تھیں تب ان کے پاس عیاشی کی ہر چیز موجود ہوتی تھی، ان کے پاس مہنگے ترین کپڑے، مہنگی ترین گاڑی سمیت عیاشی کی دوسری چیزیں بھی تھیں لیکن ان کے پاس سکون نہیں تھا۔ ثنا خان کے مطابق وہ اس وقت بھی سوچتی تھیں کہ ان کے پاس ہر چیز ہے لیکن سکون کیوں نہیں اور وہ یہ سب کس کے لیے کرتی ہیں؟ مذاہب پر بات کرتے ہوئے ثنا خان نے کہا کہ دنیا کا کوئی بھی مذہب عورت کو ننگا ہونے کا نہیں کہتا، ہر مذہب عورت کو حیا اور عزت کرنے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے شوبز میں کام کرنے والوں سمیت جدید سوچ رکھنے والے شوہروں پر بات کرتے ہوئے حیرانگی کا اظہار کیا کہ وہ کس طرح اپنی بیویوں کو نیم عریاں لباس پہنا کر باہر لے جاتے ہیں اور وہ فخر کرتے ہیں کہ ان کی بیوی اچھی لگ رہی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

# صنعت و تجارت نیوز

# معیشت نامہ

## لاہور چیمبر کا سالانہ اجلاس عام، نومنتخب صدر میاں ابوذر شاد، دیگر عہدیداران نے حلف اٹھالیا

### سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے بھی عہدوں کا حلف لیا

### فہیم الرحمن سہگل، خواجہ شاہ زیب اکرم، علی حسام اصغر، بابر محمود اور دیگر تاجر رہنماؤں کی حمایت کا شکریہ ادا کرتے ہیں

لاہور ( شیروز میاں سے )لاہور چیمبر کے نومنتخب صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے سالانہ اجلاس عام کے موقع پر اپنے عہدوں کا حلف اٹھاتے ہوئے کاروباری برادری کی فلاح و بہبود اور معیشت کی ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ لاہور چیمبر کے سابق صدور اور سینئر گروپ لیڈرز میاں انجم نثار، محمد علی میاں، سبکدوش ہونے والے سینئر نائب صدر ظفر محمود چودھری، نائب صدر عدنان خالد بٹ، فہیم الرحمن سہگل، علی حسام اصغر، خواجہ شاہ زیب اکرم، الیکشن کمیشن نصر اللہ مغل نے اس موقع پر خطاب کیا۔ نومنتخب صدر میاں ابوذر شاد نے اپنی 28 سالہ جدوجہد کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے لاہور چیمبر کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 32 سیٹوں پر فتح کو ایک بڑا سنگ میل قرار دیا اور کاروباری برادری کے مسائل حل اور ملکی معیشت کی بہتری کے لیے کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے سابق صدور اور گروپ لیڈرز میاں انجم نثار اور محمد علی میاں کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی رہنمائی نے ہمیشہ آگے بڑھنے اور کاروباری برادری کے مسائل حل کرنے میں مدد دی ہے۔ انہوں نے فہیم الرحمن سہگل، خواجہ شاہ زیب اکرم، علی حسام اصغر، بابر محمود اور دیگر تاجر رہنماؤں کی حمایت کا بھی شکریہ ادا کیا۔

## سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں ہفتہ وار بنیادوں پر معمولی کمی

لاہور(شیروز میاں سے) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں ہفتہ وار بنیادوں پر معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق 26 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1497 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 74.0 فیصد کم ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1508 روپے تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق اسی طرح 26 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1392 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 12.0 فیصد کم ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1393 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔

## روڈز سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 3 ارب سے زائد فنڈز منظور

لاہور( این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 25-2024 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 33ویں اجلاس میں روڈز سیکٹر کی 3 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 3ارب 47 کروڑ 7لاکھ 21 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں سرگودھا میں بھیرہ تا پھلروان روڈ کی کشادگی و بہتری کیلئے 82 کروڑ 53لاکھ 79 ہزار روپے، پاکپتن میں چوک آرائیں تا ثاقب اڈہ براستہ سلیم کوٹ جھل تک پاکپتن کمیر روڈ کی بحالی کیلئے 1ارب 56 کروڑ 32لاکھ 7 ہزار روپے اور رحیم یار خان میں نورے والی کراسنگ تا صادق آباد میٹلڈ روڈ کی مرمت و بحالی (ترمیمی) کیلئے 1ارب 8 کروڑ 21لاکھ 35 ہزار روپے شامل ہیں۔

## اوکاڑہ pHMA کلین سویپ کرے گی، ڈاکٹر فیصل سلیم

### پی ایچ ایم اے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کی واحد نمائندہ جماعت ہے

اوکاڑہ( راؤ اکرام ربانی/قوت)اوکاڑہ pHMA کلین سویپ کرے گی۔ڈاکٹر فیصل سلیم تفصیلات کے مطابق چیف آرگنائزر پی ایچ ایم اے پاکستان ہومیو پیتھک ڈاکٹر فیصل سلیم کی ڈاکٹر اشفاق احمد کے ہمراہ اوکاڑہ ڈاکٹر عثمان غنی کی رہائش گاہ پر خصوصی آمد اس موقع پر اوکاڑہ کے معروف ہومیو پیتھک ڈاکٹر اعجاز انجم کھوکھر اور ڈاکٹر اکرم رضا۔ڈاکٹر عمران رضا چوہدری بھی موجود تھے۔ INCH الیکشن 2024 کے حوالہ سے اور PHMA کے تنظیمی اہم امور پر سیر حاصل گفتگو ہوء۔ ڈاکٹر فیصل سلیم نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پی ایچ ایم اے ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کی واحد نمائندہ جماعت ہے جس نے ہمیشہ ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کی فلاح بہبود ترویج ترقی کیلئے کام کیا ہے ہومیو پیتھی کمیونٹی کو درپیش مسائل کا حل نکال کر انکو تمام سہولیات انکی دہلیز تک فراہم کی ہیں انکی آواز ارباب اختیار تک پہنچا کر عزت و مقام دلوایا ہے اور انشاءاللہ الیکشن میں کامیابی کے بعد یہ خدمت کا سلسلہ یونہی جاری رہے گا بعد ازاں انہوں نے رینالہ کے ہومیو ڈاکٹرز صوفی آمین۔طارق قمری۔ملک بشیر۔عدنان عزیز۔عمران اسلم۔رائے میر محمد۔حق نواز و دیگر سے ملاقات بھی کی

## شیخوپورہ: آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام محفل میلادؐ

### حاجی عبدالرشید نجمی کی طرف سے جامع مسجد حبیب کالونی میں محفل میلاد مصطفی ﷺ کا انعقاد کیا



شیخوپورہ(بیورو رپورٹ) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے صوبائی نائب صدر و ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرشید نجمی کی طرف سے جامع مسجد حبیب کالونی میں محفل میلاد مصطفی ﷺ کا انعقاد کیا گیا جس میں مولانا محمد اقبال قاسمی، سجادہ نشین پیر سید مروت علی شاہ، آغا سلمان حفیظ، محمد فراز رشید بوبی، انجینئر حاجی معراج دین، آغا نصرت علی گولڑوی، غلام مصطفی وہلہ، کامران نقشبندی، یاسر شعیب، اسحاق مغل، پروفیسر محمد اقبال، ملک اسامہ عمر صدیق، محمد اشفاق خالد، محمد اشتیاق بابر، محمد ادریس، محمد حنیف، غلام حسین، یاسر رفیع گادی و دیگر سینکڑوں افراد نے شرکت کی محفل میں ثناء خواں حضرات نے سرکار دو عالم ﷺ کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت پیش کیے، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مولانا محمد اقبال قاسمی اور پیر سید مروت علی شاہ نے کہا کہ حضور کریم ﷺ پوری انسانیت کیلئے رحمت بن کر آئے، نبی پاک ﷺ کا اسوہ حسنہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے آج مسلمانوں کی ذلت و رسوائی کی بڑی وجہ احکامات خداوندی اور سیرت النبی ﷺ سے دوری ہے آپ ﷺ کی آمد سے کفر و شرک کے بت پاش پاش ہوئے اور اللہ کی وحدانیت کا ڈنکا بجنے لگا حضور ﷺ سے والہانہ محبت اور ناموس رسالت کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی جزو ہے، مومنین کی خوبیوں میں سے ایک خوبی یہ ہے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں اور دشمنوں پر شدید سخت ہوتے ہیں آج کا مسلمان بدقسمتی سے اپنے ہی مسلمان بھائی کو دشمن سمجھ کر اس پر سخت گیر اور مسلمانوں کے دشمنوں پر مہربان بنا ہوا ہے۔

## نارنگ منڈی ور گردونواح میں مہنگائی کے وار جاری

### گوشت، پھل سبزی دالوں سمیت اشیائے خوردونوش بھی عوام کی پہنچ سے باہر

### شہریوں کا وزیر اعلی پنجاب سمیت چیف سیکرٹری پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی ور گردونواح میں مہنگائی کے وار جاری گوشت کی منہ مانگی قیمتیں وصول سبزی دالوں اور پھل سمیت اشیائے خوردونوش بھی عوام کی پہنچ سے باہر کھائیں تو کیا کھائیں انتظامیہ مہنگائی پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہو چکی انتظامیہ فوٹو سیشن کر کے کاروائی ڈال دیتے ہیں عوام کا کوئی پرسان حال نہیں شہریوں کی گفتگو تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں مہنگائی زور و شور سے جاری ہے اشیائے خوردونوش سمیت روزمرہ ضرورت کی تمام اشیاء عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہیں ہر کوئی منہ مانگے دام وصول کر رہا ہے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہو چکی متعلقہ ادارے صرف تصویریں بنا کر کاروائی ڈال دے رہے ہیں اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف سمیت چیف سیکرٹری پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## اسلام پورہ بھکھی میں ہیپاٹائٹس تشخص وعلاج کے حوالے سے فری میڈیکل کیمپ

### میڈیکل کیمپ کا انعقاد بلڈ ہیروز جی ایم سی کے زیر اہتمام ہیومن ریلیف اینڈ سپورٹ فنڈ کے تعاون سے کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بلڈ ہیروز جی ایم سی کے زیر اہتمام ہیومن ریلیف اینڈ سپورٹ فنڈ (آسٹریلیا) کے تعاون سے ڈیرہ چوہدری لیاقت علی گجر واقع اسلام پورہ بھکھی میں ہیپاٹائٹس تشخص و علاج کے حوالے سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ کے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف نے خدمات سرانجام دیں اور سینکڑوں مریضوں کے چیک اپ کرنے سمیت مفت ادویات فراہم کیں، اس موقع پر ڈاکٹر محمد عبید الرحمن، ڈاکٹر کاشف شہزاد، سکاؤٹ ڈاکٹر محسن علی، ڈاکٹر علی خورشید، رانا محمد اکرم، رانا محمد اشرف، رانا محمد الیاس، مبشر علی، خضر، رانا طارق، خالد انجم فاروق، علی اکبر کسانہ، چوہدری طفیل گجر، چوہدری نثار گجر اور بابر مان و دیگر موجود تھے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عبید الرحمن اور ڈاکٹر کاشف شہزاد نے بتایا کہ کیمپ میں معدہ و جگر سمیت پیشاب و بلڈ کے ٹیسٹوں کی سہولیات بھی فراہم کی گئی تاکہ مستحق مریضوں کو چیک اپ و علاج کے حوالے سے بھرپور استفادہ حاصل ہو سکے، ہماری اولین ترجیح مستحق و غریب طبقات کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنا ہے ہیپاٹائٹس ایک موذی مرض ہے جو بروقت موثر علاج ممکن نہ ہونے سے مریض کیلئے جان لیوا ثابت ہوتا ہے جس کے پیش نظر فری میڈیکل کیمپس کے انعقاد کیا سلسلہ شروع کیا گیا تاکہ اس ادنیٰ کاوش کے ذریعے مریضوں کی جانوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

## آقا ﷺ اور انکی آلؑ سے محبت کئے بغیر کوئی بندہ کامل مومن نہیں ہوسکتا، ناظم شمسی

### حضور ﷺ کی آل پاکؑ نے لازوال قربانیوں سے اسلام کی شمعیں روشن کیں، خصوصی بیان

سمندری(تحصیل رپورٹر) آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پاک علیہ السلام سے محبت کیے بغیر کوئی بندہ کامل ایمان کی حدوں کو نہیں چھو سکتا ہے، دور حاضر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل رسول کے بتائے ہوئے رہنما اصولوں پر عمل کر کے ہم دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پیر سید ناظم علی شمسی نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئمہ طاہرین حضرت علی علیہ السلام حضرت امام حسن علیہ السلام حضرت امام حسین علیہ السلام امام زین العابدین علیہ السلام حضرت امام باقر علیہ السلام حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام حضرت امام علی رضا علیہ السلام حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام حضرت امام تقی علیہ السلام حضرت امام نقی علیہ السلام اور حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے جو لازوال قربانیوں سے اسلام کی شمعیں روشن کیں وہ انسانیت پر احسان عظیم ہے، انہی کی برکات اور محنتوں سے اسلام کا پرچم پوری دنیا میں سربلند ہو کر رہے گا وہ وقت قریب ہے جب امام زمانہ حضرت امام مہدی علیہ السلام تشریف لائیں گے دنیا سے کفر ختم ہو جائے

## گرین ٹریکٹر سکیم شروع کی جارہی ہے، محمد یوسف

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی ) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت حافظ آباد محمد یوسف کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے کسان دوست ویژن کے تحت زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے گرین ٹریکٹر سکیم شروع کی جارہی ہے اور اس سلسلہ میں کسانوں، زمینداروں سے درخواستیں بھی طلب کی گئی ہیں۔ محکمہ زراعت حکومت پنجاب کی جانب سے گرین ٹریکٹر سکیم پر 10لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جائیگی۔ انکا کہنا تھا کہ گرین ٹریکٹر سکیم کے لیے درخواستوں کی وصولی 10 اکتوبر تک جاری رہیگی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف کا کہنا تھا کہ 10ارب روپے کی لاگت سے وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام شروع کیا جا رہا ہے۔

## محکمہ سوئی گیس کی غفلت لاپرواہی، شہری جاری کردہ شیڈول میں بھی گیس سے محروم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ سوئی گیس کی غفلت لاپرواہی کام چوری کی وجہ سے شہریوں کو جاری کردہ شیڈول کے مطابق بھی گیس سے محروم کر دیا گیا ہے عوام مہنگے ذرائع ایندھن استعمال کرنے پر مجبور اور وفاقی وزیر بحری امور و ایم این اے قیصر احمد شیخ کی معنی خیز خاموشی سوالیہ نشان اختیار کر گئی ان خیالات کا اظہار صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خالد یاسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ستمبر کے مہینے میں روزانہ کی بنیاد پر شہر کے اکثر علاقوں میں سوئی گیس بغیر شیڈول بند کر دی جاتی ہے جس کی بار بار متعلقہ اہلکاروں کو شکایت درج کروائی جاتی ہے وہ آنیاں جانیاں دکھا کر چلے جاتے ہیں۔

## مارکیٹ کمیٹی کے افسران و عملہ کا علی الصبح سبزی و فروٹ منڈیوں کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر ہدایت ضلع کی تینوں تحصیلوں میں مارکیٹ کمیٹی کے افسران و عملہ کا علی الصبح سبزی و فروٹ منڈیوں کا دورہ۔ مارکیٹ کمیٹی کے افسران نے سبزی و فروٹ منڈیوں میں سبزیوں و پھلوں پر بولی کے عمل کی نگرانی کرتے ہوئے نرخ مقرر کیے ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں عوام کو ریلیف دینے کے لئے پرائس مجسٹریٹس سمیت دیگر افسران کارروائیوں میں مصروف عمل ہیں صارفین اشیائے ضروریہ کی خریداری مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق ہی کریں صارفین سے اشیائے ضروریہ کی خریداری پر زائد رقم وصول کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

## جنرل اسمبلی میں وزیراعظم کا خطاب معمول سے ہٹ کر اور تاریخی تھا، طلال چوہدری

### وزیراعظم نے اسرائیلی وزیراعظم کے خطاب کا بائیکاٹ کر کے امت مسلمہ کی امنگوں کی ترجمانی کی

کھڑیانوالہ (نمائندہ قوت نیوز) مسلم لیگ (ن) کے رہنما سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جنرل اسمبلی میں وزیراعظم کا خطاب معمول سے ہٹ کر اور تاریخی تھا وزیراعظم شہباز شریف نے مسئلہ کشمیر اور فلسطین کو اجاگر کر کے اور اسرائیلی وزیراعظم کے خطاب کا بائیکاٹ کر کے پوری قوم اور امت مسلمہ کی امنگوں کی ترجمانی کی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ آئے مکوآنہ کے لیگی کارکنان امتیاز مقصود، سجاد کمبوہ، رائے رستم کھرل، سعید انور بھولا سے ملاقات کے موقع پر کیا انہوں نے مزید کہا کہ فسادی ٹولے کی جانب سے باتیں ہو رہی تھیں کہ پاکستان ڈیفالٹ کر جائیگا، آئی ایم ایف کو لیٹر بھی لکھے گئے مگر آج سارے اشاریے مثبت ہیں اور پاکستان کی معیشت بہتر ہو رہی ہے اور مہنگائی میں کمی آرہی ہے اس موقع پر لیگی رہنماؤں نے سینیٹر طلال چوہدری، بلال بدر چوہدری اور حسان طلال چوہدری کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد بھی پیش کی۔

## کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید کا ایک اور عوام دوست اقدام

### غلہ منڈی میں 13 کنال سے زائد سرکاری زمین گرلز سکول کو دینے کا اعلان

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے ) کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید کا ایک اور عوام دوست اقدام، غلہ منڈی میں 13 کنال سے زائد سرکاری زمین گرلز سکول کو دینے کا اعلان، علاقے کی سینکڑوں بچیاں جگہ نہ ہونے کے باعث تعلیم سے محروم تھیں۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے غلہ منڈی میں 13 کنال سے زائد سرکاری زمین گرلز سکول کو دینے کا اعلان کر دیا۔ یہ سرکاری زمین 1969 سے کواپریٹو بنک کے زیر قبضہ تھی اور بنک نے یہ جگہ گودام بنا کر کرائے پر دی ہوئی تھی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے فوری طور پر جگہ کا قبضہ لینے کا حکم دے دیا۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس یاسر فرید اور اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب نے بتایا کہ کواپریٹو بنک نے یہ جگہ راشن سکیم میں غلہ سٹوریج کے لئے حاصل کی تھی۔

## صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اکرام الحق کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، اظہر حمید بھٹی

### سینئر وائس پریزیڈنٹ وسیم لودھی و نائب صدر لائق تحسین ہیں، بیرسٹر ابوبکر بھٹی

سیالکوٹ(بیورو رپورٹ) بزنس کمیونٹی کے قومی رہنما و گروپ لیڈر اتحاد فاؤنڈرز ریاض الدین شیخ ایک زیرک و بیباک لیڈر ہیں جن کی کاوشوں سے سیالکوٹ بزنس کمیونٹی نے دنیا بائے ممالک میں اپنے کامیاب میگا پراجیکٹس سے منفرد مقام حاصل کیا۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے جانے مانے معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی اور بیرسٹر ابوبکر بھٹی، عباد اظہر بھٹی آف سانزلے انڈسٹریز نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ انتخابات میں بھاری اکثریت حاصل کرنیوالے آفس بیئررز و مجلس عاملہ نومنتخب اراکین کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی نے کہا کہ نومنتخب صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ اکرام الحق، سینئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وسیم لودھی اور نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد و مجلس عاملہ اراکین بلاشبہ قائد محترم ریاض الدین شیخ کا کمال انتخاب ہیں جن کی صلاحیتوں سے انکار نہیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

## تھانہ سبز پیر کے نواحی گاؤں دروال میں غنڈہ گردی عروج پر

### کمسن بچہ محمد ذیشان ولد جاوید پتھراو سے شدید زخمی ہوگیا

### وزیراعلی پنجاب، آئی جی پنجاب، آر پی او گوجرانوالہ، ڈی پی او سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) تھانہ سبز پیر کے نواحی گاؤں دروال میں غنڈہ گردی عروج پر۔ کمسن بچہ محمد ذیشان ولد جاوید پتھراو سے شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق عرصہ دراز سے نامعلوم افراد کی جانب سے سائیل اور اسکے اقارب کے گھروں میں پتھراؤ کیا جا رہا تھا۔ جس کی وجہ سے کافی مالی نقصان ہوا۔ اور بیشتر افراد زخمی بھی ہوئے۔ آج پھر ان شرپسند عناصر نے گھر کے اندر اینٹیں اور پتھر پھینکے۔ جس کی زد میں آ کر کمسن بچہ ذیشان علی سر پر اینٹ لگنے سے شدید زخمی ہو گیا کوئی پرسان حال نہ بنا۔ اہل خانہ نے وزیر اعلی پنجاب ائی جی پنجاب ار پی او گوجرانوالہ ڈی پی او سیالکوٹ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔

## انتظامیہ کی ملی بھگت: بااثر فیکٹری مالکان شہر کی فضاء میں زہر گھولنے لگے

### فیکٹریاں، بھٹیاں اور صنعتی یونٹس سیل ہوتے ہی 15 منٹ بعد ڈی سیل ہونے لگے

### اہل علاقہ اور گردونواح کے رہائشی دمہ، آنکھوں اور الرجی جیسے سنگین مسائل میں مبتلا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تحفظ ماحولیات شہر کو فضائی آلودگی سے پاک اور رہائشی آبادیوں سے صنعتی یونٹس کو باہر منتقل کرنے میں بری طرح ناکام ہو گیا، کینن میٹل اینڈ ورکس المعروف باؤ فرخ اعجاز والی فیکٹری اور شیخوپورہ روڈ پر زہریلا دھواں چھوڑنے اور فضائی آلودگی پھیلانے والی متعدد فیکٹریاں، بھٹیاں اور صنعتی یونٹس موجود ہیں، جو سیل ہوتے ہی 15 منٹ بعد ضلعی انتظامیہ کی سرپرستی اور لکشمی کی چمک سے ڈی سیل ہو جاتے ہیں، 24 گھنٹے زہریلا دھواں چھوڑنے سے اہل علاقہ اور گردونواح رہائشی سخت اذیت میں مبتلا ہونے کے ساتھ ساتھ الرجی، دمہ اور آنکھوں جیسے سنگین مسائل میں مبتلا ہونے لگے ہیں، اہل علاقہ اور گردونواح رہائشیوں کا کہنا ہے کہ بااثر فیکٹری مالکان محکمہ ماحولیات کے انسپکٹرز کی جیب گرم کر دیتے ہیں، اہل علاقہ اور گردونواح رہائشیوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری/ ڈی جی ماحولیات، سیکرٹری ہیلتھ سے التماس کی ہے کہ غفلت برتنے والے افسران کے خلاف فوری نوٹس لیتے ہوئے قانونی کارروائی کی جائے، تاکہ پنجاب کی غریب عوام کے ساتھ مستقبل میں ایسا کھلواڑ نہ کیا جائے اور سخت اذیت میں مبتلا اہل علاقہ اور گردونواح رہائشی خوشگوار ماحول میں زندگی بسر کر سکیں۔

## ساہیوال: پولیس کا کریک ڈاؤن 45 لیٹر شراب 3 کلو چرس برآمد

### ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 12 عدد پسٹل اور 1 عدد کاربین برآمد

ساہیوال ( مہر اے ڈی نسیم سپرا سے ) گزشتہ 3 دنوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن 257 لیٹر شراب، 3 کلو سے زائد چرس، چالو بھٹی و ناجائز اسلحہ برآمد 80 سے زائد عدالتی مفروران و مجرمان اشتہاری گرفتار ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی زیر قیادت ساہیوال پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری گزشتہ 3 دنوں کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 257 لیٹر شراب، 3 کلو سے زائد چرس اور 2 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں جبکہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 12 عدد پسٹل اور 1 عدد کاربین برآمد کی گئی۔ گزشتہ 3 دن کے دوران 60 مجرمان اشتہاری، 26 عدالتی مفروران اور 29 عادی مجرمان کو گرفتار کر پابند سلاسل کیا گیا۔ جرائم پیشہ عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

## مسلح ڈاکوؤں نے ایف سی ملازم سمیت دو افراد سے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے ایف سی ملازم سمیت دو افراد سے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے اڈا موترہ کا عرفان اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو تین مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی ایک لاکھ بہتر ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے موضع قلعہ ٹیک سنگھ کا رہائشی اور ایف سی ملازم رضوان اپنی والدہ کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو مسلح ڈاکو نے روک لیا اور اس سے نقدی پینتالیس سو روپے، موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

## کوٹلی لوہاراں: جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والا مسافر گرفتار

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) ایف آئی اے امیگریشن سیالکوٹ کی کاروائی۔ جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والا مسافر گرفتار مسافر کی شناخت نجم الثاقب کے نام سے ہوئی مسافر فلائٹ نمبر QR 630 کے ذریعے مصر سے پاکستان پہنچا امیگریشن کلیئرنس کے دوران مسافر کی دستاویزات کو مشکوک پایا گیا مسافر کے پاسپورٹ پر ساؤتھ افریقی ویزہ جعلی تھا مسافر کے پاسپورٹ پر بوسنیا کا جعلی ویزہ اسٹیکر چسپاں تھا مسافر کے پاسپورٹ پر لگی پاکستانی ارائیول اسٹیمپ جعلی پائی گئی مسافر کے پاسپورٹ پر لگی اٹلی کی ڈیپارچر اسٹیمپ بھی جعلی پائی گئی ابتدائی تفتیش کے مطابق مسافر نے ندیم عرف دانا نامی ایجنٹ سے اٹلی میں ملازمت حاصل کرنے کے معاملات طے کیے مسافر نے مذکورہ ایجنٹ کو اس مقصد کے لیے 25 لاکھ روپے ادا کیے ایجنٹ نے مسافر کو عمرہ ویزہ کی آڑ میں سعودی عرب بھیجا سعودی عرب قیام کے دوران ایجنٹ نے مسافر کو جعلی اٹالین کارڈ دیا اور پاسپورٹ پر جعلی اسٹیمپ لگائیں۔ بعد ازاں ایجنٹ نے مسافر کو مصر ایئر پورٹ سے اٹلی بھجوانے کی کوشش کی۔

## ڈی پی او کی ہدایت پر پولیس کی کارروائی، تین ڈکیت گینگز پکڑ لئے

کوٹلی لوہاراں ( نمائندہ قوت )ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی خصوصی ہدایت پر تھانہ حاجی پورہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے دشمن سماج عناصر کیخلاف گیرا تنگ کرتے ہوئے راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 ڈکیت گینگز کے 9 ارکان کے قبضے سے 8 لاکھ روپے نقدی 20 عدد موٹر سائیکلیں اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز 9 عدد پسٹل معہ متعدد گولیاں برآمد کر کے گرفتار کر لیا۔

## سیالکوٹ پولیس کا موٹر سائیکل چوروں کے خلاف گھیرا تنگ

### راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث عدیل عرف سپ گینگ کے 3 ملزمان کو گرفتار

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ پولیس کا موٹر سائیکل چوروں کے خلاف گھیرا تنگ، راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث عدیل عرف سپ گینگ کے 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ 1 لاکھ 12 ہزار روپے نقدی، 10 عدد موٹر سائیکلیں، 02 عدد موبائل فون اور اسلحہ ناجائز 03 عدد پسٹل 30 بور معہ متعدد گولیاں برآمد۔* ترجمان پولیس کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی خصوصی ہدایات پر ضلع سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی اور راہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے پیش نظر ڈی ایس پی صدر سرکل کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ ہیڈ مرالہ سب انسپکٹر کاشف علی بٹ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے عدیل عرف سپ گینگ کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان اسلحہ کے زور پر لوگوں سے نقدی موٹر سائیکل وغیرہ چھینتے تھے اور لوگوں کے گھروں میں نقب زنی کرتے تھے۔

## نوسر بازوں نے شادی کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیا لیئے

### دولہا والے جب دلہن کے گھر پہنچے دلہن والے گھر کو تالا لگا کر غائب ہو گئے

اوکاڑہ ( راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ نوسر بازوں نے شادی کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیا لیئے دولہا اپنی بارات لے کر دلہن لینے کے لیے جب دلہن کے گھر پہنچا دلہن والے گھر کو تالا لگا کر غائب ہو گئے دولہا اور براتی دلہن کے بغیر ہی گھر واپس لوٹ آئے۔ بتایا گیا ہے کہ تھانہ چوچک اوکاڑہ کے علاقے میں نوسر بازوں نے سادہ لوح غریب محنت کش کو شادی کا جھانسہ دے کر لوٹ لیا والدہ نے اپنے گونگے بہرے بیٹے کی شادی کے لیے رشتہ پسند کیا تو بیٹی والوں نے کہا کہ جہیز کا سامان بھی تم خود ہی بناؤ گے جس کے لیے انہوں نے دولہا کی والدہ سے تین لاکھ روپے نقدی لیے اور کہا کہ ہم جہیز کا سامان تیار کرتے ہیں آپ اپنی تیاریاں شروع کریں جب دولہا ڈھول باجے بجا کر آج دلہن کے گھر بارات لے کر پہنچا تو آگے سے گھر کو تالے لگے ہوئے تھے ادھر ادھر سے پتہ کیا تو پتہ چلا کہ یہ گروہ شادی کا جھانسہ دے کر سادہ لوح لوگوں کو لوٹتے ہیں دولہا اور براتی بغیر دلہن کے ہی گھر واپس لوٹ ائے دولہا کی والدہ ذاکرں بی بی کی مدعیت میں تھانہ چوچک میں اندراج مقدمہ کے لیے درخواست دائر کر دی گئی ہے۔

## کھڑیانوالا اور بلوچنی کے اکثر سکولز میں تعلیمی بائیکاٹ

### مطالبات کی منظوری تک تعلیمی بائیکاٹ، احتجاجی ریلیاں اور دھرنے جاری رہیں گے، اساتذہ کا موقف

کھڑیانوالہ (نمائندہ قوت) تفصیلات کے مطابق گرینڈ ٹیچرز الائنس پنجاب کے تحت 27 ستمبر سے پنجاب بھر کے سکولز میں مکمل تعلیمی بائیکاٹ کا اعلان کیا گیا ہے۔ اسی اعلان کے تحت علاقہ کھڑیانوالہ اور بلوچنی کی اکثر سکولز میں تعلیمی بائیکاٹ کیا گیا ہے۔ نمائندہ سماء کے سروے کے مطابق اساتذہ کا کہنا ہے کہ گورنمنٹ سکولوں کی نجکاری پینشن رولز میں ترامیم اور جبری ایل پی آر جیسی ظالمانہ پالیسیاں اساتذہ حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ جس سے اساتذہ ذہنی اذیت کا شکار ہیں اس کے علاوہ نئی بھرتی کی بجائے ریشنلائزیشن کی پالیسی بھی سمجھ سے باہر ہے۔ مڈل حصہ میں ای ایس ٹی جنرل کو سرپلس کر کے دور دراز سکولوں میں ٹرانسفر کیا جا رہا ہے۔ جو کہ عرصہ دراز سے سکولز میں انگلش، سائنس میتھ اور کمپیوٹر مضامین کو پڑھا رہے ہیں جس سے سکولوں کا نظام بخوبی چل رہا تھا۔ اب ای ایس ٹی جنرل کو تو سرپلس کیا جا رہا ہے ان کی جگہ پر کمپیوٹر میتھ سائنس ٹیچر کی اسامیاں خالی رہ جائیں گی۔ جنہیں بعد میں ختم کر دیا جائے گا۔ اسی طرح اوپن میرٹ پر حالیہ ہونے والے ٹرانسفرز میں اساتذہ کو ریپلیسمنٹ ٹیچر آنے کی وجہ سے ٹرانسفر نہیں کیا جا رہا جس سے ٹرانسفر ہونے والے اساتذہ بھی پریشانی کا شکار ہیں۔ اساتذہ نے تعلیمی بائیکاٹ کر کے متعلق متعلقہ اعلیٰ حکام سے اپنے تمام جائز مطالبات کی منظوری کی پرزور اپیل کی ہے۔

## بھلوال: تاریخ پر آنیوالے موٹر سائیکل سے ہاتھ دھو بیٹھے

بھلوال (تحصیل رپورٹر) بھلوال کچہری میں تاریخ بھگتنے والے ملزم علی حسن ہطار نے اپنا ملکیتی موٹر سائیکل نمبر ASP/2515 ہنڈا CG125 ماڈل (2023) مالیتی 000,40,2 روپے تحصیل آفس کے احاطے میں کھڑا کیا اور ایک گھنٹے بعد واپس لینے گیا تو نامعلوم چوروں نے لاک شدہ موٹر سائیکل چوری کر لیا تھا باوجود تلاش کے نہ مل سکا 15 پر کال کر کے سٹی بھلوال پولیس کو اطلاع دی تو پولیس نے اپنی سرسری کاروائی کی اگر پولیس بروقت کاروائی کرتے ہوئے شہر کی ناکابندی کرتے ہو سکتا تھا کے موٹر سائیکل مل سکتا تھا شہر میں موٹر سائیکل چوروں نے عوام میں خوف ہراس پھیلا رکھا ہے اعلیٰ حکام DPO سرگودھا اور وزیر داخلہ پنجاب سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ امن و امان برقرار رکھتے ہوئے موٹر سائیکل چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کروایا جائے تاکہ چوری شدہ موٹر سائیکل برامد ہو سکے

## اوباش ملزمان کی 14 سالہ لڑکی کو اغوا کر کے اجتماعی زیادتی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو اوباش ملزمان کی 14 سالہ لڑکی کو اغوا کر کے اجتماعی زیادتی پولیس رپورٹ کے مطابق ڈسکہ کے نواحی گاؤں وڈالہ سندھواں کے عارف کی 14 سالہ بیٹی گھر سے ڈیرہ پر گئی تو وہاں پر نہ پہنچی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو گاؤں کے لوگوں نے بتایا کہ تمہاری بیٹی کو ملزم کاشی نے اپنے گھر میں دو دن سے رکھا ہوا ہے جب وہ کاشی کے گھر پہنچا تو اس کی بیٹی رو رہی تھی جس نے بتلایا کہ وہ ڈیرہ پر آرہی تھی کہ اس کو راستے میں خاتون صائمہ ملی جس نے ورغلا پھسلا کر اپنے پاس بٹھا لیا اور اس کا بھائی فرمان آیا اور اسکو اغوا کر کے لطیف کے ڈیرہ پر چھپا دیا ملزم کاشی نے فرمان کو بلایا اور کاشی کی والدہ بھی آ گئی جو اس کو اپنے گھر لے گئی جہاں پر ملزمان فرمان اور کاشی نے لڑکی کیساتھ زبردستی اجتماعی زیادتی کر ڈالی پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

## غیرت کے نام پر باپ نے بھائیوں کے ساتھ مل کر بیٹی کا گلہ دبا کر قتل کر دیا

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) پولیس اسٹیشن قلعہ دیدار سنگھ کے علاقہ کوٹ بھوانی داس کی رہائشی 23 سالہ کو بیٹی کو غیرت کے نام پر باپ نے بھائیوں کے ساتھ مل کر گلہ دبا کر قتل کر دیا مدعی مقدمہ والدہ خالدہ پروین نے ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا کہ رات ہم اپنے گھر میں موجود تھے کہ اچانک میرے دیور حامد ناصر اور شفیق علی بہت غصے میں ہمارے گھر داخل ہوئے انہوں نے گھر میں داخل ہوتے ہی میری 23 سالہ بیٹی عائشہ کے ساتھ گالم گلوچ شروع کر دی اور مجھ سے لڑائی جھگڑا شروع کر دیا میرا خاوند خالد بھی ان کا ساتھ دیتے ہوئے میری بیٹی کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے کمرے میں لے گئے وہاں لے جا کر میری بیٹی کو میرے خاوند، دیور اور حامد ناصر نے میرے سامنے گلہ دبا کر اسکی سانسیں بند کر دیں۔

## اوپن ڈور پالیسی: ڈپٹی کمشنر نے عوام کے مسائل سنے، احکامات جاری کئے

### ڈی سی آفس میں روزانہ کی بنیاد پر صبح 10 سے 30:11 بجے تک عوام کے مسائل سنے جاتے ہیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف اور چیف سیکرٹری پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو عوام الناس کے مسائل کے بروقت حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر صبح 10 سے 30:11 بجے تک شہریوں کو درپیش مسائل سن کر موقع پر متعلقہ محکمہ جات کو احکامات جاری کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ضلع کونسل و دیگر سرکاری محکمہ جات کے افسران نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت سرکاری دفاتر میں آئے سائلین کے مسائل اور شکایات سنیں اور موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے اوپن ڈور پالیسی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کا راستہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام دوست پالیسی کا عکاس ہے، ضلع بھر کے شہری کسی بھی محکمہ سے متعلق اپنے مسائل کے حل کے لیے سرکاری دفاتر میں تشریف لائیں تاکہ انہیں فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ عوام الناس کو بروقت انصاف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، شہری صبح 10 سے 30:11 بجے تک سرکاری دفاتر میں اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں، اوپن ڈور پالیسی کے تحت میرے دفتر کے دروازے بھی عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔

## پسوال: زمیندار کے گھر ڈاکوؤں نے دھاوا بول دیا

### لاکھوں روپے مالیت کی نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے

شکر گڑھ (نامہ نگار) شکر گڑھ سرکل کے تھانہ کوٹ نیناں کی حدود میں واقع گاؤں پسوال میں رات گئے ارشاد نامی زمیندار کے گھر ڈاکوؤں نے دھاوا بول دیا۔ واردات کے دوران مسلح ڈاکو لاکھوں روپے مالیت کی نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے متاثرہ شہری محمد بوٹا کا بھائی ہے، جو محکمہ اینٹی کرپشن میں اہلکار کے طور پر خدمات انجام دیتا ہے۔ واردات کے بعد مقامی پولیس گشت کے دوران اطلاع پا کر موقع پر پہنچی، تاہم ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے، تاہم ابھی تک کسی ملزم کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ علاقے میں بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے اور لوگوں نے اعلیٰ حکام سے تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

## ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کی شہریوں سے دفتر میں ملاقات

### شہریوں کے مسائل سنے، فوری حل کیلئے محکموں کے افسران کو احکامات بھی جاری کئے

حافظ آباد (بیورو چیف ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبد الرزاق نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے عوامی ریلیف ویژن اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی اور انکے مسائل سنیں۔ ڈپٹی کمشنر نے دفتر آنے والے شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے مختلف محکموں کے افسران کو احکامات بھی جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر عبد الرزاق کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور انہیں ریلیف کی فراہمی کے سلسلہ میں ضلع بھر کے سرکاری دفاتر کے اوپن ڈور پالیسی کا سلسلہ جاری ہے اور تمام ضلعی افسران اپنے دفاتر میں موجود ہو کر اس اوپن ڈور پالیسی کے تحت آنے والے شہریوں سے ملاقات اور انکے مسائل حل کر رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی عوامی مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ افسران اور عوام کے باہمی روابط کو بہتر بنانا ہے۔ اس اوپن ڈور پالیسی کے اقدام سے شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے ریلیف کی فراہمی کا عمل جاری ہے۔

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

## گمشدگی کاغذات

میرا اصل آٹو کیڈ ڈپلومہ سند نمبر TTBP-T001-23-BL2 15174 علاقہ گجر پورہ میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر رابطہ کریں۔

المشتہر: ارسلان زاہد ولد زاہد محمود سکنہ مکان نمبر 40 بلاک زیڈ محلہ وسن پورہ لاہور

0320-8441789

### بقیہ بقیہ جات 1

نسلوں سے چلتا ہوا آرہا ہے، جو غلط ہوتا ہے ہم کہتے ہیں کہ غلط ہے، ملک میں اس وقت بہت سے مسائل ہیں جن کا حل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی پھر سر اٹھا رہی ہے، ہم یہ نہیں کہتے ایک دن میں تمام مسائل حل کر دیں گے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کیلئے قربانیاں دیں ہیں، ہم تنقید سیاسی مخالفت کی وجہ سے کرتے ہیں، معیشت کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا نظریہ واضح ہے، ایسی متفقہ دستاویز بنانے کی کوشش کریں گے جو محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی خواہش کے مطابق ہو، ہم ایسی آئینی عدالت بنانا چاہتے ہیں جس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں لڑائیاں چلتی رہتی ہیں، اسلام آباد میں بڑے بڑے ہاتھی لڑتے ہیں، وفاقی دارالحکومت میں ہونے والی لڑائیوں کا بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کا عدالتی نظام دہشت گرد متاثرین کو انصاف نہیں دلوا سکتا ہے، عام آدمی جو دہشت گردی میں انصاف مانگتا ہے اسے کہا جاتا ہے کہ آپ کا وکیل صحیح نہیں، 50 فیصد کیسز میں ہمارے ججز سزا نہیں دلوا سکتے۔

### بقیہ بقیہ جات 2

میں چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت مکمل کر کے فیصلہ محفوظ کیا تھا جسے عدالت نے پیر کی صبح سنایا۔ چیف جسٹس نے فیصلہ پڑھ کر سنایا اور پنجاب میں الیکشن ٹریبونلز سے متعلق الیکشن کمیشن کی اپیل منظور کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا۔ عدالت کا فیصلہ 5 صفحے آیا جس میں 12 جون کا ججز ٹریبونل تعیناتی کا رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ کا نوٹیفکیشن بھی کالعدم قرار دیا گیا ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ لاہور ہائیکورٹ کی سنگل بینچ کا فیصلہ بطور عدالتی نظیر بھی پیش نہیں کیا جا سکتا، ہائیکورٹ جج نے چیف الیکشن کمشنر اور چیف جسٹس کی ملاقات نہ ہونا مدنظر نہیں رکھا، اگر ملاقات نہ ہونا مدنظر رکھتے تو ایسا فیصلہ نہ کیا جاتا۔

### بقیہ بقیہ جات 3

کیسز نمٹائے گئے، گزشتہ تین ہفتوں میں میڈیکل ایمرجنسی کے کیسز کیلئے 1 ارب روپے کی منظوری دی گئی، وزیر اعظم جلد ایم ڈی تعینات کر دیں گے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت کا اجلاس چیئرمین غلام محمد تالپور کی زیر صدارت وزارت تخفیف غربت میں ہوا۔ اجلاس میں ایم ڈی بیت المال کی عدم تعیناتی کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ایم ڈی بیت المال کا عہدہ گزشتہ سات ماہ سے خالی ہے، ایم ڈی بیت المال کی عدم تقرری سے تمام کیسز رک گئے تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 4

کردار ادا کر رہی ہے، بلوچستان کے حقوق کی بات آئین میں واضح ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں دیوار سے لگانے کی کوشش نہ کی جائے اور مجبور نہ کیا جائے کہ ہم وہ کام شروع کر دیں جس سے عام شہریوں کا نقصان ہو۔ انہوں نے کہا ہم ہمیشہ سے بلوچستان میں فوجی آپریشنز کی مخالفت کرتے آئے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے ذریعے دہشت گردوں کو ختم کیا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 5

گئے، وزیر اعظم شہباز شریف کا اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب کو یو این آفیشل یوٹیوب چینل پر ایک لاکھ 37 ہزار لوگوں نے دیکھا، دنیا بھر کے قائدین کا جنرل اسمبلی سے خطاب یو این آفیشل یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کیا گیا تھا الجزیرہ کی ٹک ٹاک اکاؤنٹ پر بھی وزیر اعظم شہباز شریف کا خطاب 16 لاکھ لوگوں نے دیکھا۔

### بقیہ بقیہ جات 6

نے کہا کہ آج نارووال تعلیم کے شعبہ میں سب سے آگے ہے تعلیم کی طاقت آپکو زمین کی پستیوں سے اٹھا کر آسمان کی بلندیوں تک لے جاتی ہے۔ اگر کوئی نوجوان چاہتا ہے کہ جو مشکلات اس نے زندگی میں دیکھی ہیں وہ اسکی آنے والی نسلیں نہ دیکھیں تو تعلیم ہی اسکی زندگی بدل سکتی ہے۔ آپ پوری محنت کریں اور نارووال میں بننے والی یونیورسٹیوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، آپکا مطالعہ تجربہ اور مشاہدہ ہی آپکی تخلیقی صلاحیت کو نکھار سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم نارووال ضلع کے اندر مزید بہترین منصوبے لارہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 7

کشمیر کی طرف دیکھ رہا ہے، پوری دنیا میں کشمیریوں کی ٹارگٹ کلنگ کی جا رہی ہے، اپنی ہی زمین پر کشمیریوں کو پناہ گزین بنا دیا گیا، 50 لاکھ بھارتیوں کو ڈومیسائل دیئے گئے۔ پیرکو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں مقبوضہ جموں و کشمیر میں مضحکہ خیز انتخابات کے حوالے سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشعال ملک نے کہا کہ 15 اگست 2019 کو بھارت نے کوئی زمینی حملہ نہیں کیا بلکہ صدارتی آرڈر پاس کیا، ایک فیصلے سے 370 کے آرٹیکل کو ختم کر دیا، اپنی ہی زمین پر کشمیریوں کو پناہ گزین بنادیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 8

قاضی فائز عیسیٰ کا کہنا تھا 163 اے کا مقدمہ بڑا اہم ہے، جج کا مقدمہ سننے سے انکار عدالت میں ہوتا ہے، جسٹس منیب اختر کی رائے کا احترام ہے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ قانون کا تقاضا ہے نظر ثانی اپیل پر سماعت وہی بینچ کرے گا، سابق چیف جسٹس کی جگہ میں نے پوری کی، جسٹس اعجاز الاحسن کی جگہ جسٹس امین الدین کو شامل کیا گیا، ہم جسٹس منیب اختر سے درخواست کریں گے کہ بینچ میں بیٹھیں۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ جسٹس منیب اختر نے آج مقدمات کی سماعت کی ہے وہ ٹی روم میں بھی موجود تھے، ان کا آج کی سماعت میں شامل نہ ہونا ان کی مرضی تھی، ہم کل دوبارہ اس نظر ثانی کیس کی سماعت کریں گے، امید کرتے ہیں کہ جسٹس منیب اختر کل سماعت میں شامل ہوں۔

### بقیہ بقیہ جات 10

گریجوایٹ کالجز کے طلبہ کو ہونہار سکالرشپ دیا جائے گا، ہونہار سکالرشپ لمز، فاسٹ، کامسٹ، نسٹ، غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ اور 7 مزید ٹاپ پرائیویٹ یونیورسٹیز کے طلبہ کو دیا جائے گا، ہونہار سکالرشپ پروگرام کے تحت 8 سال میں 130 ارب روپے کے وظائف فراہم کئے جائیں گے، ہونہار سکالرشپ پروگرام سے آئندہ 4 سالوں میں ایک لاکھ 20 ہزار طلبہ مستفید ہوں گے، طلبہ Honhaarscholarship.punjabhec.gov.pk پر اپلائی کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ الحمد للہ اپنی پہلی تقریر میں کیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا، ہونہار سکالرشپ پروگرام کا آغاز اہم سنگ میل ہے، ہونہار سکالرشپ پروگرام مستحق اور ہونہار طلبہ کے لئے معیاری تعلیم تک رسائی یقینی بنائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 11

ملوث مرکزی ملزمہ کی جانب سے انسداد منشیات کے مقدمے میں ضمانت کے لیے دائر کی گئی درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے 10 لاکھ روپوں کے مچلکے جمع کروانے کے عوض ملزمہ کی درخواست منظور کر لی۔ یاد رہے کہ کراچی کے علاقے کارساز میں پیش آنے والے حادثے کے کیس میں فریقین میں رواں ماہ کے آغاز میں معاملات طے پا گئے تھے۔ 6 ستمبر کو ہونے والی سماعت کے دوران ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کراچی شرقی کی عدالت نے کارساز حادثے کی ملزمہ کی درخواستِ ضمانت منظور کر لی تھی۔ مدعی مقدمہ کے وکیل نے سماعت کے دوران نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ عدالت میں جمع کروائے تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 12

پارلیمنٹ میں بھی آواز اٹھائی، جب کوئی جماعت کہے اپنے لیڈر کو باہر نکالیں گے مطلب بندوق سے نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم بانی پی ٹی آئی کو اگر جیل سے نکالیں گے تو مزید مسائل پیدا ہوں گے، ہم عمران خان کو عدالت کے ذریعے رہا کروائیں گے، 8 فروری کو قوم نے بانی پی ٹی آئی کو ووٹ دیا۔ رہنما تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ جعلی حکومت کو قوم پر مسلط کر دیا گیا، جعلی حکومت آئینی ترمیم لانا چاہتی ہے، یہ سپریم کورٹ کا انصاف کا دروازہ بھی ہمیشہ کے لیے بند کرنا چاہتے ہیں، ہم انصاف کا دروازہ بند نہیں ہونے دیں گے۔ علی محمد خان نے کہا کہ کل ہم نے بغیر لیڈر شپ کے 12 گھنٹے احتجاج کر کے دکھایا، جب عوام نکلتے ہیں تو بڑے بڑے در و دیوار ہل جاتے ہیں، اس ملک میں انقلاب تو قوم 8 فروری کو لا چکی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 13

ہیں۔ وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں برازیل کے سفیر اولنتھو ویرا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے پیر کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صحت کے شعبے سمیت دو طرفہ تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا کہ پاکستان اور برازیل کے درمیان گہرے مضبوط تعلقات ہیں، وزیر اعظم کی قیادت میں پولیو کے خاتمے کے لئے پر عزم ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 14

کی سیاسی صورتحال اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ بیرسٹر گوہر نے مولانا فضل الرحمن کو 5 سال کیلئے جے یو آئی کا امیر منتخب ہونے پر مبارکبادی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بیرسٹر گوہر نے مولانا عبدالغفور حیدری کو بھی سیکرٹری جنرل جے یو آئی منتخب ہونے پر مبارکبادی۔

### بقیہ بقیہ جات 15

تھا؟ 9 مئی پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے تا کہ اس معاملے کو جلد از جلد حل کیا جائے، ہم ملک دشمن نہیں ہیں۔ شیخ وقاص اکرم نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور ان کے ساتھ آنے والے ورکرز کے ساتھ ناروا سلوک کیا گیا، راولپنڈی کے عوام اور صحافیوں کے ساتھ بھی بدسلوکی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے تحت احتجاج کرنا، ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں جانا ہمارا حق ہے لیکن ہمیں اجازت نہیں دیا جاتا، آئین کی دھجیاں بکھیری جا رہی ہیں، لوگوں کو گھروں سے اٹھایا جا رہا ہے۔ سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی نے کہا کہ 9 مئی کا بار بار نام لیا جاتا ہے اور ہم بار بار کہتے ہیں کہ 9 مئی پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے تا کہ اس معاملے کو جلد از جلد حل کیا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 16

خان نے اسرائیل کے غزہ کے بعد لبنان کی شہری آبادی پر بم حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ شہید سید حسن نصر اللہ اپنے پاکیزہ مقصد میں کامیاب ہو گئے اور وہ ظلم و ناانصافی کے خلاف پوری سچائی اور استقامت کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی دہشت گردی میں ہر روز اضافہ ہوتا جا رہا ہے اسرائیلی مظالم، بربریت اور دہشت گردی کے خلاف اقوام عالم ایکشن لیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید حسن نصر اللہ نے فلسطین کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اسرائیلی دہشت گردی کو رکوانے کے لیے مداخلت کرے۔

### بقیہ بقیہ جات 17

میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چند قوتیں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان دوری پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہیں، پنجاب میں پاور شیئرنگ فارمولے پر تحریری معاہدے کے باوجود کوئی پیشرفت نہیں ہوسکی، بڑی انائیں چھوڑ کر آگے بڑھنا ہوگا۔ علی حیدر گیلانی نے کہا کہ گورنر پنجاب اور حکومت پنجاب کے درمیان وائس چانسلر کی تقرری پر اختلاف نہیں ہونا چاہیے تھا، دونوں مل کر بیٹھتے تو معاملہ حل ہوسکتا تھا، گورنر پنجاب کا آئینی رول ہے جسے تسلیم کرنا چاہیے، مسلم لیگ (ن) ہم سے دور بھاگ رہی ہے۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ سیاسی کی بجائے پنجاب حکومت بیوروکریٹک طرز عمل اپنائے ہوئے ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے ملاقات ہوئے 3 ماہ سے زائد ہو چکے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 18

بحران سے نکل کر خوشحالی کی طرف چل پڑا، عمران خان کا ٹولہ اب بھی ملک دشمن ایجنڈے پر چل رہا ہے اس کے پیچھے وہ غیر ملکی قوتیں ہیں جو پاکستان کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مریدکے کے گاؤں کرتو میں سابق جج انسداد دہشت گردی عدالت اور موجودہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سرگودھا چوہدری اعجاز بٹر کے والد اور سیاسی سماجی شخصیت چوہدری ضیافت علی بٹر کے تایا چوہدری نواز بٹر کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ سب سے زیادہ ترقی و خوشحالی میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف کے دور میں ہوئی مگر سازشوں کے ذریعے انہیں حکومتوں سے الگ کیا جاتا رہا، اب بھی جن مشکل حالات میں پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لئے میاں شہباز شریف نے حکومت لی اسکی مثال نہیں ملتی۔ میاں شہباز شریف نے نہ صرف پاکستان کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا اللہ کی رحمت سے دوبارہ خوشحالی کی طرف گامزن کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 19

دفن نہیں کر سکا نہ ہم کسی کو دفن نہیں کر سکتے، اسٹیبلشمنٹ سیاسی جماعتوں کو بناتی ہے جس سے مشکلات پیدا ہوتی ہیں، غلطی چند لوگ کرتے ہیں، سزا ساری جماعت کو ملتی ہے، آئین پاکستان کو ماننے والے آج دست و گریباں ہیں، پاکستان کے خلاف بیرونی سازشوں سے بچنا ہے تو ہمیں اکٹھا ہونا پڑے گا، اسوقت بلوچستان کا مسئلہ سب سے اہم ہے، اپنی پارٹی سمیت سب جماعتوں سے پوچھتا ہوں بلوچستان میں کام کیوں نہیں کرتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب غلام حیدر وائیں کی یاد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سعد رفیق نے کہا کہ میں نواز شریف کی گڈ بک میں نہیں تھا لیکن وائیں صاحب کا پیارا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 20

وزارت داخلہ نے جاری بیان میں کہا ہے کہ ندیم شہزاد نامی پاکستانی شہری کو ہیروئن اسمگلنگ کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق مقامی عدالت نے جرم ثابت ہونے پر قتل کی سزا سنائی تھی جس کو اپیل کورٹ اور سپریم کورٹ نے برقرار رکھا۔ سعودی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ مجرم کی سزائے موت پر دمام میں عمل درآمد کر دیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق اس سزا کا اعلان اس لیے کیا گیا ہے تا کہ مملکت میں منشیات فروشی میں ملوث افراد کو خبردار کیا جا سکے۔

### بقیہ بقیہ جات 21

جارحیت کا شکار مظلوم فلسطینیوں خصوصاً اہل غزہ کے لیے امداد کی فراہمی جاری ہے۔ اسی سلسلے میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے امدادی سامان کی دسویں کھیپ روانہ کر دی ہے۔ امدادی سامان روانہ کرنے کی تقریب جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ کراچی پر منعقد ہوئی۔ جہاں سے امدادی سامان بذریعہ چارٹرڈ طیارہ A300 عمان، اردن کے لیے روانہ کیا گیا جو کہ وہاں سے غزہ کے لیے بھیجا جائے گا۔ روانہ کیے گئے امدادی سامان میں غزہ کے لوگوں کے لیے ضرورت کے مطابق 40 ٹن ادویات شامل ہیں۔ پاکستان کی جانب سے عزم کا اظہار کیا گیا ہے کہ جہاں بھی فلاحی اقدامات کی ضرورت ہوگی وہاں ہم مدد اور تعاون فراہم کریں گے۔ سامان روانگی کی تقریب میں ایم این اے ڈاکٹر درشن نے این ڈی ایم اے اور الخدمت فاؤنڈیشن کے نمائندگان کے ساتھ شرکت کی۔ شرکا کی جانب سے مشکل کی گھڑی میں امداد اور یکجہتی کی ضرورت پر زور دیا۔ این ڈی ایم کی جانب سے اب تک کل 1151 ٹن امدادی سامان غزہ کے لیے روانہ کیا جا چکا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 22

والوں کو بھی کامیاب نہیں ہونے دے گی، ملک و قوم کی خاطر جانیں قربان کرنے والے پولیس شہدا کے خون کا حساب لیں گے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شہدا پولیس کے گھروں کی خریداری کیلئے 50 لاکھ روپے فی گھر کا اضافہ کر دیا ہے، کچہ میں ڈیوٹی سرانجام دینے والے اہلکاروں کے لئے 25 ہزار روپے فی کس الاؤنس منظور کیا گیا ہے، ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ رواں مالی سال تمام نئے تھانے مکمل ہوجائیں گے، بارڈر چیک پوسٹوں کو جدید انفراسٹرکچر، لاجسٹکس سے مضبوط کیا ہے، پنجاب کے 18 شہروں میں 31 دسمبر جبکہ صوبہ بھر میں اگلے سال 30 جون تک سمارٹ سیف سٹیز آپریشنل ہوجائیں گے، آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ اگلے مرحلے پر سیف سٹیز کے دائرہ کار کو پنجاب کی 140 تحصیلوں تک توسیع دی جا رہی ہے، پنجاب پولیس موبائل ایپلی کیشنز، آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر مبنی جدید ٹیکنالوجی پر منتقل ہو چکی ہے، آرٹیفیشل انٹیلی جنس انسداد جرائم، ٹریفک مینجمنٹ سمیت تمام پولیسنگ امور میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ پولیس پر ہونے والی تنقید کا جواب شہریوں کی پہلے سے بہتر خدمت، تحفظ اور فرائض کی عمدہ ادائیگی سے دیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں سب انسپکٹرز سے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 23

کارلا کوس میں کیا گیا جس میں 100 سے زائد اسٹال لگائے گئے۔ فیسٹیول کے آرگنائزرز میں چوہدری ابرار کیانی، چوہدری تنویر احمد، مشتاق خان جدون، چوہدری حمزہ تاج سکھیرا، عمیر بیگ، چوہدری فاروق احمد کورسی، رضی الحسن ڈھل، ملک واجد حسین اور روحی بانو شامل ہیں۔ یہ فیسٹیول روحی بانو کی کاوش کا نتیجہ ہے کہ فیسٹیول کو چار چاند لگ گئے، جس کے ذریعے پاکستانی پکوانوں، مصنوعات اور کلچر و ثقافت کو فروغ ملا۔ سفیر پاکستان عاصم افتخار احمد نے پاکستان فیسٹیول میں پاکستانی ثقافت اور کھانوں کی شاندار تقریب میں جیڈا ایکلاچ، مائز ڈی ویلیفر ژلی بیل، کارلوس مارٹنز بلوگو، ڈپیوٹی ڈو ویل ڈی اوس اور پاکستانی کمیونٹی کے ساتھ شرکت کی جبکہ ہیڈ چانسری کاشف جمیل بلوچ سمیت سفارت خانے کے عملے اور پاکستان کمیونٹی کے بچوں نے بھی شرکت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 24

ایچ، پی اینڈ ایس ایچ سی ڈی اور پی اینڈ ڈی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر اور ڈاکٹر نائلہ الطاف، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیک نے سیشن کی صدارت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے کہا ہے کہ سال 2024 یو این ایف پی اے کے لیے بہت اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ یہ آبادی اور ترقیاتی پروگرام کے عمل کے بارے میں بین الاقوامی کانفرنس کے نفاذ کے جائزے کی نشاندہی کرتا ہے، اور یو این ایف پی اے اسٹریٹجک پلان 2025-2022 کا وسط مدتی جائزہ اور مستقبل کے اقوام متحدہ کے سربراہی اجلاس کو بھی دیکھے گا۔ یہ سنگ میل بڑھتے ہوئے انسانی بحرانوں، بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی تناظر، بڑھتی ہوئی عدم مساوات، آب و ہوا کے اثرات، غلط معلومات میں اضافہ اور جنسی اور تولیدی صحت اور حقوق کے خلاف مسلسل پش بیک کے پس منظر میں ہو رہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 25

واپس آ کر مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کر لی۔ لیاقت علی خان اپنی خداداد صلاحیتوں کے باعث جلد ہی قائد اعظم کے قریب ہوگئے اور تحریک پاکستان کے دوران ہر اہم سیاسی معاملے میں قائد اعظم کی معاونت کی۔ وہ 1933 میں بیگم رعنا لیاقت علی خان سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے، قائد ملت لیاقت علی خان برٹش حکومت کی عبوری حکومت کے پہلے وزیر خزانہ بھی منتخب ہوئے، قیام پاکستان کے بعد قائد اعظم محمد علی جناح نے انہیں ملک کا پہلا وزیر اعظم نامزد کیا جس پر قائد کے انتخاب کو درست ثابت کرنے کیلئے انہوں نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 26

آباد، کراچی اور لاہور میں عوامی اجتماعات سے خطاب کریں گے۔ پاکستان میں قیام کے دوران وہ اعلیٰ حکومتی عہدے داروں سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 27

سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ جج شاہ رخ ارجمند نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت خارج کر دی، اسی جج نے عدت کیس کو تین ماہ تک چلایا اور اب اس کیس کو بھی گھسیٹ لیا، عمران خان کو اگر جیل سے نکالنا ہے اور اس فسطائیت کو ختم کرنا ہے تو پر امن احتجاج جاری رکھنا ہوگا اگر ہم پر امن احتجاج نہیں کریں گے تو وہ عمران خان کو باہر آنے کے بجائے کل انہیں فوجی جیل میں بھی ڈال سکتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 28

علاقوں سے دہشت گردی ختم کریں، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف فتنہ و فساد، دوسری طرف پاکستان کے عوام ہیں، ملک میں معاشی صورتحال مستحکم ہو رہی ہے، مہنگائی میں کمی آرہی ہے۔ آئینی ترامیم کے حوالے سے سوال کے جواب میں خرم دستگیر نے کہا کہ آئینی ترمیم کی پہلے کابینہ سے منظوری لی جائے گی پھر اجلاس بلایا جائے گا، مولانا فضل الرحمان سے حمایت کی درخواست کریں گے، مولانا فضل الرحمان سے مسودہ شیئر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کیلئے سب جماعتوں سے درخواست کریں گے، آئینی ترمیم کا سب جماعتوں کو حصہ بننا چاہیے۔

### بقیہ بقیہ جات 29

اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے اسرائیل کے ہاتھوں لبنان کے معصوم شہریوں کے قتل عام پر گہرے دکھ، افسوس اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اسرائیل کے ہاتھوں فلسطین اور لبنان کے معصوم شہریوں کے قتل عام پر دل افسردہ ہے، پاکستان کے عوام کے دل فلسطین اور لبنان کے عوام کے ساتھ دھڑکتے ہیں، مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان کی پارلیمان اور عوام فلسطین اور لبنان کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 30

معاملے میں پاکستان تحریک انصاف رہنماؤں کے خلاف سخت ایکشن پر غور شروع کرتے ہوئے بغاوت کا مقدمہ درج کرنے پر مشاورت شروع کر دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ 8 ستمبر کو جلسے میں کی گئی تقاریر پر حکومت ایکشن میں آگئی اور اس سلسلے میں سخت کارروائی پر غور شروع کر دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت نے سنگجانی جلسے میں کی گئی تقاریر پر پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کرنے پر مشاورت شروع کر دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ضابطہ فوجداری کی سیکشن 196 کے تحت حکومت درخواست جمع کروائے گی جہاں سیکشن 196 کے تحت درج مقدمات ناقابل ضمانت ہوتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 31

ہیں۔ دوسرا بینچ جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں تشکیل دیا گیا ہے جس میں جسٹس عائشہ ملک، جسٹس عقیل احمد عباسی شامل ہیں۔ تیسرا بینچ جسٹس منیب اختر اور جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل ہے۔ چوتھا بینچ جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں تشکیل دیا گیا ہے، یہ بینچ جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد وحید پر مشتمل ہے۔ پانچواں بینچ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تشکیل دیا گیا، اس میں جسٹس محمد علی مظہر، عرفان سعادت خان شامل ہیں۔ چھٹا بینچ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں بنایا گیا ہے، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس ملک شہزاد احمد خان بھی اس بینچ کا حصہ ہیں۔ ساتواں بینچ جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس مظہر عالم میاں خیل پر مشتمل ہے۔ سپریم کورٹ کے تمام 19 جج اس ہفتے پرنسپل سیٹ اسلام آباد میں موجود ہوں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 32

کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس کے تحت سول جج شازیہ پروین کو نوکری سے برخاست کر دیا گیا، سول جج شہباز حسین کی چار گریڈ درجے نیچے تنزلی کر دی گئی اور ایڈیشنل سیشن جج عبداللہ عثمان پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ چیف جسٹس نے شواہد کو مدنظر رکھتے ہوئے اور جوڈیشل افسر کو سن کر فیصلے سنائے، ان ججز پر کرپشن سمیت دیگر نوعیت کے الزامات تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 33

آسامیوں کا تحریری امتحان بھی شامل تھا جو کہ مکمل طور پر پرامن طریقے سے منعقد ہوا۔ 17000 سے زائد ڈاکٹرز نے امتحان دیا۔ نوسو جوان ڈاکٹرز سلیکشن کے بعد مختلف عوامی شعبوں میں لوگوں کو موثر اور بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے ملازمتیں حاصل کریں گے۔ امتحانات پنجاب کے سات ریجنز؛ بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، ملتان، فیصل آباد، سرگودھا، راولپنڈی، اور لاہور میں 28 اور 29 ستمبر 2024 (بروز ہفتہ و اتوار) کو دو شفٹوں میں ہوئے۔ پی پی ایس سی کے ممبران، افسران، اور عملے نے تمام امتحانی مراحل کو بخوبی انجام دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 34

صوبائی اتھارٹی کے قیام پر غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ مختلف سرکاری محکموں کے ایک ہی کام کرنے سے پیچیدگی پیدا ہوتی ہے۔ اس تناظر میں صوبائی سطح پر ایک اتھارٹی کا قیام ضروری ہے تا کہ ایک ہی پلیٹ فارم سے شہریوں اور ڈویلپرز کو تمام سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ شہروں کے قریب زرعی اراضی کا بغیر پلاننگ کمرشل استعمال ریگولرائز کرنا ہوگا کیونکہ ماسٹر پلان کے بغیر شروع کی گئی سکیموں سے نہ صرف انتظامی بلکہ ماحولیاتی مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ کمرشل سکیموں میں شفافیت کے لئے نئی قانون سازی بھی کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 35

کوریج کی اجازت دی۔ اس اقدام کا مقصد عوامی دلچسپی اور تشویش کے معاملات میں زیادہ شفاف اور جوابدہ قانون سازی کے ماحول کو فروغ دینا ہے۔ اس سلسلہ میں پنجاب اسمبلی میں جمخانہ کلب کے لیز کی شرائط کا جائزہ لینے کے لیے سپیشل کمیٹی نمبر چھ کا اجلاس۔ یہ تاریخی ادارہ لاہور کے مرکز میں 117 ایکڑ قیمتی زمین پر واقع ہے۔ کمیٹی کی صدارت ایم پی اے سمیع اللہ خان کر رہے تھے، جنہیں ریاستی املاک کی لیز اور انتظامات میں ظاہر ہونے والی بے ضابطگیوں کے مسائل حل کرنے کا کام سونپا گیا تھا۔ سماعت کے دوران ایک اہم تشویش کلب کی قیمتی زمین کے لیے غیر معمولی طور پر کم سالانہ کرایہ 5000 روپے تھا، جو کہ موجودہ مارکیٹ ریٹ سے بہت کم ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 36

قطرے پلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب ہیلتھ انڈیکیٹرز میں دوسرے صوبوں سے آگے ہے۔ یونین کونسل سطح پر پولیو مہم کا تجزیہ کر کے پائے جانے والے گیپ دور کئے جائیں گے۔ صوبائی وزیر صحت کا کہنا کہ جب تک کوئی صوبہ، ضلع یا علاقہ پولیو سے محفوظ نہیں ہوگا، ملک پولیو سے پاک نہیں ہوسکتا۔

### بقیہ بقیہ جات 37

پنجاب کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن قانون کے برعکس ہے، ہر یونیورسٹی کا اپنا ایکٹ ہوتا ہے جس کے تحت وائس چانسلر اور ڈینز کا تقرر ہوتا ہے، گورنر از خود کوئی طریقہ کار طے کر کے ایکٹ میں شامل کرنے کا نہیں کہہ سکتے، گورنر کے طے کردہ طریقہ کار کی کوئی قانونی حیثیت نہیں۔ عدالت میں دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا تھا کہ ہر پبلک سیکٹر یونیورسٹی کے ایکٹ میں وائس چانسلر اور ڈینز کی تقرری کا طریقہ کار موجود ہے، گورنر قانون کے برخلاف ڈینز کی تعیناتی کا طریقہ کار طے نہیں کر سکتے، درخواست گزار کی جانب سے استدعا کی گئی کہ عدالت گورنر کا ڈینز کی تقرری بارے سرکلر کالعدم قرار دے۔

### بقیہ بقیہ جات 38

موقعہ پر مولانا محمد مشتاق لاہوری، مولانا حافظ ابو سفیان حنفی، مولانا محمد شعیب صدیقی، مولانا سمیع اللہ ربانی، مولانا حبیب الرحمن ضیاء، مولانا محمد اعظم فاروق، مولانا مظفر حمید وٹو، مولانا محمد عامر اشرف، بیرسٹر محمد افضل سراء سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو جمعیت علمائے اسلام (ف) کا پانچ سال کیلئے بلا مقابلہ امیر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ انتخاب ان کی بے مثال قیادت، دینی بصیرت اور سیاسی حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 39

ہوئے اور تفتیش مکمل کرنے کے لیے عدالت سے مہلت مانگتے ہوئے کہا کہ فیس بک اور ایکس کے آفس پاکستان میں موجود نہیں، اس وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے کہا کہ آئندہ سماعت پر تفتیش مکمل ہونی چاہیے پھر میرٹ پر اس کیس کو حل کریں۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ کے پی کے ہاؤس چھاپہ مارا گیا ہم پولیس سے مدد بھی لے سکتے ہیں، مجھے مہلت دی جائے میں مزید دیکھ لیتا ہوں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ آپ کے افسر روزنامچے میں اندراج کیوں نہیں کرتے؟۔ ڈی جی ایف آئی اے نے عدالت کو بتایا کہ سائبر کرائم میں لوگ ڈیپوٹیشن اور کنٹریکٹ پر آتے ہیں۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے کہا کہ لوگوں کی زندگیاں داؤ پر لگی ہیں، آپ یہ باتیں بتا رہے ہیں۔ ڈی جی ایف آئی اے نے عدالت سے استدعا کی کہ ہمیں مہلت دی جائے، ہم ٹھیک کریں گے، اس کیس کو مثالی بنائیں گے۔ چیف جسٹس نے وفاقی حکومت کے وکیل سے استفسار کیا کہ اس کیس میں کیا پیشرفت ہوئی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 40

ہدایت کردی۔ علاوہ ازیں ترقیاتی منصوبوں، جاری سائلوز اور گوداموں کی تفصیلات بارے بھی بریف کیا گیا۔ بینکوں کے بقایا جات کی ادائیگیوں اور فیلڈ ریکوریز بارے رپورٹ جمع کروائی گئی۔ سیکرٹری فوڈ کا کہنا تھا کہ مارکیٹ میں گندم نرخوں کے اتار چڑھاؤ کی مسلسل نگرانی کی جائے، زیر التوا محکمانہ امور کی فوری تکمیل کی جائے۔ سالانہ ڈویلپمنٹ اسکیموں بارے تفصیلی پلان طلب کیا جبکہ ذمہ داران کو قابل عمل سفارشات تیار کرنے کی ہدایت کردی۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے محکمہ خوراک کی بلڈنگ اور لیب کا دورہ کرتے ہوئے لیب اسسٹنٹ کے کام کو سراہا۔ انہوں نے شجرکاری کے ساتھ ساتھ دفاتر کی خوبصورتی اور صفائی کیلئے مزید اقدامات کی بھی ہدایات دیں۔

### بقیہ بقیہ جات 41

ضلع میں کشیدہ صورتحال کے باعث تعلیمی ادارے بھی ایک ہفتے سے بند ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں ڈی سی کرم جاوید اللہ محسود نے بتایا کہ لڑائی رکوانے کے لیے مشیران اور جرگہ کے ساتھ کوششیں کر رہے ہیں، راستے کھولنے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ مقامی لوگوں کے مطابق کشیدہ صورتحال سے پاراچنار مین شاہراہ اور پاک افغان خرلاچی بارڈر آج نویں روز بھی بند ہے، مین شاہراہ اور بارڈر کی بندش سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، علاقے میں اشیائے خورد و نوش، ادویات، فیول اور دیگر روزمرہ استعمال کی چیزوں کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 42

گئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ 2013 سے 2021 تک ٹرین کے ایک ہزار 97 حادثات رپورٹ ہوئے، گزشتہ نو برس کے دوران حادثات میں 631 مسافر جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے جبکہ 780 افراد شدید زخمی ہوئے۔ آڈٹ رپورٹ میں ظاہر کیا گیا کہ پاکستان ریلوے میں سالانہ 100 سے زائد حادثات رونما ہوتے ہیں اور ملک میں ہر برس 70 سے زائد مسافر جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، جبکہ بڑے حادثات کی تعداد 360 ہے۔ آڈٹ نے بین الاقوامی تسلیم شدہ ''سیفٹی انڈیکس ماڈل'' کے ذریعہ پاکستان میں حادثات کا دیگر ممالک سے موازنہ کیا، جس کے مطابق پاکستان میں ٹرین حادثات کا تناسب ہمسایہ ملکوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے۔ رپورٹ میں ریلوے نیٹ ورک پر 1565 بغیر پھاٹک والے لیول کراسنگ ٹرین کو حادثات کی بڑی وجہ قرار دیا گیا۔ اس کے علاوہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے سبب ٹرین سے ٹکرانے کے 493 حادثات رونما ہوئے۔ پاکستان میں فی ملین کلومیٹر ٹرین کے سفر میں 117 سے 164 حادثات رونما ہوئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ان حادثات کے نتیجے میں ریلوے کے محکمے کو 4.3517 ملین روپے کا نقصان ہوا تاہم پاکستان ریلوے نے ان مالی نقصانات کو اپنے اکاؤنٹس میں ظاہر نہیں کیا۔ آڈٹ رپورٹ میں کہا گیا کہ حادثات کے نقصانات میں کمی کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 43

گینگ گرفتار کر کے انکے قبضے سے وارداتوں میں چھینی گئی موٹر سائیکل اور نقدی برآمد کر لی گئی۔ گینگ ارکان نے دو ہفتے قبل فوڈ ڈیلیوری بوائے سے موٹر سائیکل اور نقدی چھینی جبکہ گینگ کے سرغنہ دانش عرف دانی نے ایک ماہ قبل واردات کے دوران فائرنگ کر کے 7 سالہ بچی کو زخمی بھی کیا تھا۔ ملزمان ریکی کرنے کے بعد وارداتیں کرتے تھے جن میں دانش، حامد اور ملزمہ سحرش شامل ہیں۔ دانش اور حامد سگے بھائی اور سحرش ملزم دانش کی اہلیہ ہے۔ پولیس حکام کا کہنا تھا کہ ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے جیل بھجوا دیا گیا ہے، شناخت پریڈ کے بعد تفتیش میں اہم انکشافات متوقع ہیں۔ سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے ڈکیتیوں میں مطلوب گینگ کی گرفتاری پر پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، انھیں کڑی سزا دلوائی جائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 44

تیار کیا جا رہا تھا، جعلی دودھ میں گاڑھا پن اور فیٹ کو پورا کرنے کے لئے سستا ناقص پاؤڈر اور گھی استعمال کیا جا رہا تھا۔ یونٹ میں صفائی کے ناقص انتظامات، کیڑے مکوڑوں کی بھرمار اور دیواروں پر جالے، فنگس پائی گئی، موقع پر کیے گئے ٹیسٹ فیل ہونے پر تیار دودھ تلف کر دیا گیا، تیار جعلی دودھ کو لاہور کی مختلف سوسائٹیز اور ملک شاپس پر سپلائی کیا جانا تھا۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں کی بروقت کارروائی نے لاہوریوں کو جعلی دودھ پینے سے بچا لیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ زیادہ منافع کی لالچ میں جعلسازی کرنے والے ملک و قوم کے دشمن ہیں، پنجاب میں ملاوٹ کی گنجائش نہیں※ خلاف ورزی کرنے والوں کے کاروبار بند کر دیے جائیں گے، شہری شکایت کی صورت میں 1223 پر اطلاع دیں۔

### بقیہ بقیہ جات 45

روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں سرگودھا میں بھیرہ تا پھلرواں روڈ کی کشادگی و بہتری کیلئے 82 کروڑ 53 لاکھ 79 ہزار روپے، پاکپتن میں چوک آرائیں تا ثاقب اڈہ براستہ سلیم کوٹ جھل تک پاکپتن کبیر روڈ کی بحالی کیلئے 1 ارب 56 کروڑ 32 لاکھ 7 ہزار روپے اور رحیم یار خان میں نورے والی کراسنگ تا صادق آباد میلاد روڈ کی مرمت و بحالی (ترمیمی) کیلئے 1 ارب 8 کروڑ 21 لاکھ 35 ہزار روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل سمیت چیف اکانومسٹ محمد مسعود انور، متعلقہ سیکرٹریز، محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 46

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کرپشن کے خلاف عدم برداشت کی پالیسی پر کاربند ہیں اور تمام محکموں میں اوپر سے نیچے تک کرپٹ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ بریگیڈیئر ریٹائرڈ بابر علاؤالدین نے کہا کہ کئی محکموں میں نچلی سطح کا عملہ کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے کیونکہ افسران تبدیل ہوتے ہیں مگر یہ اپنے عہدوں پر قائم رہتے ہیں۔ چیئرپرسن سی ایم ڈائریکٹوریٹ نے ایڈیشنل کمشنر ریونیو اور دیگر متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں اور کہا کہ محکمہ ریونیو کے متعلق کرپشن کی بہت شکایات وصول ہوتی ہیں اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ترجیحی بنیادوں پر زمین ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن میں تیزی لائی گئی ہے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے مختلف شعبوں میں 100 سے زائد خصوصی اقدامات کا اعلان کیا ہے اور وزیر اعلیٰ کے تمام خصوصی اقدامات پر عملدرآمد کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور پورے پنجاب کا ہیڈ کوارٹر ہے اور اس کو مثالی ضلع ہونا چاہیے۔ چیئرپرسن نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبہ کی عوام کے لیے بہت سے فلاحی منصوبے شروع کیے ہیں جن میں شفافیت اور معیار کو برقرار رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات پر عمل درآمد سے ہی عوام کا اعتماد حاصل ہو سکتا ہے اور مختلف اضلاع کے دورے کر کے وزیر اعلیٰ کے خصوصی اقدامات میں عمل درآمد میں درپیش رکاوٹوں کو دور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے ڈیش بورڈ کو روزانہ اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے اور وزیر اعلیٰ خود اسکی نگرانی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور انتظامیہ کی خصوصی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور کارکردگی کا وزیر اعلیٰ پنجاب خود جائزہ لیتی ہیں اور مختلف ٹیموں کے ذریعے منافع خوروں کے خلاف بھی کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب آدھا پاکستان ہے اور پنجاب خاص کر لاہور میں امن کا مطلب ہے کہ پاکستان میں امن ہے اور ملک دشمن عناصر پنجاب کو مذموم مقاصد کیلئے ٹارگٹ کرنا چاہتے ہیں اور یہ کسی صورت میں بھی نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں صحت کا تاریخ میں سب سے بڑا بجٹ دیا گیا ہے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ہر ہسپتال میں موجود سہولیات کے بارے اس کی عمارت کے باہر نمایاں طور پر آویزاں کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ گرانفروشی میں ملوث ہول سیل ڈیلرز کے خلاف بھی کارروائی کی جائے اور اس ضمن میں سخت اقدامات کئے جائیں۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ کئی سرکاری سکولوں کو آؤٹ سورس کر رہے ہیں اور ان کو پرائیویٹائز نہیں کر رہے جبکہ آؤٹ سورس اداروں کی نگرانی کریں، ان میں داخلوں میں اضافہ ہونا چاہیے اور جو آؤٹ سورس ادارے درست نہیں چل رہے ان کے منتظمین کے خلاف کارروائی ہوگی۔ اور اضلاع میں چیف ایگزیکٹو آفیسر برائے ایجوکیشن اس کی سخت نگرانی کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر کسی محکمہ کے خلاف جو بھی خبر چاہے وہ درست ہو یا غلط اس پر فوری کارروائی کریں یا وضاحت پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا معاشرہ بن چکے ہے جہاں ہم تنقید نہیں بلکہ نفرت کرتے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لاہور، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اور ضلع بھر کے تمام افسران موجود تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 47

تفصیلات کے مطابق کمرشل بینکنگ سیکٹر کی جانب سے صارفین کو اے ٹی ایم کارڈز، کریڈیٹ کارڈ، چیک بکس، آن لائن ٹرانزیکشن کی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں تاہم ان سروسز کے نام پر کھاتہ داروں سے سالانہ اربوں روپے وصول کیے جا رہے ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ بینکوں کی جانب سے انہیں کیٹگریز کے نام پر لوٹا جا رہا ہے۔ سلور، گولڈ، پلاٹینم سمیت مختلف کیٹگریز متعارف کرائی گئی ہیں جن کی سالانہ فیس ہزاروں روپے وصول کی جاتی ہے۔ صارفین کے مطابق کچھ بینک کھاتہ داروں کو اے ٹی ایم کے لئے مجبور کرتے ہیں جس کی فیس وہ 2000 سے 8000 تک وصول کرتے ہیں۔ جس میں وہ لسٹ کے نام پر کھاتا داروں کو لوٹتے ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ بینکنگ سیکٹر کو یہ کھلی چھوٹ اسٹیٹ بینک کی جانب سے فراہم کی گئی ہے جو کھاتہ داروں کا تحفظ کرنے میں ناکام نظر آتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمرشل بینکنگ سیکٹر میں کچھ بڑے کاروباری خاندانوں کی اجارہ داری ہے جو ملک سے غربت کے خاتمے کے لیے متوسط طبقہ کو آسان شرائط پر قرضہ دینے کی بجائے صرف اپنے پروجیکٹس کے لیے قرض فراہم کرتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالے سے کوئی مانیٹرنگ نہیں کی جاتی ہے۔ اسٹیٹ بینک کو دیکھنا چاہیے کہ کمرشل بینک صارفین کے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ بینکس کریڈٹ کارڈ کا ڈیو اکاؤنٹس کا 3 فیصد ٹیکس لیتے ہیں جو کہ بینک کے انٹرسٹ ریٹ کا ڈبل سے بھی زیادہ ہے اور پھر یہ لیٹ فیس، فنانشل چارج اور کارڈ ایکسپائری پر رینیوول فیس 20 ہزار روپے تک چارج کی جاتی ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ لوگ پیسوں کے تحفظ کے لئے بینک کا رخ کرتے ہیں اور کھاتہ داروں کی اس مجبوری کا فائدہ کمرشل بینک اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے وفاقی وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ کمرشل بینکوں کی جانب سے سروسز کے نام پر کی جانے والی اس لوٹ مار کا فوری نوٹس لیا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 48

مطابق جناح اسپتال کراچی کے 850 پوسٹ گریجویٹ (پی جیز) اور 600 ہاؤس آفیسرز (ایچ اوز) گزشتہ تین ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، ہاؤس آفیسر کی تنخواہ 70 ہزار جبکہ پوسٹ گریجویٹ کی تنخواہ 1 لاکھ 4 ہزار ہوتی ہے، چار ماہ سے تنخواہ نہ ملنے پر جناح اسپتال کراچی میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ایک بار پھر سراپا احتجاج بن گئے ہیں جن کی جانب سے مطالبات کی عدم منظوری پر جمعرات سے احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے جناح اسپتال میں احتجاج کیا گیا۔ اس دوران ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدے دار اور ڈاکٹرز اسپتال انتظامیہ کے خلاف نعرے بازی کرتے رہے۔ ینگ ڈاکٹرز نے مطالبات منظور نہ ہونے کی صورت میں جمعرات سے او پی ڈیز، وارڈز اور آپریشن تھیٹرز کے بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے تاہم ایمرجنسی سروسز بحال رکھی جائیں گی۔ احتجاجی ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ اگر تنخواہ کی ادائیگی نہیں کی گئی تو ہم علامتی احتجاج کے بجائے کام چھوڑ ہڑتال کریں گے اگر دو دن میں تنخواہیں جاری نہ ہوئیں تو وارڈز، آپریشن تھیٹرز اور او پی ڈی کا بائیکاٹ کردیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 49

کے لیے وہ شام میں ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ امریکی سنٹرل کمانڈ نے بمباری کے بعد جاری کیے گئے بیان میں کہا کہ ان 37 عسکریت پسندوں میں دو سینیئر کمانڈر بھی شامل تھے۔ سینٹ کام کے مطابق القاعدہ سے جڑے ایک سینیئر عسکریت پسند سمیت 9 عسکریت پسندوں کو شام کے شمال مغربی علاقے میں روکا تھا۔ سینٹ کام کے مطابق القاعدہ کا سینیئر کمانڈر فوجی آپریشنز کا انچارج تھا۔ وسطی شام کے دور دراز علاقے میں جس کے نام کا ذکر نہیں کیا گیا تقریباً دو ہفتے قبل وہاں وسیع پیمانے پر بمباری کی گئی تھی۔ جس کے نتیجے میں 28 عسکریت پسند مارے گئے۔ جن میں 4 شامی رہنما بھی شامل تھے۔ سینٹ کام کے جاری کردہ بیان کے مطابق فضائی حملے کے نتیجے میں داعش کی عسکری کارروائیاں کرنے کی صلاحیت پر اثر پڑے گا۔ اس حملے کے بعد امریکی مفادات پر حملوں میں کمی آنے کے ساتھ ساتھ امریکی شراکت داروں اور اتحادیوں کے خلاف عسکری کارروائیوں میں بھی کمی آئے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 50

2000 پاؤنڈ یا 900 کلو گرام تھا۔ حملے میں استعمال ہونے والے ہتھیار کے بارے میں یہ پہلا امریکی بیان ہے۔ مارک کیلی نے مزید کہا کہ ہم گائیڈڈ گولہ بارود کے بڑھتے ہوئے استعمال کی نگرانی کر رہے ہیں۔ ہفتے کے روز اسرائیلی فوج نے کہا تھا کہ اس نے بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے میں حزب اللہ کے سینٹرل کمانڈ ہیڈ کوارٹر پر بمباری میں حسن نصر اللہ کو ہلاک کر دیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے حملے میں استعمال ہونے والے ہتھیاروں کو ظاہر کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ پینٹاگون نے ابھی تک مارک کیلی کے بیانات پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 51

ہزاروں فلسطینی محفوظ پناہ گاہوں میں منتقل ہو گئے، صیہونی فوج نے اسپتالوں اور اسکولوں میں بھی بڑے پیمانے پر بمباری کی ہے۔ صیہونیوں کے مظالم پر دنیا بھی خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے جبکہ امریکا بھی اسرائیلی کارروائیوں کا دفاع کرتا نظر آتا ہے۔ ایسے میں نہتے فلسطینی اپنے اوپر ہونے والے مظالم کے خلاف مزاحمت کی تصویر بنے ہوئے ہیں۔ حماس کی جانب سے بھی اسرائیل کے ناجائز قبضے کے خلاف مزاحمت جاری ہے۔ اسرائیلی فوج کی بمباری سے متاثر ہونے والے فلسطینیوں کی حالت اور تباہ شدہ علاقے کو سوشل میڈیا انفلوئنسر نے دنیا کے سامنے پیش کر دیا۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی متعدد تصاویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کس طرح اسرائیلی بمباری سے پہلے غزہ کے لوگ ہنسی خوشی زندگی گزار رہے تھے اور یہاں پر زندگی کے رنگ نظر آتے تھے مگر اب فلسطینی تباہ حال نظر آرہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 52

ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''لیڈر شپ: تاریخ کے عظیم ترین ذہنوں سے اسباق'' کے عنوان سے تقریب میں کیا۔ اس تقریب کا اہتمام سعودی عرب کی ادب، پبلشنگ و ٹرانسلیشن اتھارٹی نے کیا تھا۔ والٹر آئزاکسن دنیا کی کئی اہم شخصیات کی سوانح عمری لکھ چکے ہیں۔ ان میں سابق امریکی وزیر خارجہ ہنری کسنجر، اطالوی مصور لیونارڈو ڈاونچی، ایپل کے سابق سی ای او اسٹیو جابز، جرمن سائنسدان البرٹ آئن سٹائن اور بینجمن فرینکلن اور ''ایکس'' کے مالک ایلن مسک شامل ہیں۔ مشہور امریکی مصنف نے ان اہم ترین بین الاقوامی شخصیات میں قیادت کے تصور پر گفتگو کی جن کی سوانح عمری انہوں نے لکھی۔ انہوں نے ان شخصیات کی تعریف تخلیقی صلاحیتوں اور جدت پر مبنی ایک تعاون پر مبنی کوشش کے طور پر کی ہے۔ آئزاکسن نے سب سے اہم اختراعی عالمی شخصیات میں تخلیقی صلاحیتوں کے انقلاب کے بارے میں بات کی ان کی۔ ان کی سوانح حیات پر تبادلہ خیال کیا اور ان میں سے کچھ کے ساتھ قریب سے زندگی بھی گزاری۔ انہوں نے عملی طور پر تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنے کے لیے متعدد عوامل کے ہونے کی ضرورت کو نوٹ کیا۔ ان عوامل میں تجسس، باکس کے باہر دریافت کرنے اور سوچنے کی خواہش شامل ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 53

کہ اس نے یہ حملے یمنی حوثیوں کی طرف سے پچھلے دو دنوں میں کیے گئے میزائل حملوں کے جواب میں کیے جس کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق متعدد زخمی ہوگئے، اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں کہا کہ اس کے درجنوں جنگی جہازوں نے جن میں جیٹ طیارے بھی شامل تھے، یمن میں بجلی گھروں پر حملہ کیا اور الحدیدہ بندرگاہ کو بھی نشانہ بنایا۔ اسرائیلی فوج کے اس حملے کے بعد بجلی کے انفراسٹرکچر میں خرابی پیدا ہوگئی اور الحدیدہ سٹی کے بڑے حصوں میں شہریوں نے بجلی کے تعطل کی شکایت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 54

ذاکر نائیک کی اسلام آباد آمد پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر ذاکر نائیک کا دورہ پاکستان خوش آئندہ ثابت ہوگا اور اس کے مختلف حلقوں میں ثابت نتائج برآمد ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ معروف مبلغ اور سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک اسلام آباد، کراچی اور لاہور کے اجتماعات سے خطاب کریں گے اور نماز جمعہ کے اجتماعات سے خطبہ دیں گے۔ جن کی پاکستان میں قیام کے دوران اعلیٰ عہدیداروں اور وفود سے ملاقاتیں اور تقریبات میں شرکت متوقع ہیں۔ یاد رہے معروف مبلغ و سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک اپنے دورہ میں وطن عزیز میں 28 اکتوبر تک قیام کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 55

شہریوں کو مارا۔ حکام کے مطابق اسرائیلی دشمنوں نے اینل دلب پر حملہ کیا۔ جہاں سے ابتدائی طور پر معلوم ہوا ہے کہ 24 افراد ہلاک اور 29 زخمی ہوئے۔ لبنانی وزارت صحت نے ان ہلاک ہونے والوں اور زخمیوں کی تصدیق کی۔ وزارت صحت نے بعلبک ہرمل شہر میں بھی اسرائیلی فوج کی بمباری کی اطلاع دی ہے۔ جس میں 21 لوگ جاں بحق اور 47 زخمی ہوئے۔ یہ واقعہ مشرقی لبنان میں پیش آیا ہے۔ تاہم وزارت صحت نے کہا کہ ہلاکتوں کی یہ تعداد ابتدائی طور پر معلوم ہوئی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 56

کلفٹن پر نہاتے ہوئے 18 سالہ نوجوان ڈوب گیا جبکہ ڈوبنے والے شخص کی لاش کو نکال لیا گیا۔ ریسکیو کے مطابق ڈوبنے والے شخص کی شناخت 18 سالہ وقاص احمد کے نام سے ہوئی، لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ شیر شاہ تھانے کے قریب ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق ہو گیا، جس کی شناخت تاحال نہ ہوسکی جبکہ کورنگی بلال چورنگی کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا، جس کی شناخت خدا بخش کے نام سے کر لی گئی۔ ماڑی پور ٹرک اڈہ کے قریب ٹریفک حادثے میں 16 سالہ فیضان جاں بحق ہو گیا جبکہ اختر کالونی سگنل کے قریب تیز رفتار گاڑی نے ایک بچے کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں کمسن بچہ جاں بحق ہو گیا جبکہ بچے سمیت 2 راہگیر شدید زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ نیو کراچی سیکٹر فائیو ایف میں دو گروپوں میں سبزی کا ٹھیلہ لگانے پر تصادم ہوا جس میں ڈنڈوں اور تیز دھار آلے کے وار سے 10 افراد زخمی ہو گئے جبکہ زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ناظم آباد دو نمبر کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک نوجوان زخمی ہوا جبکہ سائٹ سپر ہائی وے کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ ساتھی ملزم فرار ہو گیا۔ جیل چورنگی پل پر ٹریفک حادثے میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے، حادثہ تیز رفتار گاڑی سے ٹکر کے باعث حادثہ پیش آیا جبکہ لاشوں کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 57

وہ گاڑی منگوا کر الماری سڑک پر رکھ آئی، پولیس مرکزی ملزم کو اب تک گرفتار نہیں کر سکی۔ دوسری جانب گڈاپ میں غیر قانونی اسلحہ سے ہوائی فائرنگ کرنے والے 22 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ شہر کے دیگر علاقوں سے 8 ملزمان پکڑے گئے، ملزمان سے اسلحہ، موبائل فون اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں۔

### بقیہ بقیہ جات 58

کاشتکاروں کو ثمرات پہنچانے کے لیے معیاری بیج کی فراہمی، زرعی مارکیٹنگ اور کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر پاکستان کسان اتحاد کے صدر خالد کھوکھر نے کاشتکاروں کو درپیش مسائل بارے صوبائی وزیر زراعت کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت نے بجلی کے مہنگے بلوں کی ریکوری کے لیے صرف صوبہ پنجاب میں رینجرز کی تعیناتی کی ہے جو کہ کاشتکاروں کے لیے ذہنی پریشانی کا باعث بن رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث زراعت کے شعبے کو زبوں حالی کا سامنا ہے اور امسال کپاس، چاول، آم اور تل کی فصل میں کاشتکاروں کو نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے جس کی وجہ سے وہ معاشی بحران کا شکار ہیں۔ اس ضمن میں وفاقی حکومت سے استدعا کی جاتی ہے کہ کاشتکاروں کے بلوں کو اقساط میں وصول کرنے کی منظوری دی جائے اور ان کی وصولی کے لیے وفاقی حکومت کو آن بورڈ لے کر رینجرز کو ہٹایا جائے۔ اس کے علاوہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی کے لیے حکومت انہیں سپورٹ فراہم کرے اور زرعی مداخل بالخصوص کھادوں کی قیمتوں میں کمی کی جائے تاکہ کاشتکار گندم کی آئندہ فصل کو کاشت کر سکے۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کے جائز مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور اس ضمن میں جلد وزیر اعلیٰ پنجاب وفاقی حکومت سے رابطہ کر کے کاشتکاروں کے جائز مسائل حل کرائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت اور کاشتکار تنظیموں کا مقصد زراعت کی بہتری اور ترقی ہے جس کیلئے دونوں کو مل کر چلنا ہوگا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت صوبائی صدر کسان اتحاد چوہدری رضوان اقبال، مرکزی جنرل سیکرٹری احسان اکرم اور مرکزی راہنما مصطفیٰ وٹو کے علاوہ دیگر نمائندے بھی شریک ہوئے۔

## بعدالت جناب رانا محمد ندیم صاحب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم

متوفی: محمد یوسف ولد محمد ابراہیم

وارثان: محمد ابراہیم والد، رحیمہ والدہ پہلے فوت شدہ، تمیزاں بیوہ بعد میں فوت شدہ۔

زندہ: محمد اکرم، محمد اسلم، حبیب اللہ خان، محمد اختر، محمد انور پسران، افسری بیگم، انوری بیگم دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

### بقیہ بقیہ جات 59

پر ٹرکوں سے رشوت لینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد ڈی آئی جی لاڑکانہ ناصر آفتاب نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) صدام حسین خاصخیلی کو ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کیے جس پر ایس ایس پی جیکب آباد صدام حسین خاصخیلی نے تینوں اہلکاروں ہیڈ کانسٹیبل اصغر بنگلانی، کانسٹیبل احسان چنا اور ڈرائیور صدیق جکھرانی کو معطل کرتے ہوئے کوارٹر گھاٹ کر دیا اور ان کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے، ڈی آئی جی لاڑکانہ ناصر آفتاب نے رشوت لینے والے تینوں اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ رشوت/بھتہ لینے والے کسی بھی افسر و اہلکار کی محکمے میں کوئی گنجائش نہیں اور ایسے اہلکاروں سے کوئی رعایت نہیں کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ پولیس میں کالی بھیڑوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز مذکورہ اہلکار اے سیکشن تھانہ کی حدود قومی شاہراہ پر گاڑیوں کو روک کر رشوت طلب کر رہے تھے ایسی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو ڈی آئی جی لاڑکانہ نے نوٹس لیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 60

کے شوہر نصیر انز سمیت دیور بشیر احمد اور نظیر احمد کو 11 روزہ جوڈیشل ریمانڈ مکمل ہونے پر سیکنڈ سول جج نثار احمد شر کی عدالت میں پیش کیا گیا، پولیس نے ملزمان کی تفتیش مکمل نہ ہونے پر عدالت سے مزید وقت دینے کی استدعا کی جس پر عدالت نے پولیس کی استدعا منظور کرتے ہوئے ملزمان کو مزید 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل کر دیا، کیس کے تحقیقاتی آفیسر کے مطابق متاثرہ خاتون سمیت بچوں اور شوہر کا بیان لینے کے بعد 15 اکتوبر کو چالان عدالت میں کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 16 روز قبل صدر پولیس نے متاثرہ پولیو ورکر کو قتل کی دھمکیاں دینے کے الزام میں شوہر سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کیا گیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 61

مطابق دو دن پہلے ایک بڑے حملے میں نصر اللہ کی ہلاکت ہوئی اور اسرائیلی حملے بدستور جاری ہیں جس کے تناظر میں فوج نے ایک بیان میں کہا کہ وہ شہریوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ قومی اتحاد کو برقرار رکھیں اور اس خطرناک اور نازک مرحلے پر شہری امن کو متاثر کرنے والے اقدامات سے دور رہیں۔ فوج کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اسرائیلی دشمن اپنے تباہ کن منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے اور لبنانیوں کے درمیان تقسیم کے بیج بونے کے لیے کام کر رہا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 62

جنرل اسمبلی کے 79 ویں سالانہ اجلاس کے موقعے پر کیا گیا۔ معاہدے پر دستخط کے ایس آر جنرل سپر وائزر ڈاکٹر عبداللہ الربیعہ اور اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے ڈائریکٹر جنرل اچم اسٹینر کی موجودگی میں ہوئے۔ اس امدادی پروجیکٹ سے 520,833 افراد کو براہ راست اور 5 ملین افراد کو بالواسطہ فائدہ پہنچے گا۔ منصوبے کی کل لاگت ساڑھے تین ملین ڈالر آئے گی۔ معاہدے پر سینٹر کی ڈائریکٹر آف پارٹنر شپ اینڈ انٹرنیشنل ریلیشنز ڈاکٹر ہناء※ عمر اور اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل اور عرب ریاستوں کے علاقائی دفتر کے ڈائریکٹر عبداللہ الدردری نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت دس نئے واٹر سٹیشنز (زیر زمین ٹینکوں) کے لیے سولر انرجی سسٹمز بنائے جائیں گے، ست ریت کے فلٹرڈ واٹر سٹیشن کے ساتھ ڈسٹری بیوشن پوائنٹس کی توسیع، 44 واٹر سٹیشنز (گراؤنڈ ویلز) کے لیے شمسی توانائی کے نظام کی بحالی اور تنصیب، تقریباً 600 ممبران کے ساتھ 54 واٹر یوزر ایسوسی ایشنز کا قیام عمل میں لایا گیا۔ سب سے زیادہ کمزور خاندانوں کے لیے پانی جمع کرنے، ذخیرہ کرنے کے کنٹینرز کی تقسیم، پینے کے پانی کو صاف کرنے کے لیے پانی کی صفائی کی گولیاں تقسیم کرنا، فضلہ جمع کرنے کے نئے آلات فراہم کرنا اور موجودہ خراب پلانٹس کی مرمت کرنا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 63

نصر اللہ کے قتل کے بعد ایرانی رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای کے بلائے گئے ہنگامی اجلاس میں اس بات پر اختلاف دیکھا گیا کہ کس طرح جواب دیا جائے۔ ایرانی حکام کے حوالے سے بتایا گیا کہ قدامت پسندوں کا کہنا تھا کہ تہران کو اسرائیل پر حملہ کرنے کی ضرورت ہے۔ دوسری طرف ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا خیال ہے کہ تہران کو وسیع جنگ کی طرف نہیں کھینچنا چاہیے۔ اخبار نے ایرانی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے تہران میں ان خدشات کی طرف اشارہ کیا کہ اسرائیل ملک کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف جوابی حملہ کرے گا۔ حکام نے زور دیا کہ تہران اپنے اہم انفراسٹرکچر پر اسرائیلی حملے کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اخبار نے ایرانی پاسداران انقلاب کے ایک ذریعے کے حوالے سے کہا کہ ہم حزب اللہ کو حسن نصر اللہ کے جانشین کا نام دینے میں مدد کریں گے، ہماری ترجیح حزب اللہ کے لیے ایک محفوظ مواصلاتی نیٹ ورک کی تعمیر ہے، اب ہماری ترجیح حزب اللہ کے لیے قیادت کا ڈھانچہ تشکیل دینا ہے۔

## بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب تحصیلدار/ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفی: غلام عباس ولد گل محمد

وارثان: گل محمد والد، بھاگ بھری والدہ، محمد اقبال پسر متوفی پہلے فوت شدہ۔

زندہ: روبینہ کوثر بیوہ، جہاں زیب احمد جسپال پسران، نجمہ عباس، عابدہ بتول دختران متوفی، نادیہ اقبال بیوہ، اسامہ احمد، محمد ابراہیم پسران، رباب فاطمہ دختر محمد اقبال ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

# زرعی اراضی کا بغیر پلاننگ کمرشل استعمال ریگولرائز کرنا ہوگا

وزیر بلدیات

### نئے ہاؤسنگ منصوبے ضروری لیکن غیر قانونی سکیموں کا قیام روکنا بھی اہم ہے' ذیشان رفیق

### ریگولرائزیشن سے رئیل اسٹیٹ سیکٹر پر عوام کا اعتماد بڑھے گا' وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور (خبر نگار) زرعی اراضی کا کمرشل استعمال ریگولرائز کرنے کے حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قائم کردہ خصوصی کمیٹی کا اجلاس وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ہوا۔ وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے نمائندوں اور متعلقہ افسروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پنجاب میں زرعی اراضی کا کمرشل استعمال ریگولرائز کرنے کی تجاویز اور ہاؤسنگ سکیموں کے لینڈ ماسٹر پلان کی منظوری کیلئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

# سپیکر پنجاب اسمبلی نے تمام کمیٹیوں کی براہ راست کوریج کی اجازت دے دی

### سپیکر پنجاب اسمبلی نے 9 ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے قواعد وضوابط 1997 کے قاعدہ 187 کے تحت اسپیشل کمیٹی نمبر 06 تشکیل دے دی

### ملک محمد احمد خان نے پنجاب اسمبلی کی تاریخ میں پہلی بار مفاد عامہ کے مسئلے کی براہ راست کوریج کی اجازت دی

لاہور (خبر نگار) سپیکر ملک محمد احمد خان نے 9 ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے قواعد وضوابط 1997 کے قاعدہ 187 کے تحت اسپیشل کمیٹی نمبر 06 تشکیل دی۔ نئے قواعد وانضباط کے مطابق سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنے کچھ اختیارات چیئرمینوں کی منتقل کرتے ہوئے تمام کمیٹیوں کی براہ راست کوریج کی اجازت دے دی۔ جس سے اسمبلی کمیٹیوں کو اہم مسائل پر کھلے اجلاس کرنے کے اختیارات دیے گئے ہیں۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے پنجاب اسمبلی کی تاریخ میں پہلی بار مفاد عامہ کے مسئلے کی براہ راست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

لاہور، مال روڈ پر احتجاج میں شامل نابینا شخص موٹر سائیکل سوار شہری کو آگے جانے سے روک رہا ہے

## مسلمان ممالک متحد ہو کر پیغام دیں اسلام پر امن مذہب ہے' سنی علماء کونسل

### اسرائیل دنیا کا سب سے بڑا دہشتگرد ہے اسکی دہشتگردی دنیا کو نظر کیوں نہیں آرہی؟' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ مسلمان ممالک متحد ہو کر پیغام دیں اسلام پر امن مذہب ہے، مسلم امہ کو اس وقت بدامنی کے جن چیلنجز کا سامنا ہے اس کا واحد حل اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے، اسرائیل دنیا کا سب سے بڑا دہشتگرد ہے اسکی دہشتگردی دنیا کو نظر کیوں نہیں آرہی؟۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ خاتم النبیین ﷺ نے ظلم وجہالت کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی دنیا میں اسلام کے پیغام امن سے انقلاب برپا کیا۔

## مولانا فضل الرحمن کو مرکزی امیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں' جے یو آئی

### مولانا فضل الرحمن کا انتخاب جماعت کی قیادت اور فہم وفراست پر اراکین کے مکمل اعتماد کا مظہر ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور احسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن کو مرکزی امیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، مولانا فضل الرحمن اور مولانا عبدالغفور حیدری کا انتخابات جے یو آئی کی مضبوطی کیلئے احسن اقدام ہے، مولانا فضل الرحمن کا انتخاب جماعت کی قیادت اور فہم وفراست پر اراکین کے مکمل اعتماد کا مظہر ہے۔

## مسلم لیگ (ن) بحرین کے صدر چوہدری رفاقت حسین کی اپنے وفد کیساتھ بیرسٹر امجد ملک سے ملاقات

مانچسٹر (این این آئی) برطانیہ آئے مسلم لیگ (ن) بحرین کے صدر چوہدری رفاقت حسین نے سینئر نائب صدر اور چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز مسلم لیگ (ن) بیرسٹر امجد ملک سے انکے چیمبر میں خصوصی ملاقات کی جس میں بیرسٹر امجد ملک نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، مسلم لیگ ن کی تنظیم کی کارکردگی اور اوورسیز کے مسائل زیر گفتگو آئے۔ مسلم لیگ (ن) بحرین کے صدر چوہدری رفاقت حسین نے میاں محمد نواز شریف کے پارٹی صدر منتخب ہونے کو سراہا اور انہیں مبارکباد دی۔

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈیرہ غازی خان محمد اعتزاز انجم کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈیرہ غازی خان محمد اعتزاز انجم کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ پنجاب حکومت نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد اعتزاز انجم کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کا حکم دیا۔ محمد اعتزاز انجم سے چیف ایگزیکٹو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ڈی جی خان کا چارج بھی واپس لے لیا گیا۔ اس ضمن میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

## سرکاری یونیورسٹیوں میں وائس چانسلرز کی تقرری کیلئے گورنر پنجاب کا سرکلر کالعدم قرار

### لاہور ہائیکورٹ نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے ڈینز کی تعیناتی بارے تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پنجاب کی سرکاری یونیورسٹیوں میں وائس چانسلرز کی تعیناتی کی اہلیت کے لیے گورنر پنجاب کی جانب سے جاری سرکلر کو کالعدم قرار دے دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عابد حسین چٹھہ نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے ڈینز کی تعیناتی بارے کیس کی سماعت کرتے ہوئے ڈاکٹر شازیہ ارشد سمیت دیگر کی درخواستوں پر تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ عدالت کی طرف سے جاری کردہ فیصلہ میں کہا گیا کہ گورنر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

## قومی کمیشن برائے حقوق اطفال کے وفد کی صوبائی وزیر صحت سے ملاقات

### اکتوبر میں 2 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے' خواجہ عمران نذیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سے قومی کمیشن برائے حقوق اطفال (این سی آر سی) کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پولیو، امیونائزیشن، بچوں کی صحت، نوجوان بچوں میں غزائی قلت اور بریسٹ فیڈنگ کے امور زیر بحث آئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ اگلے ماہ اکتوبر کے تیسرے ہفتہ میں پنجاب میں مؤثر پولیو مہم شروع کی جا رہی ہے۔ پنجاب میں دو کروڑ، 33 لاکھ بچوں کو پولیو کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

مریدکے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین چوہدری نواز بٹر کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## سلمیٰ سعدیہ تیمور چیف منسٹر فوکل پرسن برائے گارمنٹ سٹی اینڈ وویمن ووکیشنل ٹریننگ سنٹرز مقرر

لاہور (این این آئی) رکن پنجاب اسمبلی سلمیٰ سعدیہ تیمور کو چیف منسٹر فوکل پرسن برائے گارمنٹ سٹی اینڈ وویمن ووکیشنل ٹریننگ سنٹرز مقرر کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ آفس نے ایم پی اے سلمیٰ سعدیہ تیمور کی فوکل پرسن تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ فوکل پرسن ایم پی اے سلمیٰ سعدیہ تیمور کو گارمنٹ سٹی کے قیام اور آپریشن لائزیشن کی مانیٹرنگ ذمہ داری تفویض کر دی گئی۔ فوکل پرسن سلمیٰ سعدیہ تیمور وویمن ووکیشنل ٹریننگ سنٹرز میں خواتین کی ہائی کوالٹی ٹریننگ کی مانیٹرنگ کریں گی۔ فوکل پرسن ایم پی اے سلمیٰ سعدیہ تیمور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو گارمنٹ سٹی پراجیکٹ پر پیشرفت سے آگاہ رکھیں گی۔

## پنجاب میں ڈینگی کے وار نہ تھم سکے، مزید 93 کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ڈینگی کے وار نہ تھم سکے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران صوبے میں ڈینگی کے مزید 93 کیسز رپورٹ ہوئے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نے پنجاب بھر میں ڈینگی کے اعداد وشمار جاری کر دیئے جس کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں راولپنڈی سے 87 اور لاہور سے 04 ڈینگی کے کیس رپورٹ ہوئے۔ میانوالی اور جہلم سے ایک ایک کیس رپورٹ ہوئے۔ ایک ہفتہ میں 630 کیسز جبکہ رواں سال اب تک 1724 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہوئے۔

لاہور، قذافی اسٹیڈیم میں اپ گریڈیشن منصوبے کا تعمیراتی کام جاری ہے

## مولانا فضل الرحمن کو دوبارہ امیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں' مرکزی علماء کونسل

### مولانا فضل الرحمن پارلیمنٹ میں مذہبی حلقوں کی توانا آواز ہیں' صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کو پھر امیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، ان کی مذہبی بصیرت، سیاسی حکمت عملی اور مدبرانہ قیادت پر اراکین نے اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، مولانا فضل الرحمن پارلیمنٹ میں مذہبی حلقوں کی توانا آواز ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

## لیسکو میں نیو کنکشن کیلئے اے ایم آئی سمارٹ میٹر کے ڈیمانڈ نوٹسز کا اجراء

### فیس میں سو فیصد اضافہ، 33 ہزار 500 سے بڑھ کر 63 ہزار 450 روپے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں نیو کنکشن کے لئے اے ایم آئی سمارٹ میٹر کے ڈیمانڈ نوٹسز کا اجرا کر دیا گیا، فیس 33 ہزار 500 سے بڑھ کر 63 ہزار 450 روپے مقرر کر دی گئی۔ کمپنی میں ڈیمانڈ نوٹس فیس میں سو فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے اضافی فیس کا اطلاق کر دیا گیا ہے، اے ایم آئی سمارٹ میٹر کی قیمت کی وجہ سے فیس میں اضافہ کیا گیا ہے، لیسکو میں عام تھری فیز کی بجائے نیو کنکشن پر صرف سمارٹ میٹر نصب ہوں گے۔

## پاکستان، ریل کا سفر ہمسایہ ممالک کے مقابلے میں سب سے غیر محفوظ ہونے کا انکشاف

### 2013 سے 2021 تک ٹرین کے ایک ہزار 97 حادثات رپورٹ ہوئے

### 631 مسافر جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے، 780 افراد شدید زخمی ہوئے، آڈٹ رپورٹ

لاہور (سپیشل رپورٹر) پاکستان میں ریل کا سفر ہمسایہ ممالک کے مقابلے میں سب سے غیر محفوظ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آڈٹ ریلوے لاہور کی تحقیقاتی رپورٹ میں ریلوے کے حادثات سے متعلق ہوشربا اعداد وشمار سامنے آئے ہیں جس میں حفاظتی اقدامات میں بڑی خامیوں کی نشاندہی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

## کرم میں قبائلی تصادم سے نظام زندگی درہم برہم، تعلیمی ادارے بند

### جھڑپوں کے باعث پاراچنار پشاور شاہراہ سمیت آمدورفت کے دیگر راستے بند ہیں' پولیس

### لڑائی رکوانے کے لیے مشیران اور جرگہ کے ساتھ کوششیں کر رہے ہیں

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں قبائل کے درمیان ہونے والے تصادم سے لوگوں کا نظام زندگی بری طرح متاثر ہے۔ پولیس حکام کے مطابق کرم کے مختلف مقامات میں قبائل کے درمیان جھڑپوں کے باعث پاراچنار پشاور شاہراہ سمیت آمدورفت کے دیگر راستے بند ہیں۔ چیئرمین پرائیویٹ اسکولز مینجمنٹ محمد حیات خان نے بتایا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

## سیکرٹری فوڈ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ کا فوڈ ڈائریکٹوریٹ ہیڈکوارٹر کا دورہ

### ڈائریکٹر فوڈ پنجاب شعیب جدون نے ڈیپارٹمنٹ کے آپریشنل امور بارے تفصیلی بریفنگ دی

### سالانہ ڈویلپمنٹ اسکیموں بارے تفصیلی پلان طلب، ذمہ داران قابل عمل سفارشات تیار کریں' ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری فوڈ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے فوڈ ڈائریکٹوریٹ ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر فوڈ پنجاب شعیب جدون نے ڈیپارٹمنٹ کے آپریشنل امور بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبہ بھر میں قائم دفاتر اور استعداد کار بارے آگاہ کیا گیا۔ سیکرٹری فوڈ نے ڈیپارٹمنٹل افسران کی پروموشن کے ورکنگ پیپر بنانے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

## عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کی تحقیقات 11 اکتوبر تک مکمل کرنے کی ہدایت

### ایکس اور فیس بک کی لیگل حیثیت پر دلائل طلب، عدالتی حکومت پر ڈی جی ایف آئی اے عدالت میں پیش ہوئے

### آپ کیا پڑھ کر میرے اوپر پھونک رہے ہیں؟، روسٹرم سے سائیڈ پر ہو جائیں' چیف جسٹس

لاہور (این این آئی) چیف لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ایف آئی اے کو وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کی تحقیقات 11 اکتوبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ایکس اور فیس بک کی لیگل حیثیت پر دلائل طلب کر لیے۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے وفاقی حکومت کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ کیا پڑھ کر میرے اوپر پھونک رہے ہیں؟، روسٹرم سے سائیڈ پر ہو جائیں۔ عدالتی حکم پر ڈی جی ایف آئی اے پیش

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

Specialized Healthcare & Medical Education Department

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے 16 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## راولپنڈی؛ ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث خاتون سمیت 3 رکنی دانی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران فائرنگ کر کے معصوم بچی کو زخمی کرنے اور فوڈ ڈیلیوری بوائز کو لوٹنے کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گروہ کو گرفتار کر لیا، ملزمان میں دو سگے بھائی اور ایک کی اہلیہ بھی شامل ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث سحرش نامی خاتون سمیت 3 رکنی دانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

## جعلی دودھ تیار کر کے لاہور سپلائی کرنے والا یونٹ پکڑا گیا، 1 ہزار لیٹر تیار جعلی دودھ تلف

### یونٹ سے برآمد شدہ سپلائر گاڑی، 20 بیگ پاؤڈر، 17 کین اور 2 ڈرم ضبط

### تیار جعلی دودھ کو لاہور کی مختلف سوسائٹیز اور ملک شاپس پر سپلائی کیا جاتا تھا

لاہور (این این آئی) رات کے پچھلے پہر جعلی دودھ تیار کر کے لاہور سپلائی کرنے والا یونٹ پکڑا گیا، 1 ہزار لیٹر تیار جعلی دودھ تلف، یونٹ سے برآمد شدہ LES-1071 نمبری سپلائر گاڑی، 20 بیگ پاؤڈر، 17 کین اور 2 ڈرم ضبط کر کے مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے حسین خان روڈ پر کریک ڈاؤن کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ پاؤڈر اور ممنوعہ کیمیکلز کی ملاوٹ سے تیار دودھ تلف کر کے تمام مال ضبط کر لیا گیا، پانی میں پاؤڈر، کیمیکلز اور کھلے گھی کی ملاوٹ سے دودھ نما سفید گاڑھا محلول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

## صوبائی ورکنگ پارٹی اجلاس میں روڈز سیکٹر کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 3 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024-25 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے تیتسویں اجلاس میں روڈز سیکٹر کی 3 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 3 ارب 47 کروڑ 7 لاکھ 21 ہزار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

جینے دو عوام کو
ملک گیر

صوابی، بجلی بلوں میں ٹیکسز کے خلاف ریلی نکالی جا رہی ہے

## عوامی خدمت کے محکمے دفاتر میں فرنٹ ڈیسک قائم کریں' بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین

### گرانفروشی میں ملوث ہول سیلرز کیخلاف بھی کارروائی کرنا ہوگی، چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ کا ڈپٹی کمشنر آفس لاہور کا دورہ

لاہور (خبر نگار) چیئرپرسن سی ایم ڈائریکٹوریٹ کمپلینٹ سیل، کرائم سرویلنس یونٹ، انسپکشن ٹیم اور سپیشل مانیٹرنگ یونٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کو ڈپٹی کمشنر لاہور نے دورہ کے موقع پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیئرپرسن سی ایم ڈائریکٹوریٹ نے کہا کہ صحت، تعلیم، ریونیو اور دیگر عوامی خدمت سے وابستہ تمام محکمے اپنے دفاتر میں فرنٹ ڈیسک قائم کریں، عوامی شکایات کا فوری ازالہ کریں اور کارکردگی کو جانچنے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر باقاعدگی سے مانیٹرنگ بھی ہوگی اور رپورٹ بھی بنے گی، کوتاہی کی صورت میں سخت کارروائی ہوگی۔ یہ بات انہوں نے ڈپٹی کمشنر لاہور کے دورہ کے موقع پر کی اس موقع پر بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کو وزیر اعلیٰ پنجاب کے خصوصی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لاہور اور مختلف محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ پنجاب میں تمام محکموں کیلئے ایسا سازگار ماحول موجود ہے جس میں وہ میرٹ پر کام کرتے ہوئے اپنی کارکردگی میں بہتری لا سکتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

## وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب عاشق حسین کرمانی سے پاکستان کسان اتحاد کے وفد کی ملاقات

### اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی بھی شرکت، وفد نے صوبائی وزیر کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسانوں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کے لیے ترجیحاً اقدامات کر رہی ہیں۔ زراعت کے شعبے میں زبوں حالی ماضی کی حکومتوں کی ناکام پالیسیوں کی بدولت ہوئی۔ حکومت نے زراعت کے ترقیاتی بجٹ کے لیے 64 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی جو کہ گزشتہ مالی سال سے 250 فیصد زیادہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے لاہور میں پاکستان کسان اتحاد کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی شریک تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ موجودہ حکومت نے گزشتہ چھ ماہ کے قلیل عرصے میں زراعت کی ترقی کے لیے جو بے مثال اقدامات اور میگا پراجیکٹس شروع کیے ہیں اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت بلاسود زرعی قرضہ فراہم کرنے کے لیے کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر سکیم، بجلی اور ڈیزل کے مہنگے اخراجات سے نجات کے لیے سولرائزیشن آف ٹیوب ویلز کے میگا پروجیکٹس شروع کیے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق زراعت میں ترقی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

لاہور، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی احمد خان بھچر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## کمرشل بینکوں کی سروسز کے نام پر صارفین سے اربوں روپے کی لوٹ مار

### وفاقی وزرات خزانہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے چپ سادھ لی

کراچی (این این آئی) پاکستان کے کمرشل بینکنگ سیکٹر کی جانب سے سروسز کے نام پر کھاتہ داروں سے سالانہ اربوں روپے وصول کرنے پر وفاقی وزرات خزانہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے چپ سادھ لی۔ کچھ بینک کھاتہ داروں کو اے ٹی ایم کے لئے مجبور کرتے ہیں جس کی فیس وہ 2000 سے 20000 تک وصول کر رہے ہیں۔ صارفین نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سروسز کے نام پر کی جانے والی اس لوٹ مار کا نوٹس لیا جائے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

پشاور، مشیر صحت احتشام علی لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں

## حسن نصر اللہ کو مارنے کے لیے امریکی بم استعمال کیا گیا، امریکی سینیٹر

### اسرائیل نے 2000 پاؤنڈ وزنی مارک 84 بم استعمال کیا، مارک کیلی کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) ایک امریکی سینیٹر نے کہا ہے کہ اسرائیل نے بیروت میں حزب اللہ کے رہنما حسن نصر اللہ کو مارنے کے لیے جو بم استعمال کیا وہ امریکی ساختہ گائیڈڈ بم تھا۔ سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی کی فضائی امور کی ذیلی کمیٹی کے چیئرمین مارک کیلی نے امریکی ٹی وی کو انٹرویو کے دوران کہا کہ اسرائیل نے مارک 84 بم استعمال کیا جس کا وزن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

## اسرائیلی بمباری سے پہلے اور بعد کے فلسطینیوں کی حالت سامنے آگئی

### صیہونی فوج نے اسپتالوں اور اسکولوں میں بھی بڑے پیمانے پر بمباری کی، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) مقبوضہ فلسطین کے علاقے غزہ پٹی میں غاصب اسرائیلی فوج کے مظالم جاری ہیں۔ صیہونی فوج نے 7 اکتوبر 2023 کے بعد سے اب تک ہزاروں فلسطینیوں کو شہید کرنے کے ساتھ ساتھ متعدد رہائشی عمارتیں بھی تباہ کر دی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کی بمباری نے غزہ کے متعدد علاقوں کو تباہ کر دیا جبکہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

## جناح ہسپتال، ینگ ڈاکٹرز کا جمعرات سے او پی ڈیز، وارڈز اور آپریشن کے بائیکاٹ کا اعلان

کراچی (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز کے دونوں دھڑوں نے صوبائی حکومت کو جناح اسپتال کے پوسٹ گریجویٹس اور ہاؤس آفیسرز کی تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے بدھ تک کا الٹی میٹم دے دیا جس کے سبب اسپتال میں طبی سہولیات جزوی طور پر معطل ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ تفصیلات کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

## شام، امریکی حملے میں داعش کے مبینہ 37 ارکان ہلاک

دمشق (این این آئی) شام کے دارالحکومت دمشق کے مضافات میں امریکہ نے اتوار کے روز بمباری کر کے 37 افراد کو ہلاک کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی فورسز کا کہنا تھا کہ ان ہلاک کیے گئے افراد کا تعلق انتہا پسند گروپ داعش کے ساتھ تھا۔ واضح رہے کہ شام میں امریکی فوجی اڈے پر 900 کی تعداد میں امریکی فوجی موجود ہیں۔ جن کا دعویٰ ہے کہ داعش کے خاتمے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

## لبنان، 20 لاکھ سے زیادہ افراد بے گھر، ورلڈ فوڈ پروگرام کا ہنگامی آپریشن شروع

بیروت (این این آئی) ورلڈ فوڈ پروگرام نے لبنان میں حالیہ کشیدگی سے متاثرہ 10 لاکھ افراد کو خوراک کی امداد فراہم کرنے کے لیے ہنگامی آپریشن شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پروگرام نے تصدیق کی کہ وہ کھانے کے لیے تیار راشن، روٹی، گرم کھانا اور خوراک کے پارسل پورے ملک میں پناہ گاہوں میں خاندانوں میں تقسیم کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہفتے کے آخر میں تنازع میں تیزی نے فوری طور پر انسانی بنیادوں پر ردعمل کی ضرورت پر زور دیا۔

## کراچی، سڑک کنارے الماری سے لاش ملنے کا کیس، 4 ملزمان گرفتار

### دوستوں میں جھگڑا ہوا تو رب نواز نے مقتول حسن کے سر پر لوہے کی چیز ماردی پھر پھندا لگا دیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں چند روز قبل سڑک کنارے رکھی الماری سے لاش ملنے کے کیس کے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم عمیر نے بتایا کہ دوستوں میں جھگڑا ہوا تو رب نواز نے مقتول حسن کے سر پر لوہے کی چیز مار دی، پھر ہاتھ پاؤں باندھ کر پھندا لگایا اور لاش الماری میں رکھ دی۔ ملزم عمیر کے مطابق اگلے روز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

## کراچی میں مختلف حادثات میں بچے سمیت 7 افراد جان کی بازی ہار گئے

### واقعات میں 13 افراد زخمی بھی ہوئے، جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں مختلف حادثات اور واقعات کے نتیجے میں بچے سمیت 7 افراد جاں بحق جبکہ 13 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ٹریفک حادثات کے نتیجے میں ایک ہی روز میں 7 افراد جاں بحق ہو گئے جبکہ مختلف حادثات میں 13 افراد زخمی ہو گئے، زخمی افراد طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیے گئے۔ کراچی کے ساحل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

## اسرائیلی بمباری سے سیدون شہر کے نزدیک 24 لبنانی جاں بحق

### تازہ حملے میں اسرائیلی فوج نے بمباری کر کے لبنان کے اندر شہریوں کو مارا، وزارت صحت

سیدون (این این آئی) اسرائیلی فوج نے لبنان میں بمباری کر کے 24 افراد کو ہلاک کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس امر کی اطلاع لبنانی حکام نے دی ہے۔ حکام کے مطابق بمباری سے ہلاکتوں کا یہ واقعہ جنوبی لبنان کے شہر سیدون میں پیش آیا۔ خیال رہے یہ پیر کا واقعہ ہے جو اسرائیلی فوج نے بمباری کر کے لبنان کے اندر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

## ڈاکٹر ذاکر نائیک کا دورہ پاکستان خوش آئند ثابت ہوگا، شیخ نعیم طاہر

### معروف مبلغ اور سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک اسلام آباد، کراچی اور لاہور کے اجتماعات سے خطاب کریں گے

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ ن علماء مشائخ ونگ سرگودھا کے ڈویژنل سیکریٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے معروف مبلغ واسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کو پاکستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے ان کے دورہ پاکستان کو خوش آئند قرار دیا۔ مسلم لیگ ن علماء مشائخ ونگ سرگودھا ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے معروف مبلغ وسکالر ڈاکٹر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

## اسرائیل کے یمن میں حوثیوں پر براہ راست حملے، چار افراد جاں بحق

### حملے کے بعد توانائی انفراسٹرکچر میں خرابی پیدا ہوگئی، شہریوں کی بجلی کے تعطل کی شکایت

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے یمنی حوثیوں کے خلاف فضائی حملے کیے۔ غزہ میں تقریباً ایک سال سے جاری جنگ کے بعد جنگ کا اگلا سال شروع ہونے سے پہلے اسرائیلی فوج نے پہلے لبنان کو جنگ کی لپیٹ میں لیا اور اب یمن کو بھی اپنی جنگی لپیٹ میں لینا شروع کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کی طرف سے کہا گیا ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

## حسن نصر اللہ کے ٹھکانے کا پتا ایک ایرانی جاسوس نے بتایا تھا، فرانسیسی اخبار

پیرس (این ای نائی) فرانسیسی اخبار نے لبنانی سکیورٹی ذرائع کے حوالے سے خبر دی ہے کہ اسرائیل نے ایک ایرانی ایجنٹ کے ذریعے حساس معلومات حاصل کی تھیں، جن میں حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل حسن نصر اللہ کی بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے میں گزشتہ جمعہ کو قتل سے قبل موجودگی کی نشاندہی ہوتی ہے۔ اس معلومات کے مطابق اسرائیل نے اس علاقے پر فضائی حملہ کیا، جس کے نتیجے میں حسن نصر اللہ مارا گیا۔

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداد اللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

## جیکب آباد میں پولیس اہلکاروں کا ٹرکوں سے رشوت وصولی کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں پولیس اہلکاروں کا ٹرکوں سے رشوت وصولی کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل، ڈی آئی جی کے نوٹس کے بعد ملوث تینوں اہلکار معطل، کوارٹر گھاٹ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے اے سیکشن تھانہ کے پولیس اہلکاروں کی جانب سے قومی شاہراہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

## جیکب آباد، پولیو ورکر سے زیادتی کا معاملہ، متاثرہ خاتون کے شوہر سمیت 3 ملزمان عدالت میں پیش

جیکب آباد (این این آئی) پولیو ورکر سے زیادتی کا معاملہ، متاثرہ خاتون کے شوہر سمیت 3 ملزمان عدالت میں پیش، تفتیش مکمل نہ ہونے پر مزید 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں زیادتی کا شکار پولیو ورکر کو دھمکیاں دینے کے الزام میں گرفتار متاثرہ پولیو ورکر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

## حسن نصر اللہ کے ساتھ ہیڈکوارٹرز میں 20 سے زائد اہم لوگ ہلاک ہوئے، اسرائیل

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ جنوبی بیروت کے مضافاتی علاقے میں حزب اللہ کے ہیڈکوارٹرز میں حزب اللہ سربراہ حسن نصر اللہ کے ساتھ بیس سے زائد مزید افراد بھی ہلاک کیے گئے جو مبینہ طور پر حزب اللہ کے اہم ارکان تھے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے بیان میں کہا گیا کہ یہ سب افراد مختلف رینکس کے حامل ذمہ داران تھے۔ جو بمباری کے وقت ہیڈکوارٹرز کے تہہ خانے میں موجود تھے۔

## سرائیکی پروفیشنلز فورم کی سانحہ پنجگور کی شدید الفاظ میں مذمت

### دہشت گردی کے واقعات کی تحقیقات کیلئے جے آئی ٹی تشکیل دی جائے، ڈاکٹر عبدالجبار خان

کراچی (این این آئی) سرائیکی پروفیشنلز فورم نے سانحہ پنجگور کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہ بے گناہ اور نہتے سرائیکی مزدوروں ٹارگٹ کلنگ کھلی دہشت گردی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سرائیکی پروفیشنلز فورم کے سرپرست ڈاکٹر عبدالجبار خان اور دیگر نے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ ڈیرہ برس میں دہشت گردی کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے جس میں معصوم اور نہتے سرائیکی مزدوروں کو ٹارگٹ کر کے مار جا رہا ہے۔

لاہور، نابینا افراد کے مال روڈ پر احتجاج کے باعث راستہ بند ہونے کی وجہ سے شہری پریشان کھڑے ہیں

## نصر اللہ کے قتل کے بعد لبنانی فوج کی شہریوں سے ''اتحاد'' کی اپیل

### ملک کو درپیش اس نازک مرحلے پر حزب اللہ کی مخالف جماعتیں بھی قومی اتحاد کی حامی

بیروت (این این آئی) لبنان کی فوج نے لبنانیوں کو ایسے اقدامات کے خلاف خبردار کیا ہے جو اسرائیل کے ہاتھوں حزب اللہ کے رہنما حسن نصر اللہ کی ہلاکت کے بعد بحران زدہ ملک میں امن عامہ کو خراب کرنے کا سبب بنیں۔ میڈیا رپورٹس کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

## سعودی عرب کی سوڈان میں پانی کے شعبے میں تین ملین ڈالر کی امداد

### اعلان نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر کیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے سوڈان میں صاف پانی کی فراہمی کے لیے تین ملین ڈالر کے امدادی منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق شاہ سلمان انسانی ریلیف سینٹر نے جمہوریہ سوڈان کی ریاستوں کسالا اور قضارف میں پانی اور صفائی ستھرائی کے شعبے میں معاونت کے لیے اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے ساتھ ایک مشترکہ تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ معاہدیکا اعلان نیویارک میں اقوام متحدہ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

## صد شکیان سمجھتے ایران کو وسیع جنگ کی طرف نہیں کھینچنا چاہیے، امریکی اخبار

### حسن نصر اللہ کے قتل کے بعد خامنہ ای کے بلائے ہنگامی اجلاس میں ردعمل دینے سے متعلق اختلاف سامنے آیا، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) امریکی اخبار نے ایرانی قیادت میں اس حوالے سے اختلافات کی نشاندہی کی ہے کہ اسرائیلی حملے میں حزب اللہ کے رہنما حسن نصر اللہ کے قتل کا جواب کیسے دیا جائے؟ امریکی اخبار کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

لاہور، ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے کا پاپولیشن پالیسی کے اجلاس میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

## سعودی عرب قابل تجدید توانائی میں ترقی کے انقلاب کا سامنا کر رہا ہے، امریکی مصنف

### سعودی عرب میں قابل تجدید توانائی، بڑھتا ہوا اختراعی عمل اور سولر پینلز کا پھیلاؤ دیکھا جا رہا ہے، آئزاکسن

ریاض (این این آئی) مشہور امریکی مصنف والٹر آئزاکسن نے سعودی عرب میں صنعت کاری کی رفتار میں اضافے کی تعریف کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے خاص طور پر توانائی اور ترقی کے شعبوں میں ترقی کے انقلاب کی طرف اشارہ کیا جو سعودی عرب ان شعبوں میں دیکھ رہا ہے۔ قابل تجدید توانائی، بڑھتا ہوا اختراعی عمل اور سولر پینلز کا پھیلاؤ؟ دیکھا جا رہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر سے قومی کمیشن برائے حقوق اطفال کا وفد ملاقات کر رہا ہے